- اِسْتَكَانَ (کون۔ کین)
- اَسْرِ (سری)
- اَسَلْنَا (سیل)
- اِسْم (سمو)
- اَشَارَت (شور)
- اَصْبُ (صبو)
- اَصَبْنٰهُمْ (صوب)
- اِصْطَادُوْا (صید)
- اِصْطَبِرْ (صبر)
- اِصْطَفٰی (صفو)
- اِصْطَنَعَ (صنع)
- اِضْطُرَّ (ضرر)
- اَطَعْتُمْ (طوع)
- اَعْتَدْنَا (عتد)
- اَعْتَدَيْنَا (عدو)
- اُعْتَرٰكَ (عرك)
- افاق (افق۔ فوق)
- اِفْتِرَاء (فری)
- اَفَضْتُمْ (فیض)
- اِقْتَدِهْ (قدو)
- اٰكُ (کون)
- اَكْتَالُوْا (کیل)
- اُل (اوّل)
- اَلَآء (الی)
- اَلِدُ (ولد)
- اَلْفَيَا (لفو)
- اَلْقَتْ (لقی)
- الله۔ اَللّٰهُمَّ (اله)
- اَلَنَّا (لین)
- اَمَةٌ (اماء) (امو)
- اُمَّةٌ (امّ)
- اِمْتَازُوْا (میز)
- اِمْرَاَةٌ (مرء)
- اَمْعَآء (معی)
- اٰنِ (انی)
- اِنٰهُ (اٰنِيَة) (انی)
- اَنْهَارٌ (هور)
- اُوْفِ (وفی)
- اُولَآءِ۔ هٰٓؤُلَآءِ (اول)
- اِئْتَمَرَ (امر)
- اُؤْتُمِنَ (امن)
- اَيَامٰی (ایم)
- اٰيَةٌ (ایّ)
- اِيْلَآء (الی)

ب

- بَابٌ (بوب)
- بَادٌ (بدو)
- بَالَ (بول)
- بَدَتْ (بدو)
- بُرْهَانٌ (برهن)
- بَرِيَّةٌ (برء)
- بَنِيْ۔ بِنْتٌ (بنو)

ت

- تَارَةً (تور)
- تَأْسَوْا (اسی)
- تَبْتَئِسْ (یئس)
- تَتْرَا (وتر)
- تَتَجَافٰی (جفو)
- تَثِيْرُ (ثور)
- تَجَلّٰی (جلو)
- تَحَرَّوْا (حری)
- تُحْصُوْهَا (حصی)

تَدَّخِرُوْنَ (ذخر)
تُدِيْرُوْنَهَا (دور)
تَطْمَئِنَّ (طمن)
تَعَاطٰى (عطو)
تَعَالَوْا (علو)
تَعْدُوْا (عدو)
تَعِيَهَا (وعی)
تُغْنِ (غنی)
تُفٰدُوْهُمْ (فدی)
تُقٰتِه (وقی)
تَقْفُ (قفو)
تَلَاقِ (لقی)
تَلْوٗا (لوی)
تِلْقَآءَ (لقی)
تَلَهّٰى (لهو)
تَمْتَرُنَّ (مری)
تَمَطّٰى (مطو)
تَنَادِ (ندّ)
تَنِيَا (ونی)
تَوَارَتْ (وری)
تُوْرُوْنَ (وری)
تُؤَدُّوْا (ادی)

ج

جَآءَ (جئ)
جَازٍ (جزی)
جِثِيًّا (جثو)
جُزْءًا (جزو)
جُفَآءً (جفأ)
جَلَآءَ (جلو)
جَوَابِ (جابیہ کی جمع) جبو
جَوَابَ (جوب)
جَوَارٌ (ٹیڑھا چلنا) (جور)
جَوَارُ (جری)

ح

حَاجَتْ (حوج)
حَاشَا (حوش)
حَالَ (حیل۔ حول)
حُلُوًّا (حلی)
حِيْلَةً (حول)
حَيَّةٌ (حوی۔ حیّ)

خ

خَالَاتُ (خول)
خَآئِبِيْنَ (خیب)
خَبَتْ (خبو)
خِيَانَةٌ (خون)

د

دَانٍ (دنو)
دُرِّيٌّ (دُرّ)
دَعْ (ودع)
دَلّٰى (دلو)
دَمٌ (دماء) (دمو)
دِيَةٌ (ودی)

ذ

ذَاتٌ (ذوو)
(ذَرْنِيْ) (وذر)
ذُرِّيَّةٌ (ذرّ)

ز

زُرْتُمْ (زور)
زَكٰوةٌ (زکو)
زِنُوْا (وزن)

س

سَاعَةٌ (سوع)
سُدًى (سدو)
سَعَةٌ (وسع)
سُقْنَاهُ (سوق)
سَلَاسِلُ (سلّ)
سَلَقُوْكُمْ (سلق)
سَمَآءٌ (سمو)
سَمَّيْتُمُوْهَا (سمو)
سَنَةٌ (سال) (سنو)
سِنَةٌ (اونگھ) (وسن)
سَوَآءٌ (سوی)
سَيِّدٌ (سادتنا) (سود)
سِيْمَاهُمْ (سوم)

ش

شَآءَ (شئ)
شَاطِئُ (شطأ)
شَتّٰى (شتّ)
شِفَا۔ شَفَا (شفی)
شِقْوَتُنَا (شقی۔ شقو)
شَنَاٰنُ۔ شَانِئُ (شَنَأَ)
شِيَةٌ (وشی)

ص

صَالُوا النَّارِ (صلی)

صُرۡهُنَّ (صور)

صَلِّ (صلو)

ط

طَاغُوۡنَ (طغی)

طِبۡنَ (طوب)

طَیٌّ (طوی)

ظ

ظَمۡاٰنَ ظَمَأٌ

ع

عَادُوۡنَ (عدو)

عَادِّیۡنَ (عدو)

عَرَآءِ (عری)

عِزِیۡنَ (عزو)

عِضِیۡنَ (عضو)

عَطَآؤُنَا (عطو)

عَنَتِ (عنو)

غ

غِطَآءَكَ (غطو)

غَوَاشٍ (غشو۔غشی)

ف

فِئَةٌ (فأی)

فِتۡیَانِ (فتو)

فِدَآءً (فدی)

فِدۡیَةٌ (فدی)

فَدِیَةٌ (ودی)

فُؤَادٌ (فأد)

ق

قِ (وقی)

قَالِیۡنَ (قلی)

قَآئِلٌ (کہنا) (قول)

قَآئِلٌ (دوپہر کو سونا) (قیل)

قَفَّیۡنَا (قفو)

قَیِّمَةٌ (قوم)

ك

كَادَ نزدیک ہونا (کود)

كَادَ تدبیر کرنا (کید)

کُنَّا (کون)

ل

لَاتٌ (لوی)

لَاغِیَه (لغو)

لُمۡتُنَّنِی (لوم)

لِنۡتَ (لین)

لَیًّا (لوی)

م

مَآءٌ موه میه

مَآبٌ (اوب)

مَاعُوۡنَ (معن)

مَالٌ (مول)

مَاوٰهُمۡ (اوی)

مُتَحَیِّزًا (حوز)

مُتَّقِیۡنَ (وقی)

مُحِیۡطَةٌ (حوط)

مُخۡتَالٌ (خیل)

مَرِیۡئًا (مرء)

مُزۡجٰةٌ (زجو)

مُسۡتَاۡنِسِیۡنَ (انس)

مُسۡتَطَرٌ (سطر)

مُسۡتَطِیۡرٌ (طیر)

مُسَمًّی (سنو)

مِشۡکٰوةٌ (شکو)

مُصَیۡطِرٌ (سیطر)

مُصِیۡبَةٌ (صوب)

مُضۡطَرٌّ (ضرر)

مَعِیۡنٌ (معن۔عین)

مَفَازَةٌ (فوز)

مُقۡوِیۡنَ (قوّ۔قوّت)

مُقِیۡتٌ (قوت)

مَكَانٌ (مکن۔کون)

مَلٰٓئِکَةٌ (لأك)

مَنَاصٍ نوص

مِنۡسَاَتَه (نسأ)

مُنۡفَکِّیۡنَ (فكّ)

مَنُوۡنَ (منی)

مَوۡئِلًا (وال)

مَهِیۡنٌ (مهن)

مُهِیۡنٌ (هون)

مُهَیۡمِنَ (همن)

مِیۡعَادٌ (عود۔وعد)

ن

نَا (نأی)

نَادَوۡا (ندو)

نَاصِیَةٌ (نصو)

نَجۡزِی (جوز)

نُجِبۡ (جوب)

نَذَرُ	(وذر)
نَذَرْتُمْ	(نذر)
نُذِقْهُ	(ذوق)
نُرَبِّكَ	(ربو)
نُرِيْدُ	(رود)
نِسَآءُ	(نسو)
نَسِمُهٗ	(وسم)
نَسِيَ	(نسأ)
نَكْتَلْ	(کیل)
و	
وَادٍ	(ودی)
وَرَآءَ	(ورء)
ہ	
هَاؤُمُ	(ھوء)
هَبْ	(وھب)
هَبَا	(ھبو)
هُدْنَا	(ھود)
هَيِّئَتْ	(ھیأ)
ی	
يَأْتِ	(اتی)
يَأْتَلِ	(الی)
يَأْنِ	(انی)
يَبْصُطُ	(بسط)
يَتِرَكُمْ	(وتر)
يَتَسَنَّهْ	(سنہ)
يَخْشَ	(خشی)
يَخْلُ	(خلو)
يد	(یدی)
يُدْنِيْنَ	(دنو)
يردُوْكم	(ردی)
يرتابوا	(ریب)
يَسْتَثْنُوْنَ	(ثنی)
يَسْتَغِيْثُوْنَ	(غوث۔ غیث)
يَسْطُوْنَ	(سطو)
يَسْرِ	(سری)
يَسِيْغُهٗ	(سوغ)
يَشْفِ	(شفی)
يَصْلَوْنَ	(صلی)
يَصِلُوْنَ	(وصل)
يَضْعَنَ	(وضع)
يَغْتَبْ	(غیب)
يَلِتْكُمْ	(الت)
يَمْتَرُوْنَ	(مری)
يَنْئَوْنَ	(نأی)
يُنْفَوْا	(نفی)
يُؤْتَ	(اتی)
يُؤَدِّهٖ	(ادی)
يُوَفَّ	(وفی)
يُهَيِّئْ	(ھیأ)

عمل کرنے کیلئے علم سیکھو

اے نُورِ نظر!

نیک اعمال سے محروم اور باطنی کمالات سے خالی نہ رہنا۔(ظاہرو باطن کو اَخلاقِ حَسَنہ سے مُزیّن و آراستہ کرنا) اور اس بات کو یقینی جان کہ (عمل کے بغیر) صرف علم ہی بروزِ حشر تیرے کام نہ آئے گا۔جیسا کہ ایک شخص جنگل میں ہو اور اس کے پاس دس تیز اور عمدہ تلواریں اور دیگر ہتھیار رہوں، ساتھ ہی ساتھ وہ بہادر بھی ہو اور اسے جنگ کرنے کا طریقہ بھی آتا ہو، ایسے میں اچانک ایک مُہیب اور خوفناک شیر اس پر حملہ کردے! تو تیرا کیا خیال ہے؟ کہ استعمال کے بغیر صرف ان ہتھیار کی موجودگی اُسے اِس مصیبت سے بچاسکتی ہے؟ یقینا تُو اچھی طرح جانتا ہے کہ ان ہتھیاروں کو استعمال میں لائے بغیر اس حملے سے نہیں بچا جاسکتا۔لہٰذا اس بات کو اپنے گرہ سے باندھ لو! کہ اگر کسی شخص کو ہزاروں علمی مسائل پر عُبور حاصل ہو اور وہ اس کی تعلیم بھی دیتا ہو، لیکن اس کا اپنے علم پر عمل نہ ہو، تو اسے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔اس بات کو یوں بھی سمجھا جاسکتا ہے، کہ اگر کوئی شخص بیمار ہو ، اسے گرمی اور صفرہ کی شکایت ہو۔اور یہ بات اس کے علم میں ہو کہ اس کا علاج سکنجبین اور کشکاب کا استعمال کرنے میں ہے۔تو انہیں استعمال کئے بغیر (صرف ان کی موجودگی سے) اس کا مرض کس طرح ختم ہوسکتا ہے؟

(بیٹے کو نصیحت، ترجمہ: ایھا الولد، حجۃ الاسلام ابوحامد امام محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ، ص ۱۳۔۱۴، مکتبۃ المدینہ کراچی)

سبق یاد کرنے کا بہتر طریقہ

سبق کو زبانی یاد کرنے کے لئے ان اوقات کا انتخاب کریں جب آپ تازہ دم ہو کر سبق یاد کر سکیں۔اور ہو سکے تو ایسے مقام کا انتخاب کریں جہاں آپ تنہا بیٹھ کر یکسوئی سے سبق یاد کر سکیں اور اگر ایسی تنہائی میسر نہ ہو اور دیگر طلبہ کے درمیان بیٹھ کر ہی سبق یاد کرنا پڑے تو کچھ ایسا کریں کہ آپ کو کچھ نہ کچھ یکسوئی حاصل ہو جائے مثلاً نگاہوں کو جھکائے رکھیں (یعنی آنکھوں کا قفلِ مدینہ لگالیں) اور چادر کو سر سے اوڑھ کر ہلکا سا آنکھوں کی جانب سرکالیں۔

اب سبق یاد کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پھر حمدِ باری تعالیٰ کی نیت سے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پڑھ لیجئے۔اس کے بعد دل ہی میں سہی اللہ تعالیٰ سے سبق کو یاد کرنے میں کامیابی کی دعا کر لیجئے۔

اب سبق کو پوری توجہ سے اول تا آخر پڑھ لیں اور اس کے مفہوم کو بھی سمجھ لیجئے۔اگر عربی کتاب سے یاد کر رہے ہوں تو پہلے عبارت پڑھ کر ترجمہ کریں پھر اس کے مفہوم کو بھی سمجھ لیجئے۔اب اگر سبق طویل ہو تو اسے دو یا تین حصوں میں تقسیم کر لیجئے اور ہر حصے کے اہم الفاظ کو نشان زد کر لیں۔پھر پہلے حصے کو چند مرتبہ (مثلاً ۴ یا ۵ مرتبہ) درمیانی آواز کے ساتھ اس طرح پڑھیں کہ آپ کے قریب بیٹھنے والے تشویش میں مبتلاء نہ ہوں۔آواز کے ساتھ پڑھنے کا فائدہ یہ ہوگا کہ یاد کرنے میں ہمارے تین حواس یعنی آنکھ، زبان اور کان استعمال ہوں گے اور جو بات تین حواس کے ذریعے دماغ تک پہنچے گی ان شاءاللہ تعالیٰ جلد یاد ہوگی۔

اس کے بعد سبق کے مذکورہ حصے پر ہاتھ یا کوئی کاغذ وغیرہ رکھ کر نگاہیں جھکا کر یا آنکھیں بند کر کے اسے زبانی دہرانے کی کوشش کریں، نگاہیں جھکانے یا آنکھیں بند کرنے کا فائدہ یہ ہوگا کہ سبق کے الفاظ کا نقشہ ہمارے ذہن میں بیٹھ جائے گا کہ پہلی سطر میں کون سے الفاظ تھے اور دوسری میں کون سے؟ علیٰ ھذا القیاس۔اس دوران اگر کوئی لفظ بھول جائے تو ہاتھ اٹھا کر صرف اسی لفظ کو دیکھ کر دوبارہ ہاتھ رکھ دیجئے۔اپنی اس مشق کو اس وقت تک جاری رکھیں جب تک آپ بغیر دیکھے اس حصے یا پیراگراف کو دہرانے میں کامیاب نہ ہو جائیں۔ پہلے حصے کو یاد کرنے کے بعد دوسرے حصے کی طرف بڑھ جائیں پھر اسے بھی اسی طرح یاد کریں پھر تیسرے حصے کو یاد کریں۔جب سبق کے تمام حصوں کو الگ الگ یاد کر چکیں تو مکمل سبق کو اتنی مرتبہ زبانی دہرائیں کہ زبان میں روانی آجائے۔زبانی یاد کر چکنے کے بعد اگر وقت میں وسعت ہو تو اس سبق کو لکھ کر بھی دہرالیں۔اس کے بعد اسے ضرور بالضرور کسی ساتھی طالب العلم سے تکرار کر کے پختہ کر لیں۔

(کامیاب طالب علم کون؟ ص ۳۷۔۳۸، مکتبۃ المدینہ کراچی)

اس نصیحت کو یاد رکھو

حِفْظُ حَرْفَيْنِ خَيْرٌ مِّنْ سَمَاعِ وِقْرَيْنِ، وَفَهْمُ حَرْفَيْنِ خَيْرٌ مِّنْ حِفْظِ وِقْرَيْنِ۔

دو ذخیرے کتابوں کے سن لینے سے بہتر دو حرف یاد کر لینا ہے اور دو ذخیرے کتابوں کے یاد کر لینے سے بہتر دو حرف کا سمجھ لینا ہے۔

کہا جاتا ہے: مَنْ حَفِظَ فَرَّ وَمَنْ كَتَبَ شَيْئًا قَرَّ

جس نے صرف یاد کرنے پر انحصار کیا تو عنقریب وہ شے ذہن سے نکل جائے گی اور جو بھی شخص لکھ لیتا ہے تو اب وہ چیز قرار پکڑ لیتی ہے۔

مَنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُ دَفْتَرٌ فِيْ كُمِّهٖ لَمْ تَثْبُتِ الْحِكْمَةُ فِيْ قَلْبِهٖ

جس کی بغل میں ہر وقت کتاب نہ ہو، اس کے قلب میں حکمت و دانائی راسخ نہیں ہوسکتی۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے: کہ فاسق کے ساتھ قطع (تعلق) کرنا اللہ رب العزت کا قرب حاصل کرنا ہے۔

"مصارمة الفاسق قربة الى الله" (تنبیہ المغترین، الباب الاوّل، غیر تہم لانتہاک الحرمات، ص ۴۶)

مختصر عربی گرامر

سنت رسول اللہ ﷺ سے رُوگردانی مت کرو

عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ الْكِنْدِيِّ : أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ حَرَّمَ أَشْيَاءَ يَوْمَ خَيْبَرَ الْحِمَارَ وَغَيْرَهُ، ثُمَّ قَالَ لَيُوشِكُ بِالرَّجُلِ مُتَّكِئًا عَلَى أَرِيكَتِهِ يُحَدِّثُ بِحَدِيثِي فَيَقُولُ : بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللهِ مَا وَجَدْنَا فِيهِ مِنْ حَلَالٍ اسْتَحْلَلْنَاهُ، وَمَا وَجَدْنَا فِيهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ. أَلَا وَإِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُولُ اللهِ فَهُوَ مِثْلُ مَا حَرَّمَ اللهُ۔ (سنن الدارمی، باب السُّنَّةُ قَاضِيَةٌ عَلَى كِتَابِ اللهِ. ج ۲ ص ۱۴۷ - ترمذی، باب مَا نُهِيَ عَنْهُ أَنْ يُقَالَ عِنْدَ حَدِيثِ النَّبِيِّ ﷺ. ج ۱۰ ص ۱۷۲، حدیث ۲۸۷۵، شاملہ)

''حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ خیبر کے دن نبی اکرم ﷺ نے پالتو گدھوں اور دوسری چیزوں کو حرام فرما دیا۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب تم میں سے ہی ایک آدمی اپنی آراستہ و مزیّن چارپائی پر بیٹھے گا، اور جب اس کے سامنے میری حدیث پیش کی جائے گی تو کہے گا، میرے اور تمہارے درمیان صرف قرآن ہے۔ جس چیز کو ہم نے قرآن میں حلال پایا، اسے حلال سمجھیں گے اور جس کو قرآن میں حرام پایا اسے حرام سمجھیں گے، (پھر فرمایا) یقینا جس چیز کو اللہ تعالی کے رسول ﷺ نے حرام ٹھہرادیا وہ اسی طرح حرام ہے، جیسے اسے اللہ تعالی نے حرام فرمادیا ہو۔''

گال پیٹو اور نہ گریبان پھاڑو

عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ، وَشَقَّ الْجُيُوبَ، وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ۔ (صحیح البخاری،-الجنائز، باب مَا يُنْهَى مِنَ الْوَيْلِ وَدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ. ج۵ص۱۷۷)

''حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو گال پر تھپڑ مارے، گریبان پھاڑے (ماتم کرے) اور زمانہ جاہلیت کی باتیں کرے، وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ یعنی ہمارے طریقے پر نہیں ہے۔''

جنازہ نظر آئے تو کھڑے ہو جاؤ

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا، فَمَنْ تَبِعَهَا فَلَا يَقْعُدْ حَتَّى تُوضَعَ۔

(صحیح البخاری،-الجنائز، مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلَا يَقْعُدُ حَتَّى تُوضَعَ. ج۵ص۱۹۸)

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جایا کرو، اور جو جنازے کے ساتھ جائے، وہ اس وقت تک نہ بیٹھے جب تک جنازہ رکھ نہ جائے۔''

صدقہ دینے میں جلدی کرو

عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ تَصَدَّقُوا فَإِنَّهُ يَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمْشِي الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهِ، فَلَا يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا يَقُولُ الرَّجُلُ لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالْأَمْسِ لَقَبِلْتُهَا، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلَا حَاجَةَ لِي بِهَا۔

(صحیح البخاری،-الزکوہ، باب الصَّدَقَةِ قَبْلَ الرَّدِّ.. ج۵ص۳۶۸)

''حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ: صدقہ کرو، اس سے پہلے کہ تم پر وہ زمانہ آجائے کہ آدمی صدقہ دینے نکلے تو اسے قبول کرنے والا ہی نہ ملے (اس وقت صدقہ لینے کوئی نہیں آئیگا بلکہ خود جا کر دینا ہوگا، اور اس میں بھی اگر تاخیر ہوگئی تو)، آدمی کہے گا، کل آپ لے آتے تو میں قبول کر لیتا، آج تو مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں۔''

کھانے میں عیب نہ نکالو!

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَا عَابَ النَّبِيُّ ﷺ طَعَامًا قَطُّ، إِنِ اشْتَهَاهُ أَكَلَهُ، وَإِنْ كَرِهَهُ تَرَكَهُ۔

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کبھی کھانے میں عیب نہیں نکالا، اگر پسند آیا تو کھا لیا اور پسند نہیں آیا تو چھوڑ دیا۔''

(صحیح البخاری، الاطعمہ، باب مَا عَابَ النَّبِيُّ ﷺ طَعَامًا. ج۱۸ ص۱۵۵)

درس نمبر ۱

ضمائر (Pronouns)

ضمائر ضمیر کی جمع ہے۔ یہ وہ مختصر اسم (نام) ہے جسے غائب، حاضر یا متکلم کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہاں ان ضمیروں کا تذکرہ ہے جو مفعول (Objective) اور اضافی (Possessive) ضمیریں کہلاتی ہیں۔ کیونکہ یہ قرآن مجید میں کل تقریباً ۲۳۰۰ مرتبہ کسی اسم، فعل یا حرف کے ساتھ ملکر آئی ہیں، اسی لیے انہیں ضمائر متصلہ یعنی مل کر آنے والی ضمیریں کہتے ہیں۔ ان ضمیروں کو اشاروں کے ساتھ اچھی طرح یاد کرائیں۔ غائب کیلئے پیچھے پیٹھ کی جانب، حاضر کیلئے سامنے اور متکلم کیلئے اپنی طرف اشارہ کرائیں۔ مذکر کیلئے دائیں ہاتھ سے اور مؤنث کیلئے بائیں ہاتھ سے اشارے کروائیں۔

هُمْ	هُمَا	هٗ
ان سب مردوں کا/کو	ان دو مردوں کا/کو	اس ایک مرد کا، اس ایک مرد کو
كُمْ	كُمَا	كَ
تم سب مردوں کا/کو (تمہارا/تمہیں)	تم دو مردوں کا/کو	تو ایک مرد کا/کو (تیرا/تجھے)

هُنَّ	هُمَا	هَا
ان سب عورتوں کا/کو	ان دو عورتوں کا/کو	اس ایک عورت کا/کو
كُنَّ	كُمَا	كِ
تم سب عورتوں کا/کو (تمہارا/تمہیں)	تم دو عورتوں کا/کو	تو ایک عورت کا/کو (تیرا/تجھے)

نَا	نِی	ی
ہمارا، ہم کو	مجھے	میرا

یہ ضمیریں اِنَّ (بے شک) اور اسی طرح اِيَّا (صرف) کے ساتھ بھی آخر میں مل کر یا بغیر ملے استعمال ہوتی ہیں۔

مِنْ اور عَنْ جب "ی" کے ساتھ آئیں تو نون مشدد (نّ) ہو کر اس کے نیچے زیر آ جائے گا اور یا (ی) پر جزم آ جائے گا۔ مثلاً مِنِّیْ (مجھ سے)، عَنِّیْ (میرے بارے میں)۔

لام زیر (لِ) جب ان ضمیروں کے ساتھ آئے گا تو لام زبر (لَ) ہو جائے گا۔ لیکن یا (ی) کے ساتھ آئے گا تو لام زیر (لِ) ہی رہے گا۔ مثلاً لَهُ (اس کے واسطے) لِیَ، لِیْ (میرے لیے یا میرے واسطے)۔

اسم کے بعد ان ضمیروں کی مثال یہ ہے۔ قَلَمُهُ (اس کا قلم) کِتَابُكَ (تیری کتاب) کِتَابِیْ (میری کتاب) کِتَابُهَا (اس ایک عورت کی کتاب)۔ فعل کے بعد مثلاً نَصَرْتُهُ (میں نے اس کی مدد کی) اَمَرْتُكَ (میں نے تجھے حکم دیا)

تمرین

(الف) قرآن مجید سے ایسی مثالیں (قوم، ولی، اہل، لعل، لیت وغیرہ) تلاش کروائیں اور پوری گردان اشاروں سے پڑھائیں۔ مثلاً، دِیْنُهُ ، دِیْنُهُمَا ، دِیْنُهُمْ۔

(ب) عربی میں ترجمہ کریں:

(۱) میرا باپ (۲) اس کی زبان (۳) تیری (مؤنث) ناک (۴) میرا ہاتھ (۵) ان سب (مؤنث) کے دانت (سِنّ)

(ج) اردو میں ترجمہ کریں اور ضمائر کی وضاحت کریں:

(۱) اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ (۲) اِنَّا مَعَكُمْ (۳) رَزَقْنَاهُمْ (۴) عَلٰی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ (۵) اِنَّ رَبَّكُمْ خَلَقَكُمْ

یہاں فاعلی ضمائر (منفصلہ) کو بھی یاد کر لیا جائے یہ ضمیریں جملوں کے شروع میں آتی ہیں۔

قرآن مجید میں تقریباً ۳۳۶۱ مرتبہ آئی ہیں۔

فاعلی ضمائر (Personal Pronouns)

مذکر غائب	مذکر حاضر	مؤنث غائب	مؤنث حاضر
هُوَ وہ ایک مرد	اَنْتَ تو ایک مرد	هِیَ وہ ایک عورت	اَنْتِ تو ایک عورت
هُمَا وہ دو مرد	اَنْتُمَا تم دو مرد	هُمَا وہ دو عورتیں	اَنْتُمَا تم دو عورتیں
هُمْ وہ سب مرد	اَنْتُمْ تم سب مرد	هُنَّ وہ سب عورتیں	اَنْتُنَّ تم سب عورتیں

اَنَا میں ایک مرد یا عورت

نَحْنُ ہم سب مرد یا عورتیں

درس نمبر ۲

اسمائے موصولہ (The Relative Pronouns)

اس درس سے پہلے پچھلے سبق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ) کو دہرائیں۔ قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

وہ الفاظ (اسمائے معرفہ) جنکی مراد بعد میں آنے والے جملے کے ملنے سے واضح ہو اسمائے موصولہ کہلاتے ہیں۔

مذکر			مونث		
اَلَّذِیْ	اَلَّذَانِ	اَلَّذِیْنَ	اَلَّتِیْ	اَللَّتَانِ	اَلّٰتِیْ۔ اَلّٰٓائِیْ اَللَّوَائِیْ
(وہ) جو شخص	(وہ) جو دو شخص	جو سب لوگ	(وہ) جو عورت	جو دو عورتیں	جو سب عورتیں

مَا، مَنْ، اَیٌّ، اَیَّۃٌ، ذُوْ، ذَا، اور الف لام جو اسم فاعل یا اسم مفعول پر داخل ہو، یہ سب اسمائے موصولہ ہی ہیں۔

اسمائے اشارہ (Demonstrative Pronouns)

کسی چیز یا شخص کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہونے والے الفاظ کو اسماء اشارہ کہتے ہیں۔ جس کی طرف اشارہ کیا جائے اسے مشار الیہ کہتے ہیں۔

اشارہ قریب

هٰذَا	هٰذَانِ	هٰٓؤُلَآءِ	هٰذِهٖ	هٰتَانِ	هٰٓؤُلَآءِ
یہ ایک	یہ دو	یہ سب مرد	یہ ایک	یہ دو	یہ سب عورتیں

اشارہ بعید

ذٰلِكَ	ذَانِكَ	اُولٰٓئِكَ	تِلْكَ	تَانِكَ	اُولٰٓئِكَ
وہ ایک	وہ دو	وہ سب مرد	وہ ایک	وہ دو	وہ سب عورتیں

تمرین

(الف) اسمائے اشارہ قریب و بعید اشاروں کے ساتھ زبانی سنائیں۔

(ب) اردو کا عربی اور عربی کا اردو میں ترجمہ کریں۔ ۱۔ یہ کتاب ہے۔ ۲۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔

درس نمبر ۳

مبتدا اور خبر (Subject and Predicate)

اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ اور اسمائے اشارہ) کو دہرائیں۔ قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

جس کے متعلق کوئی بات کہی جاتی ہے اسے مبتدا کہتے ہیں، یہ شروع میں لایا جاتا ہے۔ خبر اس بات کو کہتے ہیں جو مبتدا (پہلے والے لفظ) سے متعلق کہی جاتی ہے۔ مثلاً محمود عالم ہے۔ یہاں محمود کو عالم بتایا گیا ہے۔ لہٰذا محمود مبتدا ہے اور عالم اس کی خبر۔ حامد صالح ہے، خالد فاتح ہے۔

یہ اور اسی قسم کے جملے عربی میں مبتدا اور خبر کہلاتے ہیں ان کی عربی بنانا ہو تو پہلے ''ہے'' کو نکال دیں، پھر دونوں لفظوں کو دو دو پیش دے دیں۔ مثلاً

''محمود عالم ہے'' اس جملہ کی عربی بنانا ہو تو کہیں گے۔

محمود عالم ہے	مَحْمُوْدٌ عَالِمٌ	حامد صالح ہے	حَامِدٌ صَالِحٌ
خالد فاتح ہے	خَالِدٌ فَاتِحٌ	محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم رسول ہیں	مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ

ان جملوں کے الفاظ عربی تھے، لیکن اگر کوئی جملہ ایسا ہو جس کے الفاظ عربی نہ ہوں تو اردو لفظ کے عربی معنی لکھ کر اوپر کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق دونوں لفظوں کو پیش دے دیں۔ مثلاً ''ناصر دوست ہے'' اس میں دوست کی عربی صَدِیْقٌ ہے۔ لہٰذا اس جملہ کی عربی بناتے وقت دوست کے بجائے صَدِیْقٌ لکھیں گے اور کہیں گے ''نَاصِرٌ صَدِیْقٌ''۔

ان جملوں میں پہلا لفظ خاص نام (اسم معرفہ Proper Noun) تھا لیکن اگر پہلا لفظ خاص نام نہ ہو بلکہ کوئی عام نام (اسم نکرہ Common Noun) ہو، تو اس کے شروع میں اَلْ (Noun with definite article) لے آئیں۔

مثلاً اوپر کی مثال میں محمود کے بجائے ''مرد عالم ہے'' ہوتا تو کہتے ''اَلرَّجُلُ عَالِمٌ''

یہاں یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ اَلْ کے بعد دو پیش کے بجائے ایک ہی پیش رہ جائے گا۔

انگریزی میں ''اَلْ'' اکثر The کی جگہ استعمال ہوتا ہے، دوسرے لفظوں میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ کسی لفظ میں خصوصیت پیدا کرنے کے لیے ''اَلْ'' لگایا جاتا ہے۔ کبھی پوری قسم مراد لینے کے لیے ''اَلْ'' لایا جاتا ہے۔ مثلاً ''اَلْاِنْسَانُ'' سے مراد ہے تمام نوعِ انسانی۔ ''اَلْحَمْدُ'' کے معنی ہر قسم کی تعریف۔ اگر مبتدا (پہلا لفظ) مؤنث ہو تو خبر (یعنی بعد والا لفظ) بھی مؤنث ہوگا۔ مثلاً ''اَلْبِنْتُ عَالِمَةٌ''۔

تمرین

(الف) اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَللّٰہُ رَبٌّ (۲) مُحَمَّدٌ نَبِیٌّ (۳) اَلْاِسْلَامُ دِیْنٌ (۴) اَلْاِنْسَانُ عَبْدٌ (بندہ، غلام) (۵) اَلسَّاعَۃُ (قیامت) اٰتِیَۃٌ (آنے والی) (۶) اَلصِّرَاطُ (راستہ) مُسْتَقِیْمٌ (سیدھا) (۷) اَلْاَخُ (بھائی) کَرِیْمٌ (مہربان)۔

(ب) ان جملوں کی عربی بنائیں۔

(۱) حامد باپ (اَبٌ) ہے (۲) محمود بیٹا (اِبْنٌ) ہے (۳) خالد چچا (عَمٌّ) ہے (۴) سعید دادا (جَدٌّ) ہے (۵) بچہ (طِفْلٌ) کمزور (ضَعِیْفٌ) ہے (۶) ماں نیک (صَالِحٌ) ہے (۷) لونڈی (اَمَۃٌ) عقلمند (عَاقِلٌ) ہے۔

قیامت کے دن کم نیکیوں والے نہ بنو

حضرت سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں ایک رات گھر سے نکلا تو کیا دیکھتا ہوں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تنہا تشریف لے جا رہے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کوئی بھی آدمی نہیں تھا۔" آپ رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے گمان کیا شاید آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ساتھ کسی دوسرے کا چلنا ناپسند فرمائیں۔تو میں چاندنی رات میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چلتا رہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیچھے مڑ کر مجھے دیکھ لیا اور ارشاد فرمایا:" کون ہے؟" میں نے عرض کی:"اللہ رب العزت مجھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فدا کرے، میں ابوذر ہوں۔" آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:"اے ابوذر! آ جاؤ۔" آپ رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں:"میں تھوڑی دیر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چلا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:"زیادہ مال جمع کرنے والے قیامت کے دن کم نیکیوں والے ہوں گے مگر جسے اللہ رب العزت نے مال عطا فرمایا اور وہ اسے اپنے دائیں، بائیں، آگے اور پیچھے (نیکی کے کاموں میں) خرچ کرے اور اس کے ذریعے اچھے (یعنی نیکی کے) کام کرے۔"

(اَلزُّھْدُ وَ قَصْرُ الْاَمَل، (دنیا سے بے رغبتی اور اُمیدوں کی کمی) ص ۳۱ ناشر مکتبۃ المدینہ، بحوالہ صحیح البخاری، کتاب الرقاق، باب المکثرون ھم المقلون، الحدیث: ۶۴۴۳ ص ۵۴۱)

جوانی ہی میں آخرت کی تیاری کرلو

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے لوگو! یقیناً دنیا تمہارے لئے جائے عمل ہے تو اپنے اعمال کو بخوبی پورا کرو۔اور تمہارا ایک انجام (موت) ہے تو اپنے انجام کی تیاری کرو۔ مسلمان دو خوفوں کے درمیان رہتا ہے (۱) ایک اُس مدت کا خوف جو گزر چکی، وہ نہیں جانتا کہ اللہ رب العزت نے اس کے بارے کیا فیصلہ فرمایا ہے۔اور (۲) دوسرے اس مدت کا خوف جو ابھی باقی ہے، وہ نہیں جانتا کہ اللہ رب العزت اس کے ساتھ کیا معاملہ فرماتا ہے پس بندے کو چاہے کہ دنیا میں بڑھاپا آنے سے قبل جوانی ہی میں آخرت کے لئے زادِ راہ اکٹھا کرلے، کیونکہ تم آخرت کے لئے پیدا کئے گئے ہو اور دنیا تمہارے لئے بنائی گئی ہے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! موت کے بعد (عبادت کے لئے) تھکنے کا کوئی موقع نہیں اور دنیا کے بعد جنت اور دوزخ کے علاوہ کوئی گھر نہیں میں اللہ تعالی سے اپنے اور تمہارے لئے استغفار کرتا ہوں۔"

(اَلزُّھْدُ وَ قَصْرُ الْاَمَل، (دنیا سے بے رغبتی اور اُمیدوں کی کمی) ص 71 مکتبۃ المدینہ)

درس نمبر ۴

مضاف ومضاف الیہ (Possessed and possessor)

اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ اور مبتدأ خبر) کو دہرائیں۔
قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

دو لفظوں کے ملانے کو اضافت کہتے ہیں۔ پہلا لفظ مضاف possessed اور دوسرا مضاف الیہ possessor کہلاتا ہے۔ مضاف جس کی نسبت کی جائے۔ مضاف الیہ جس کی طرف نسبت کی جائے۔ دو اسموں کے اس مجموعہ کو مرکب اضافی (Possessive construction) کہا جاتا ہے۔ مثلاً ''احمد کا قلم'' قلم کو احمد کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔

اس لیے قلم مضاف اور احمد مضاف الیہ ہوگا۔ رسول کا حکم، حامد کا نوکر، حمید کا گھر، یہ سب مضاف ومضاف الیہ کہلاتے ہیں۔
ان کی عربی بنانے کے لیے ''کا، کی، کے'' ہٹا دیتے ہیں پھر اردو کی ترتیب کو بدل دیا جاتا ہے۔

مثلاً ''رسول کا حکم'' کی عربی بنانا ہو تو ''کا'' ہٹا دیا جائے گا۔ پھر اردو کی ترتیب الٹ دی جائے گی۔
یعنی پہلے حکم اور پھر رسول لکھا جائے گا۔ اس کے بعد حکم کی میم پر ایک پیش اور رسول کے لام پر دو زیر لگا دیں گے اور کہیں گے ''حُکْمُ رَسُوْلٍ''۔ یہاں اگر ''اَلْ'' آ جائے تو دو زیر کے بجائے ایک زیر رہ جائے گا مثلاً ''حُکْمُ الرَّسُوْلِ''۔
قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ پہلے لفظ یعنی مضاف پر ''اَلْ'' کبھی نہیں آ سکتا۔

تمرین

(الف) عربی میں ترجمہ کریں اور ہر اسم کے ساتھ ضمائر متصلہ لگا کر اشاروں سے پوری گردان پڑھیں۔

(۱) میز (مِنْضَدَۃٌ) کی لکڑی (خَشَبٌ) (۲) کمرہ (حُجْرَۃٌ) کی کھڑکی (شُبَّاکٌ)

(۳) سورج (شَمْسٌ) کی گرمی (حَرٌّ) (۴) چولہے (مَوْقِدٌ) کی آگ (نَارٌ)

(۵) کاپی (کُرَّاسَۃٌ) کا کاغذ (قِرْطَاسٌ)

(ب) اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) یَوْمُ الدِّیْنِ (قیامت) (۲) اِقَامَۃُ (قائم کرنا) الصَّلٰوۃِ (۳) اِیْتَاءُ (دینا) الزَّکٰوۃِ

(۴) اِنْفَاقُ (خرچ کرنا) الْمَالِ (۵) ظُلْمَۃُ (اندھیرا) اللَّیْلِ

درس نمبر ۵

ماضی (Past Tense)

ماضی وہ فعل ہے جس سے یہ پتہ چلے کہ کوئی کام گزشتہ (گزرے ہوئے) زمانے میں ہوا ہے۔ جیسے **جَلَسَ**: وہ بیٹھا، **حَضَرَ**: وہ آیا، **نَهَضَ**: وہ اٹھا، ان مثالوں سے پتہ چلتا ہے کہ بیٹھنے، اٹھنے اور آنے کا کام گزرے ہوئے زمانہ میں ہوا ہے۔

ماضی کے پہلے صیغے میں مختلف حروف کا اضافہ کرنے سے مختلف شکلوں کے چودہ (۱۴) لفظ بن جاتے ہیں۔ ان میں سے ہر لفظ کو صیغہ کہتے ہیں۔ اور ان چودہ صیغوں کو ملا کر پڑھنے کا نام گردان یا تصریف ہے۔ آگے گردان کے ہر صیغہ کا نام اور اس کا ترجمہ خوب یاد کرلیں۔ قرآن مجید میں ماضی کے وزن پر تقریباً ۵۰۰۰ الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

نمبر شمار	مذکر کے صیغے	ترجمہ	نام صیغہ	زائد حروف
۱	کَتَبَ	اس نے لکھا	واحد مذکر غائب	x
۲	کَتَبَا	ان دو نے لکھا	تثنیہ مذکر غائب	ا
۳	کَتَبُوْا	ان سب نے لکھا	جمع مذکر غائب	و
۴	کَتَبْتَ	تو نے لکھا	واحد مذکر حاضر	تَ
۵	کَتَبْتُمَا	تم دو مردوں نے لکھا	تثنیہ مذکر حاضر	تُمَا
۶	کَتَبْتُمْ	تم سب مردوں نے لکھا	جمع مذکر حاضر	تُمْ
	مؤنث کے صیغے	ترجمہ	نام صیغہ	زائد حروف
۷	کَتَبَتْ	اس عورت نے لکھا	واحد مؤنث غائب	تْ
۸	کَتَبَتَا	ان دو عورتوں نے لکھا	تثنیہ مؤنث غائب	تَا
۹	کَتَبْنَ	ان سب عورتوں نے لکھا	جمع مؤنث غائب	نَ
۱۰	کَتَبْتِ	تو ایک عورت نے لکھا	واحد مؤنث حاضر	تِ
۱۱	کَتَبْتُمَا	تم دو عورتوں نے لکھا	تثنیہ مؤنث حاضر	تُمَا
۱۲	کَتَبْتُنَّ	تم سب عورتوں نے لکھا	جمع مؤنث حاضر	تُنَّ
۱۳	کَتَبْتُ	میں نے لکھا	واحد متکلم	تُ
۱۴	کَتَبْنَا	ہم نے لکھا	جمع متکلم	نَا

فعل ماضی کے چھ وزن ہیں: (۱) نَصَرَ يَنْصُرُ (۲) ضَرَبَ يَضْرِبُ (۳) سَمِعَ يَسْمَعُ ان پہلے تین ابواب کو اُمُّ الْاَبْوَابِ کہتے ہیں۔

(۴) فَتَحَ يَفْتَحُ (۵) كَرُمَ يَكْرُمُ (۶) حَسِبَ يَحْسِبُ. جبکہ انہیں فُرُوْعُ الْاَبْوَابِ کہا جاتا ہے۔

تمرین

(الف) پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، مبتدأ خبر اور مضاف، مضاف الیہ) کو دہرالیں۔ قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

(ب) درج ذیل کلمات سے ماضی کی پوری گردان بمع مکمل چارٹ بنائیں اور ضمائر منفصلہ لگا کر پوری گردان اشاروں سے سنائیں۔

(۱) غَسَلَ (دھویا) (۲) عَلِمَ (جانا) (۳) كَبُرَ (بڑا ہوا) (۴) حَمِدَ (تعریف کی) (۵) سَمِعَ (سنا)

(ج) درج ذیل صیغوں کے نام بتائیں:

جَلَسْتَ جَلَسْتِ جَلَسْنَ حَضَرْتُمَا حَضَرْتُنَّ

(د) عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) اس نے تعریف (حَمِدَ) کی (۲) تو نے چاٹا (لَعِقَ) (۳) میں نے پہچانا (عَرِفَ) (۴) وہ آئی (قَدِمَ) (۵) ہم نے پیا (شَرِبَ)

فعل ماضی کی مندرجہ بالا شکل ماضی معروف کہلاتی ہے۔

ماضی مجہول بنانے کا طریقہ (Passive Voice)

ماضی معروف (Active verb) کو مجہول (Passive verb) (وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو) میں تبدیل کرنا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ فا کلمہ کو ضمہ (پیش) اور عین کلمہ کو کسرہ (زیر) دیں (اگر پہلے نہ ہو) تو ماضی مجہول بن جائے گی۔

جیسے:

كَتَبَ سے كُتِبَ عَلِمَ سے عُلِمَ شَرِبَ سے شُرِبَ

مجہول میں صرف ماضی اور مضارع کے صیغے بنتے ہیں اور اس کا ترجمہ ماضی معروف سے مختلف ہوتا ہے مثلاً كَتَبَ کا معنی ہے "اس نے لکھا" جب کہ كُتِبَ کا معنی ہے "وہ لکھا گیا"، غَسَلَ "اس نے دھویا" اور غُسِلَ "وہ دھویا گیا"۔

تمرین

(الف) مندرجہ ذیل صیغوں سے ماضی مجہول کی مکمل گردان با ترجمہ لکھیں اور ضمائر متصلہ اور منفصلہ لگا کر پوری گردان اشاروں سے سنائیں۔ نَصَرَ حَمِدَ شَرِبَ غَسَلَ نَظَرَ

درس نمبر ٦

مضارع (Present & Future (Conform)Tense)

مضارع کے تقریباً ۵۰۰۰ الفاظ قرآن مجید میں آئے ہیں، یہ وہ فعل ہے جس سے یہ معلوم ہو کہ کوئی کام اب ہو رہا ہے یا زمانہ مستقبل میں ہوگا۔ اس لحاظ سے مضارع میں، دو زمانے پائے جاتے ہیں۔ ایک زمانہ حال دوسرا مستقبل۔ جیسے:

يَذْهَبُ وہ جاتا ہے یا جائے گا يَنْهَضُ وہ اٹھتا ہے یا اٹھے گا يَنْظُرُ وہ دیکھتا ہے یا دیکھے گا

مضارع بنانے کا طریقہ:

مضارع بنانے کے لیے کچھ حروف ماضی کے شروع میں اور کچھ آخر میں بڑھا دیتے ہیں۔

یاد رہے کہ ماضی کے صرف آخر میں حروفِ زائدہ لکھے جاتے ہیں۔ جب کہ مضارع کے شروع میں (ا ت ی ن) جن کا مجموعہ ''اَتَيْنَ'' ہے (انہیں علامت مضارع بھی کہتے ہیں) اور آخر میں (ی ا ن و ن) جن کا مجموعہ ''يُوْنَانُ'' ہے، حروف زائدہ بڑھائے جاتے ہیں۔ مضارع کو مستقبل سے مخصوص کرنا ہو تو اس سے پہلے سَ یا سَوْفَ کا لفظ بڑھا دیتے ہیں۔ جیسے سَيَنْظُرُ، سَوْفَ يَنْظُرُ وہ دیکھے گا۔ گردانِ مضارع اچھی طرح یاد کرلیں۔ قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ واحد مذکر غائب (مضارع) کے صیغے میں تیسرے حرف کی جو حرکت ہوگی (ـُ ـِ یا ـَ) وہ باقی تمام صیغوں میں قائم رہے گی۔

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	يَنْظُرُ وہ دیکھتا ہے یا دیکھے گا	يَنْظُرَانِ وہ دو مرد دیکھتے ہیں یا دیکھیں گے	يَنْظُرُوْنَ وہ سب مرد دیکھتے ہیں یا دیکھیں گے
	تَنْظُرُ تو مرد دیکھتا ہے یا دیکھے گا	تَنْظُرَانِ تم دو مرد دیکھتے ہو یا دیکھو گے	تَنْظُرُوْنَ تم سب مرد دیکھتے ہو یا دیکھو گے
مؤنث	تَنْظُرُ وہ عورت دیکھتی ہے یا دیکھے گی	تَنْظُرَانِ وہ دو عورتیں دیکھتی ہیں یا دیکھیں گی	يَنْظُرْنَ وہ سب دیکھتی ہیں یا دیکھیں گی
	تَنْظُرِيْنَ تو عورت دیکھتی ہے یا دیکھے گی	تَنْظُرَانِ تم دو عورتیں دیکھتی ہو یا دیکھو گی	تَنْظُرْنَ تم سب عورتیں دیکھتی ہو یا دیکھو گی
مذکر و مؤنث	اَنْظُرُ میں دیکھتا/ دیکھتی ہوں یا دیکھوں گا/ گی		نَنْظُرُ ہم دیکھتے/ دیکھتی ہیں یا دیکھیں گے/ گی

اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، مبتدأ خبر، مضاف، مضاف الیہ اور ماضی) کو دہرالیں۔ قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

مضارع مجہول (Passive Voice)

اس کا طریقہ یہ ہے کہ علامت مضارع کو ضمہ (پیش) اور عین کلمہ کو فتحہ (زبر) دے دیں۔ جیسے یَنْظُرُ مضارع معروف ہے ''ی'' علامت مضارع اور ''ظ'' عین کلمہ ہے۔ ''ی'' کو ضمہ (پیش) اور ''ظ'' کو فتحہ (زبر) دیا، تو ہوگا یُنْظَرُ یہی مضارع مجہول ہے۔ اس کا معنی ہوگا، وہ دیکھا جاتا ہے یا دیکھا جائے گا۔ قابل توجہ بات یہ ہے کہ فعل مجہول کا فاعل معلوم نہیں ہوتا۔ اس لیے اس کے بعد مفعول ہی آتا ہے۔ جسے نائب یا قائم مقام فاعل کہتے ہیں۔ یہ چونکہ فاعل کے بجائے استعمال ہوتا ہے، اس لیے اس پر فاعل کی طرح پیش ہوتا ہے۔ مثلاً مُنِعَتِ الْمَرْأَۃُ (عورت روکی گئی) اور مضارع میں جیسے یُفْتَحُ الْبَابُ (دروازہ کھولا جائے گا) مضارع پر لا داخل ہوجائے تو انکار کا معنیٰ پیدا ہوجاتا ہے۔ جیسے لَا یَلْعَبُ (وہ نہیں کھیلتا یا نہیں کھیلے گا۔)

ما اور لا نفی یا انکار کیلئے استعمال ہوتے ہیں، ما اکثر ماضی کی نفی کیلئے اور لا اکثر مضارع کی نفی کیلئے آتا ہے، لیکن کبھی کبھی اس کے برعکس بھی ہوتا ہے۔ ما اور لا قرآن مجید میں تقریباً ۱۸۷۷ مرتبہ استعمال ہوئے ہیں۔

تمرین

(الف) درج ذیل الفاظ کا ترجمہ کریں اور اشاروں سے صیغوں کی پہچان کرائیں:

(۱) اَذْھَبُ (جانا) (۲) یَعْمَھُوْنَ (بھٹکنا) (۳) یَلْبَسْنَ (پہننا)

(۴) نُعْبُدُ (عبادت کرنا) (۵) تُسْمَعِیْنَ (سننا)

(ب) درج ذیل الفاظ سے مضارع معروف اور مجہول کی پوری گردان شروع میں ضمیر منفصل لگا کر صحیح اشاروں کے ساتھ پڑھیں۔ عَبَدَ۔ عَلِمَ (جاننا)۔ لَعِبَ (کھیلنا)

(ج) قرآن مجید سے کم از کم گیارہ افعال مضارع کے نکالیں اور ان کی پوری گردان لا لگا کر اشاروں سے پڑھیں۔

نمازِ کسوف بوقتِ سورج گرہن

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَی عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَصَلّٰی، قَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللهِ، رَأَیْنَاکَ تَنَاوَلُ شَیْئًا فِي مَقَامِکَ، ثُمَّ رَأَیْنَاکَ تَکَعْکَعْتَ؟ فَقَالَ: إِنِّي أُرِیْتُ الْجَنَّةَ، فَتَنَاوَلْتُ مِنْهَا عُنْقُوْدًا، وَلَوْ أَخَذْتُهُ لَأَکَلْتُمْ مِنْهُ مَا بَقِیَتِ الدُّنْیَا. (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ.)

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد مبارک میں سورج گرہن ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ کسوف پڑھائی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم نے دیکھا کہ آپ نے اپنی جگہ پر کھڑے کھڑے کوئی چیز پکڑی پھر ہم نے دیکھا کہ آپ کسی قدر پیچھے ہٹ گئے؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے جنت نظر آئی تھی، میں نے اس میں سے ایک خوشہ پکڑ لیا، اگر اسے توڑ لیتا تو تم رہتی دنیا تک اس سے کھاتے رہتے (اور وہ ختم نہ ہوتا)۔''

(الحدیث رقم 3: أخرجہ البخاری فی الصحیح، کتاب: صفة الصلاة، باب: رفع البصر إلی الإمام فی الصلاة، 1 / 261، منہاج السوی)

درس نمبر ۷

حروف جار (Letters of Reduction)
(Preposition)

حرف اس لفظ کو کہتے ہیں جس کا معنی ادھورا اور نامکمل ہو، اور جب تک اس کے ساتھ دوسرا لفظ نہ ملایا جائے، اس کا معنی سمجھ میں نہ آتا ہو۔ حروف کی کئی قسمیں ہیں۔ یہاں صرف حروف جار کا ذکر کیا جاتا ہے۔ جو قرآن مجید میں تقریباً ۶۸۶۱ مرتبہ استعمال ہوئے ہیں۔ ان کی کل تعداد سترہ ہے، جن میں سے سات حروف ضمائر کے ساتھ مل کر سیکڑوں مرتبہ آئے ہیں۔ یہ حروف ہمیشہ اسم پر داخل ہوتے ہیں اور اس کے آخری حرف کو زیر دیتے ہیں۔ مثلاً مِنْ خَالِدٍ۔ اِلٰی زَیْدٍ فِی الْکِتَابِ۔ بِالْقَلَمِ وغیرہ۔

ان حروف کیلئے اس شعر کو اچھی طرح یاد کرلیں۔

بَاؤ، تَاؤ، کَافْ وْ، لَامْ وْ، وَاؤ، مُنْذُوْ، مُذْ، خَلَا۔ رُبَّ، حَاشَا، مِنْ، عَدَا، فِیْ، عَنْ، عَلٰی، حَتّٰی، اِلٰی۔

حروف جار اور ان کے معانی۔

عَنْ	لِ	بِ	اِلٰی	مِنْ
سے	لیے، واسطے	ساتھ	تک، طرف	سے

حَتّٰی	تَ۔ وَ	كَ	فِیْ	علی
یہاں تک کہ	قسم ہے	جیسے، طرح	میں	پر
		رُبَّ	خَلَا۔ حَاشَا۔ عَدَا	مُنْذُ۔ مُذْ
		کم، کثرت	استثنا کیلئے	مدت کیلئے

تمرین

(الف) اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، مبتدأ خبر، مضاف، مضاف الیہ، ماضی اور مضارع) کو دہرالیں۔ قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

(ب) اردو میں ترجمہ کریں:

(۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (۲) فِی الْقُرْاٰنِ (۳) اَلسَّبْتُ لِلْیَهُوْدِ وَالْاَحَدُ لِلنَّصَارٰی

(ج) حروف جار تلاش کریں اور چارٹ کے شروع میں دیئے گئے سات حروف کو ضمائر متصلہ سے ملا کر اشاروں سے پوری گردان سنائیں۔

(۱) هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ (۲) اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ (۳) أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ

جملہ بنانے کی ترکیب

عربی میں پہلے فعل (verb۔ کام) پھر فاعل (subject۔ کام کرنے والا) پھر مفعول (object۔ جو کام کیا جائے یا جس پر کام واقع ہو) آتا ہے۔ فاعل کو پیش اور مفعول کو زبر دیا جاتا ہے۔ مثلاً ''حامد نے محمود کو مدد دی'' یہ ایک جملہ ہے۔ اس میں ''مدد دی'' فعل، حامد فاعل، اور محمود مفعول ہے۔ اس کا عربی میں ترجمہ کرنا ہو تو پہلے ''مدد دی'' کا ترجمہ ''نَصَرَ'' لکھیں گے۔ پھر فاعل یعنی حامد کو لکھیں گے اور اس پر دو پیش دیں گے یعنی حَامِدٌ پھر مفعول یعنی محمود کو لکھیں گے اور اسے زبر دیں گے یعنی مَحْمُوْدًا، پورا جملہ بنے گا نَصَرَ حَامِدٌ مَحْمُوْدًا۔ اسی طرح اگر ہم کہیں کہ ''نوکر نے دروازہ کھولا'' تو اس کی عربی ہوگی فَتَحَ خَادِمٌ بَابًا۔

اگر ''اَل'' ہو تو تنوین دور کردی جائے گی۔ یعنی دو پیش کے بجائے صرف ایک پیش، اور دو زبر کے بجائے ایک ہی زبر رہ جائے گا، اور یوں کہا جائے گا فَتَحَ الْخَادِمُ الْبَابَ۔

تمرین

(الف) عربی میں ترجمہ کریں:

(۱) حمید نے کتاب پڑھی (قَرَأَ) (۲) خالد نے خط (كِتَاب) لکھا (كَتَبَ)

(۳) عورت نے آٹا (دَقِيْقٌ) گوندھا (عَجَنَ) (۴) مرغی (دَجَاجَةٌ) نے چاول (اَرُزٌّ) کھائے

(۵) ان سب عورتوں نے گلاس (كَأْسٌ) توڑا (كَسَرَ)

(ب) اردو میں ترجمہ کریں اور فعل، فاعل اور مفعول کی الگ الگ پہچان کروائیں۔

(۱) جَعَلَ اللهُ مُحَمَّدًا رَّسُوْلًا وَّالْاِسْلَامَ دِيْنًا (۲) خَدَعَ (دھوکہ دینا) الشَّيْطٰنُ الْاِنْسَانَ

(۳) فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ

درس نمبر ۸

صفت موصوف(Adjective & Qualified noun)

اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، مبتدأ خبر، مضاف، مضاف الیہ، ماضی، مضارع اور حروف جارہ) کو دہرالیں۔ قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

''صفت'' Adjective کے معنی تعریف کے ہیں اور ''موصوف'' Qualified noun اسے کہتے ہیں جس کی تعریف کی جائے۔ دو اسموں کے اس مجموعہ کو ''مرکب توصیفی'' (Adjectival construction) کہا جاتا ہے۔

مثلاً ''کالا کپڑا'' میں ''کالا'' صفت، اور ''کپڑا'' موصوف ہے۔

اسی طرح سچا مسلمان، نیک آدمی، بڑی مسجد، چھوٹی کتاب، یہ سب جملے صفت موصوف کہلاتے ہیں۔ ان کا اگر عربی میں ترجمہ کرنا ہو تو اردو کی ترتیب الٹ دیں۔ یعنی پہلے والا لفظ بعد میں، اور بعد والا لفظ پہلے لکھ دیں۔ پھر دونوں کو پیش دے دیں۔ مثلاً ''سچا مسلمان'' کا عربی میں ترجمہ کرنا ہو تو پہلے مسلمان کی عربی ''مُسْلِمٌ'' لکھی جائے گی، پھر سچا کی عربی ''صَادِقٌ'' لکھیں گے، اس کے بعد دونوں پر دو پیش لگا دیں گے، تو پورا جملہ ہوگا۔ ''مُسْلِمٌ صَادِقٌ'' اسی طرح نیک آدمی کی عربی بنانا ہو تو پہلے آدمی کی عربی ''رَجُلٌ'' پھر نیک کی ''صَالِحٌ'' لکھیں گے، اس کے بعد دونوں پر پیش لگا دیں گے، اور جملہ بنے گا رَجُلٌ صَالِحٌ۔

قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ صفت و موصوف دونوں کی حالت یکساں رہتی ہے۔ یعنی اگر ایک کو پیش ہو تو دوسرے کو بھی پیش ہوگا، اگر ایک کو زبر ہو تو دوسرے کو بھی زبر ہوگا۔ اسی طرح اگر ایک کو زیر ہوگا تو دوسرے کو بھی زیر ہوگا۔ جیسے اوپر کی مثال میں ''رَجُلٌ'' کے آخری حرف پر چونکہ پیش تھا، لہٰذا اس کی صفت صَالِحٌ پر بھی پیش آیا۔ اگر کسی وجہ سے ''رَجُلاً'' ہو جائے تو دوسرا لفظ صَالِحاً ہو جائے گا مثلاً نَصَرْتُ رَجُلاً صَالِحاً میں نے ایک نیک آدمی کی مدد کی۔

اسی طرح اگر پہلے لفظ پر زیر آجائے یعنی رَجُلٍ ہو جائے۔ تو دوسرا لفظ صَالِحٍ ہو جائے گا۔ جیسے ذَهَبْتُ اِلٰی رَجُلٍ صَالِحٍ۔ اگر کسی وجہ سے لفظ پر الف لام (ال) آجائے، تو دوسرے لفظ پر بھی الف لام آجائے گا۔ مثلاً رَجُلٌ اگر اَلرَّجُلُ ہو جائے تو صَالِحٌ بھی اَلصَّالِحُ ہو جائے گا۔

اسی طرح اگر پہلا لفظ یعنی موصوف مؤنث ہو، تو دوسرا لفظ یعنی صفت بھی مؤنث ہوگی، اور اسے مؤنث بنانے کے لیے اس کے آخر میں ۃ بڑھا دیں گے۔ مثلاً اوپر رَجُلٌ کے بجائے اِمْرَأَةٌ ہوتا، تو کہتے اِمْرَأَةٌ صَالِحَةٌ یا اَلْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ۔ یوں ہی

واحد یا تثنیہ یا جمع میں بھی یکسانیت پائی جاتی ہے۔

ایک اور بات جو خاص توجہ طلب ہے، وہ یہ ہے کہ اگر موصوف کوئی خاص نام ہو تو اس پر الف لام (ال) نہیں آئے گا۔ کیوں کہ الف لام خصوصیت پیدا کرنے کے لیے لایا جاتا ہے، اور یہاں نام خاص ہی ہوتا ہے، اس لیے اس پر ''ال'' نہیں لایا جاتا۔ البتہ اس کی صفت یعنی بعد والے لفظ پر ''ال'' ضرور ہوتا ہے۔ مثلاً ''فاتح خالد'' کی عربی بنانی ہو تو خالد کو بغیر ''ال'' کے صرف خَالِدٌ لکھیں گے البتہ فَاتِحٌ کو اَلْفَاتِحُ لکھا جائے گا۔ پوری عبارت ہوگی ''خَالِدٌ اَلْفَاتِحُ''

تمرین

(الف) عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) نیک باپ (۲) بڑا (كَبِيْرٌ) دروازہ (اَلْبَابُ) (۳) چھوٹا (صَغِيْرٌ) جہاز (طَيَّارَةٌ)

(۴) گہرا (عَمِيْقٌ) دریا (بَحْرٌ) (۵) پرانی (خَلَقٌ) چٹائی (حَصِيْرٌ)

(ب) اردو میں ترجمہ کریں:

(۱) اَلصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ (۲) عَذَابٌ اَلِيْمٌ (۳) بَعُوْضَةٌ صَغِيْرَةٌ

(۴) بَلَاءٌ عَظِيْمٌ (۵) لَيْلَةٌ مُظْلِمَةٌ

(ج) صفت اور موصوف کو جدا جدا لکھ کر پہچان کروائیں:

(۱) مَثَلُ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ (۲) فَتَحَ طَارِقُ ٍ الْقَائِدُ (۳) رَزَقَهُمُ اللهُ رِزْقاً حَسَناً

نصیحت

عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَوْمًا فِيْنَا خَطِيْبًا. بِمَاءٍ يُدْعَى خُمًّا، بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ. فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ. أَلَا أَيُّهَا النَّاسُ، فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ يُوْشِكُ أَنْ يَأْتِيَ رَسُوْلُ رَبِّي فَأُجِيْبُ، وَأَنَا تَارِكٌ فِيْكُمْ ثَقَلَيْنِ: أَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللهِ فِيْهِ الْهُدَى وَالنُّوْرُ فَخُذُوْا بِكِتَابِ اللهِ، وَاسْتَمْسِكُوْا بِهِ، فَحَثَّ عَلَى كِتَابِ اللهِ وَرَغَّبَ فِيْهِ ثُمَّ قَالَ وَأَهْلُ بَيْتِي. أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي، أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي.

''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں خطبہ دینے کے لئے مکہ اور مدینہ منورہ کے درمیان اس تالاب پر کھڑے ہوئے جسے خُم کہتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور وعظ ونصیحت کے بعد فرمایا: اے لوگو! میں تو بس ایک آدمی ہوں عنقریب میرے اللہ کا پیغام لانے والا فرشتہ (یعنی فرشتہ اجل) میرے پاس آئے گا اور میں اسے لبیک کہوں گا۔ میں تم میں دو عظیم چیزیں چھوڑے جارہا ہوں، ان میں سے پہلی اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جس میں ہدایت اور نور ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب پر عمل کرو اور اسے مضبوطی سے تھام لو، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتاب اللہ (کی تعلیمات پر عمل کرنے کی) ترغیب دی اور اس کی طرف راغب کیا پھر فرمایا: اور (دوسرے) میرے اہلِ بیت ہیں میں تمہیں اپنے اہل بیت کے متعلق اللہ کی یاد دلاتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے متعلق اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔ میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے متعلق اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔''

(الحدیث رقم 15: أخرجہ مسلم فی الصحیح، کتاب: فضائل الصحابۃ، باب: من فضائل علی بن أبی طالب رضی اللہ عنہ، 3/ 1873، منہاج السوی)

درس نمبر ۹

امرونہی (Imperative and prohibitive tenses)

اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، مبتدأ خبر، مضاف، مضاف الیہ ماضی، مضارع ،حروف جارہ اورصفت موصوف) کو دہرالیں۔قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں ۔

ایسے افعال جن کے ذریعے کسی کو، کوئی کام کرنے کا حکم دیا جائے وہ امر کہلاتے ہیں۔ جیسے پڑھ، لکھ۔ اور ایسے افعال جن سے کسی کو کسی کام سے روکنے کا حکم دیا جائے نہی کہلاتے ہیں۔ جیسے نہ جا، مت ڈر وغیرہ۔ دونوں کی گردانیں حسب ذیل ہیں۔

امر کی گردان		نہی کی گردان		
اِفْعَلْ	تو ایک مرد کر	لَا تَفْعَلْ	تو ایک مرد نہ کر	واحد مذکر حاضر
اِفْعَلَا	تم دو مرد کرو	لَا تَفْعَلَا	تم دو مرد نہ کرو	تثنیہ مذکر حاضر
اِفْعَلُوْا	تم سب مرد کرو	لَا تَفْعَلُوْا	تم سب مرد نہ کرو	جمع مذکر حاضر
اِفْعَلِيْ	تو ایک عورت کر	لَا تَفْعَلِيْ	تو ایک عورت نہ کر	واحد مؤنث حاضر
اِفْعَلَا	تم دو عورتیں کرو	لَا تَفْعَلَا	تم دو عورتیں نہ کرو	تثنیہ مؤنث حاضر
اِفْعَلْنَ	تم سب عورتیں کرو	لَا تَفْعَلْنَ	تم سب عورتیں نہ کرو	جمع مؤنث حاضر

تمرین

(الف) عربی میں ترجمہ کریں:

(۱) کتاب کھولو تم دونوں مرد (۲) اپنے لیے کام کرو تم دونوں عورتیں (۳) بہت نہ ہنسو (ضَحِكَ) تم سب مرد

(۴) گیند (كُرَّةٌ) کھیلو تم ایک مرد (۵) گڑیا (دُمْيَةٌ) کے ساتھ نہ کھیلو تم سب عورتیں

(ب) اردو میں ترجمہ کریں اور امرونہی کے صیغوں کو الگ الگ کر کے بتائیں پھر صحیح اشاروں کے ساتھ پوری گردان ضمیر متصل لگا کر پڑھیں، ضمیر متصل فعل امر کے ساتھ بھی مفعول بن کر آتی ہے:

(۱) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (۲) لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ (۳) لَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ

(۴) اِهْبِطُوْا مِصْرًا (۵) اُدْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

درس نمبر ۱۰

اسمائے مشتقات (Derivative nouns)

اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، مبتدأ خبر، مضاف، مضاف الیہ ماضی، مضارع، حروف جارہ، صفت موصوف اور امر ونہی) کو دہرالیں۔قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

اسمائے مشتقات ان ناموں کو کہتے ہیں جو فعل سے بنائے جاتے ہیں۔ اور ان میں فعل کے معانی اور اس کے اصلی حروف، کسی نہ کسی شکل میں ضرور موجود ہوتے ہیں۔ یہ نام مختلف وزنوں پر آتے ہیں اور ان کی سات قسمیں ہیں:

(۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) اسم تفضیل (۴) اسم مبالغہ (۵) صفت مشبہ (۶) اسم ظرف (۷) اسم آلہ۔

اسم فاعل (Subject/Active participle)

اسم فاعل سے مراد ایسا نام جو یہ بتائے کہ کوئی کرنے والا کون سا کام کر رہا ہے۔ مثلاً کَاتِبٌ ''لکھنے والا'' نَاصِرٌ ''مدد کرنے والا'' شَارِبٌ ''پینے والا'' یہ سب اسم فاعل کہلاتے ہیں۔

فاعل بنانے کا طریقہ:

تین حرفی افعال کا فاعل فعل ماضی کے پہلے صیغے سے بنایا جاتا ہے۔ ماضی کے پہلے حرف کے بعد الف پھر اس کے بعد والے حرف کے نیچے زیر (ـِ) دے کر آخر میں تنوین لگانے سے فاعل بن جاتا ہے۔ مثلاً نَصَرَ (ن ص ر) سے نَاصِرٌ۔ قَتَلَ سے قَاتِلٌ۔ ظَلَمَ سے ظَالِمٌ۔ اسم فاعل مذکر کی جمع بنانے کے لیے ون، ی ن کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ جیسے فَاعِلُوْنَ، فَاعِلِيْنَ جبکہ مؤنث بنانے کیلیے اتٌ، اتٍ کا اضافہ ہوتا ہے۔ جیسے فَاعِلَاتٌ، فَاعِلَاتٍ۔ اسم فاعل کی گردان میں کل چھ صیغے ہوتے ہیں تین مذکر اور تین مؤنث کے لیے۔ پوری گردان صحیح اشاروں کے ساتھ ضمیر منفصل لگا کر پڑھیں۔

اسم فاعل کی گردان

مذکر	مونث
کَاتِبٌ ایک لکھنے والا	کَاتِبَةٌ ایک لکھنے والی
کَاتِبَانِ دو لکھنے والے	کَاتِبَتَانِ دو لکھنے والیاں
کَاتِبُوْنَ کئی لکھنے والے	کَاتِبَاتٌ کئی لکھنے والیاں

اسم مفعول (Object /passive participle)

اسم مفعول سے مراد وہ نام ہے جو یہ بتائے کہ کسی کے ساتھ کیا ہوا ہے، یعنی کسی فاعل نے اس کے ساتھ کیا کیا ہے؟

مثلاً: مَکۡتُوۡبٌ ''لکھا ہوا'' مَنۡصُوۡرٌ ''مدد کیا ہوا'' مَشۡرُوۡبٌ ''پیا ہوا'' یہ سب اسم مفعول کہلاتے ہیں۔اسم مفعول کو جمع بنانے کیلئے و ن، یا ، ی ن کا اضافہ کریں۔جیسے مَنۡصُوۡرُوۡنَ ، مَنۡصُوۡرِیۡنَ۔

اسم مفعول بنانے کا طریقہ:

تین حرفی افعال کا مفعول بھی ماضی کے پہلے صیغے سے بنتا ہے۔ ماضی کے پہلے حرف سے پہلے میم (م) اور دوسرے حرف کے بعد واؤ (و) لکھ کر آخر میں تنوین دے دینے سے مفعول بن جاتا ہے۔جیسے نَصَرَ (ن ص ر) سے مَنۡصُوۡرٌ، قَتَلَ سے مَقۡتُوۡلٌ اور ظَلَمَ سے مَظۡلُوۡمٌ وغیرہ۔جمع بنانے کے لیے و ن، ی ن کا اضافہ کریں۔جیسے مَنۡصُوۡرُوۡنَ ، مَنۡصُوۡرِیۡنَ۔
اسمِ مفعول کی گردان اس طرح ہوگی۔

اسم مفعول کی گردان

مونث	مذکر
مَکۡتُوۡبَۃٌ ایک لکھی ہوئی	مَکۡتُوۡبٌ ایک لکھا ہوا
مَکۡتُوۡبَتَانِ دو لکھی ہوئی	مَکۡتُوۡبَانِ دو لکھے ہوئے
مَکۡتُوۡبَاتٌ کئی لکھی ہوئی	مَکۡتُوۡبُوۡنَ کئی لکھے ہوئے

جب کہ تین حرف سے زائد حروف کے اکثر فاعل مضارع سے بنائے جاتے ہیں۔

آسان سا طریقہ یہ ہے کہ مضارع سے یَ، یُ جو کہ علامت مضارع ہے نکال کر اس کی جگہ میم پیش (مُ) لکھنے سے فاعل بن جاتا ہے۔مثلاً اِنۡتَظَرَ (انتظار کرنا) یَنۡتَظِرُ سے یَا(یَ) نکال کر میم پیش (مُ) لکھا تو مُنۡتَظِرٌ فاعل بن گیا۔اسی طرح اِحۡتَسَبَ (احتساب کرنا) یَحۡتَسِبُ سے مُحۡتَسِبٌ۔اَسۡلَمَ (اسلام قبول کرنا/ تابعداری کرنا) یُسۡلِمُ سے مُسۡلِمٌ۔

اسی فاعل سے تین حرف سے زائد حروف والا مفعول بنا دیا جاتا ہے، جو بہت آسان ہے۔ فاعل کے آخر سے دوسرے حرف (ماقبل آخر) کے نیچے زیر(ـِ) کو زبر(ـَ) کرنے سے مفعول بن جاتا ہے۔مثلاً فاعل مُنۡتَظِرٌ(انتظار کرنے والا) سے مُنۡتَظَرٌ(جس کا انتظار کیا جائے) مفعول بن گیا۔

درج ذیل نئے الفاظ سے ماضی، مضارع، امر، نہی، اسم فاعل اور اسم مفعول کی گردانیں بنائیں۔ پہلے پوری گردان بغیر ضمائر اور پھر ضمائر(متصلہ اور منفصلہ) کے ساتھ صحیح اشاروں سے پڑھیں۔حَلَفَ ،(قسم کھانا)، حَمَلَ (اُٹھانا،لانا)، عَقَلَ (سمجھنا)،عَصَمَ (بچانا)،ظَهَرَ (ظاہر ہونا)،نَفَخَ (پھونکنا)۔

درس نمبر ۱۱

اسم تفضیل (Comparative Degree)

اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، مبتدأ خبر، مضاف، مضاف الیہ ماضی، مضارع، حروف جارہ، صفت موصوف، امر ونہی، اور فاعل ومفعول) کو دہرالیں۔ قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔ اسم تفضیل سے مراد وہ نام ہے جس سے یہ پتہ چلے کہ کسی میں کوئی وصف (خوبی یا خرابی) دوسرے سے زیادہ پایا جاتا ہے۔ مثلاً اَعْلَمُ ''زیادہ جاننے والا''۔ اَرْحَمُ ''زیادہ رحم کرنے والا''۔ اَحْمَدُ ''زیادہ تعریف کرنے والا''۔

اسم تفضیل بنانے کا طریقہ:

اسم تفضیل اَفْعَلُ (اَفْضَلُ) کے وزن پر آتا ہے۔ جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے واضح ہے۔ اگر لفظ اَفْعَلُ کے وزن پر ہو اور اس کے بعد ''مِنْ'' نہ ہو تو یہ تفضیل کل (Superlative Degree "-est") ہے جس کے معنی ہیں بہترین اور سب سے (زیادہ وغیرہ) کا ترجمہ کرتے ہیں۔ مثلاً اَللّٰہُ اَکْبَرُ ''اللہ سب سے بڑا ہے۔'' اَلْعُلَمَاءُ اَفْضَلُ النَّاسِ ''علما سب لوگوں سے زیادہ فضیلت والے ہیں۔''

اور اگر اس کے بعد ''مِنْ'' موجود ہو تو یہ تفضیل بعض (Comparative Degree) ہے جس کے معنی میں ''بہتر'' یا ''سے زیادہ'' وغیرہ کا ترجمہ ہوتا ہے۔ مثلاً اَلْعُلَمَاءُ اَفْضَلُ مِنَ النَّاسِ ''علما لوگوں سے زیادہ فضیلت والے ہیں۔''

یاد رہے کہ جو صفتیں، رنگ یا جسمانی عیب ظاہر کرتی ہیں وہ عام طور سے اَفْعَلُ کے وزن پر آتی ہیں۔ لہٰذا ان کے اسم تفضیل بنانے کے لیے ان کے مصدر سے پہلے اَشَدُّ یا اَکْثَرُ لے آتے ہیں۔ مثلاً اَشَدُّ سَوَادًا ''سب سے زیادہ کالا۔''

اسی طرح خَیْرٌ (اچھا) اور شَرٌّ (برا) کے الفاظ بھی اسمِ تفضیل کے معنوں میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ مثلاً اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ ''میں اس سے بہتر ہوں'' اور هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ''وہ مخلوق میں بدترین لوگ ہیں۔''

درج ذیل الفاظ سے ماضی، مضارع، امر، نہی، اسم فاعل اور اسم مفعول کی گردانیں بنائیں۔ پہلے پوری گردان بغیر ضمائر اور پھر ضمائر (متصلہ اور منفصلہ) کے ساتھ صحیح اشاروں سے پڑھیں۔

شَرِبَ (پینا) طَعَمَ (کھانا، چکھنا) کَرِهَ (ناپسند کرنا) لَبِثَ (ٹھہرنا) لَعِبَ (کھیلنا) فَرِحَ (خوش ہونا) عَجِلَ (جلدی کرنا)

فضیلتِ حج

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ يَقُوْلُ مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ۔

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ کیلئے حج کرے اس طرح کہ اس کے حج میں کوئی فحش بات نہ ہو اور نہ کوئی نافرمانی ہو وہ حج سے ایسا واپس ہوتا ہے جیسا اس دن تھا جس دن وہ پیدا ہوا تھا۔''

(بخاری کتاب الحج، باب الفضل الحج المبرور۔ ج۶، ص۵۷، حدیث ۱۵۲۱، مکتبہ شاملہ)

درس نمبر ۱۲

اسم مبالغہ (Exaggeration Noun)

اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، مبتدأ خبر، مضاف، مضاف الیہ ماضی، مضارع، حروف جارہ، صفت موصوف، امر ونہی، فاعل ومفعول اور اسم تفضیل) کو دہرالیں۔قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

اسم مبالغہ سے مراد وہ نام ہے جس سے یہ پتہ چلے کہ کسی میں کوئی وصف سب سے زیادہ پایا جاتا ہے۔ مثلاً عَلَّامٌ ''سب سے زیادہ یعنی بہت ہی جاننے والا۔''

اسم مبالغہ بنانے کا کوئی معین قاعدہ نہیں یہ بہت وزنوں پر آتا ہے۔ بعض اوزان ذکر کیے جاتے ہیں جنھیں یاد کرلینا چاہیے۔

عَلِیْمٌ	بہت جاننے والا	اَکُوْلٌ	بہت کھانے والا	سَفَّاكٌ	بہت خون بہانے والا
کُبَّارٌ	بہت زیادہ بڑائی والا	صِدِّیْقٌ	بہت سچ بولنے والا	فَارُوْقٌ	بہت فرق والا
ضُحَکَۃٌ	بہت ہنسانے والا	قُلَّبٌ	بہت پھرنے والا	قُدُّوْسٌ	بہت پاکیزگی والا

مبالغہ میں بہت زیادہ زور پیدا کرنے کے لیے کبھی اس کے آخر میں ''ۃ'' بھی بڑھا دیتے ہیں۔ مثلاً عَلَّامٌ سے عَلَّامَۃٌ بہت ہی زیادہ جاننے والا۔

صفت مشبہ (Descriptive / Likened Adjective)

صفت مشبہ سے مراد وہ نام ہے جو یہ بتائے کہ کسی میں کوئی اچھا یا برا وصف (خوبی یا خامی) پائیدار شکل میں پایا جاتا ہے۔ جیسے حَسِیْنٌ خوبصورت، شَرِیْفٌ نیک، قَبِیْحٌ بدصورت۔

خوبصورتی و بدصورتی اور شرافت و بزرگی ایسی صفات ہیں جو کسی میں عارضی طور پر موجود نہیں ہوتیں، کہ تھوڑی دیر میں پیدا ہوکر پھر غائب ہوجائیں، بلکہ پائیدار شکل میں موجود ہوتی ہیں۔ جو خوبصورت ہے وہ صبح وشام خوبصورت ہے۔ یہ نہیں کہ صبح کو خوبصورت ہو تو شام کو بدصورت بن جائے۔ اور دوسری صبح کو پھر خوبصورت ہوجائے۔ یہی حال دوسری صفات کا ہے۔

صفت مشبہ بنانے کا طریقہ:

جو افعال باب کَرُمَ سے ہوں جیسے عَظُمَ، کَبُرَ، بَصُرَ وغیرہ۔ یا انسان میں پائے جانے والے خاص اوصاف پر

دلالت کرتے ہوں۔ جیسے علم وکرم اور سمع و بصر وغیرہ۔تو ایسے افعال سے صفت مشبہ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ عین کلمہ کے بعد یا (ی) کا اضافہ کرکے فَعِیۡلٌ کا وزن بنالیں۔ جیسے عَظِیۡمٌ، کَبِیۡرٌ، بَصِیۡرٌ اور کَرِیۡمٌ۔

صفت مشبہ کی گردان

مذکر	مونث
شَرِیۡفٌ ایک شریف مرد	شَرِیۡفَةٌ ایک شریف عورت
شَرِیۡفَانِ دوشریف مرد	شَرِیۡفَتَانِ دوشریف عورتیں
شَرِیۡفُوۡنَ کئی شریف مرد	شَرِیۡفَاتٌ کئی شریف عورتیں

جو افعال کسی بھی قسم کے رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں۔ جیسے سرخ، زرد یا لولا لنگڑا وغیرہ تو ایسے افعال سے صفت مشبہ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ فا(ف) کلمہ سے پہلے ہمزہ مفتوح کا اضافہ کرکے اَفۡعَلُ کا وزن بنالیں۔ جیسے حُمۡرٌ سے اَحۡمَرُ۔ عَیۡنٌ سے أَعۡیَنُ، عُمۡیٌ سے اَعۡمٰی۔

درج ذیل الفاظ سے ماضی، مضارع، امر، نہی، اسم فاعل اور اسم مفعول کی گردانیں بنائیں۔ پہلے پوری گردان بغیر ضمائر اور پھر ضمائر (متصلہ اور منفصلہ) کے ساتھ صحیح اشاروں سے پڑھیں۔

مَنَعَ (روکنا) نَفَعَ (نفع دینا) بَعَثَ (بھیجنا) مَسَحَ (مسح کرنا) صَنَعَ (بنانا، پیدا کرنا) فَرَقَ (جدا کرنا)

چمکتے چہرے

عَنۡ أَبِي الدَّرۡدَاءِ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللهِ ﷺ: أَنَا أَوَّلُ مَنۡ يُؤۡذَنُ لَهُ بِالسُّجُوۡدِ يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنۡ يُؤۡذَنُ لَهُ أَنۡ يَرۡفَعَ رَأۡسَهُ، فَأَنۡظُرَ إِلَى بَيۡنَ يَدَيَّ، فَأَعۡرِفَ أُمَّتِي مِنۡ بَيۡنِ الۡأُمَمِ، وَمِنۡ خَلۡفِي مِثۡلُ ذَالِكَ، وَعَنۡ يَمِيۡنِي مِثۡلُ ذٰلِكَ. فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوۡلَ اللهِ! كَيۡفَ تَعۡرِفُ أُمَّتَكَ مِنۡ بَيۡنِ الۡأُمَمِ فِيۡمَا بَيۡنَ نُوۡحٍ إِلَى أُمَّتِكَ؟ قَالَ: هُمۡ غُرٌّ مُحَجَّلُوۡنَ مِنۡ أَثَرِ الۡوُضُوۡءِ، لَيۡسَ أَحَدٌ كَذٰلِكَ غَيۡرُهُمۡ، وَأَعۡرِفُهُمۡ أَنَّهُمۡ يُؤۡتَوۡنَ كُتُبَهُمۡ بِأَيۡمَانِهِمۡ، وَأَعۡرِفُهُمۡ يَسۡعَى بَيۡنَ أَيۡدِيۡهِمۡ ذُرِّيَّتُهُمۡ.

”حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ہی سب سے پہلا شخص ہوں گا جسے قیامت کے دن (بارگاہِ الٰہی میں) سجدہ کرنے کی اجازت دی جائے گی اور میں ہی ہوں گا جسے سب سے پہلے سر اٹھانے کی اجازت ہوگی۔ سو میں اپنے سامنے دیکھوں گا اور اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان بھی پہچان لوں گا۔ اسی طرح اپنے پیچھے اور اپنی داہنی طرف بھی انہیں دیکھ کر پہچان لوں گا۔ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان کیسے پہچانیں گے جبکہ ان میں حضرت نوح علیہ السلام کی امت سے لے کر آپ ﷺ کی امت تک کے لوگ ہوں گے؟۔۔۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کے اعضاء وضو کے اثر سے چمک رہے ہوں گے اور ان کے سوا کسی اور (امت) کے ساتھ ایسا نہیں ہوگا اور میں انہیں پہچان لوں گا کہ ان کا نامہ اعمال ان کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور انہیں پہچان لوں گا کہ ان کے آگے ان کی اولاد دوڑتی ہوگی۔“

(الحدیث الرقم 4: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، 1 / 289، الرقم: 942، والهیثمی فی مجمع الزوائد، 10 / 69، والهندی فی کنز العمال، 11 / 416، الرقم: 31953. منهاج السوی)

درس نمبر ۱۳

اسم ظرف (Noun of Place or Time / Adverb)

اس درس سے پہلے پچھلے اسباق (ضمائر متصلہ، ضمائر منفصلہ، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، مبتدأ خبر، مضاف، مضاف الیہ ماضی، مضارع، حروف جارہ، صفت موصوف، امر ونہی، فاعل ومفعول، اسم تفضیل اور اسم مبالغہ) کو دہرالیں۔ قرآن مجید سے مثالیں دیں، اور نئی مثالیں تلاش کرائیں۔

اسم ظرف اس نام کو کہتے ہیں جو کسی جگہ پر دلالت کرے اور یہ پتہ چلے کہ اس جگہ کون سا کام کیا جاتا ہے جیسے مَكْتَبٌ لکھنے کی جگہ۔

اسم ظرف بنانے کا طریقہ:

فا (ف) کلمہ سے پہلے میم (م) مفتوح کا اضافہ کر کے مَفْعِلٌ یا مَفْعَلٌ کا وزن بنالیں۔ کیوں کہ قانون یہ ہے کہ اگر مضارع مکسور العین (عین زیر والا) ہو تو اسم ظرف بھی مکسور العین آتا ہے۔ اور اگر مضارع مفتوح العین (زبر والا) یا مضموم العین (پیش والا) ہو تو دونوں صورتوں میں اسم ظرف مفتوح العین آتا ہے۔ جیسے يَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ (مارنے کی جگہ) اور يَنْزِلُ سے مَنْزِلٌ (اترنے کی جگہ) اسی طرح يَسْمَعُ سے مَسْمَعٌ سننے کی جگہ اور يَطْبَخُ سے مَطْبَخٌ (پکانے کی جگہ) جب کہ يَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ (مدد کی جگہ) اور يَكْتُبُ سے مَكْتَبٌ (لکھنے کی جگہ)۔

اسم ظرف کی گردان

مذکر	مؤنث
مَجْمَعٌ ایک (جمع ہونے کی جگہ) اجتماع	مَجْمَعَةٌ ایک (جمع ہونے کی جگہ) اجتماع
مَجْمَعَانِ دو اجتماع	مَجْمَعَتَانِ دو اجتماع
مَجَامِعُ کئی اجتماع	مَجَامِعُ کئی اجتماع

خلیفہ ہارون الرشید کا استاد سے شکوہ

خلیفہ ہارون الرشید نے اپنے لڑکے کو امام اللغۃ اصمعی کے پاس علم حاصل کرنے کیلئے بھیجا، ایک دن ہارون الرشید نے دیکھا کہ اصمعی وضو میں اپنا پیر دھو رہے ہیں اور خلیفہ کا لڑکا پانی ڈال رہا ہے، یہ دیکھ کر خلیفہ نے اصمعی سے شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اپنے لڑکے کو آپ کے پاس اس لیے بھیجا تھا کہ آپ اسے علم وادب سکھائیں پھر آپ نے وضو کرتے وقت اسے ایک ہاتھ سے پانی ڈالنے اور دوسرے ہاتھ سے پاؤں دھونے کا حکم کیوں نہیں دیا؟ (راہِ علم ترجمہ تَعْلِيمُ الْمُتَعَلِّمِ طَرِيْقَ التَّعَلُّمِ ص ۳۹، مکتبۃ المدینہ کراچی)

درس نمبر ۱۴

اسم آلہ (Noun of Instrument / Implement)

اسم آلہ اس نام کو کہتے ہیں جو کسی اوزار یا ہتھیار کا نام ہو، اور پتہ چلے کہ اس سے کون سا کام کیا جاتا ہے۔ جیسے مِرْوَحَةٌ ہوا کرنے کا آلہ یعنی پنکھا۔ مِحْفَظَةٌ یاد رکھنے کا آلہ یعنی ڈائری۔ مِضْرَبٌ مارنے کا آلہ یعنی ڈنڈا۔

اسم آلہ بنانے کا طریقہ:

فا (ف) کلمہ سے پہلے میم (م) مکسور (زیر والی) کا اضافہ کرکے مِفْعَلٌ، مِفْعَلَةٌ یا مِفْعَالٌ کا وزن بنا لیں۔ جیسے مِلْعَقَةٌ چمچہ، مِصْبَاحٌ چراغ، مِنْشَفَةٌ تولیہ۔

اسم آلہ کی گردان

مذکر	مؤنث
مِضْرَبٌ / مِضْرَابٌ	مِضْرَبَةٌ
مِضْرَبَانِ / مِضْرَابَانِ	مِضْرَبَتَانِ
مَضَارِبُ / مَضَارِيْبُ	مِضَارِبُ

درج ذیل الفاظ سے ماضی، مضارع، امر، نہی، اسم فاعل اور اسم مفعول کی گردانیں بنائیں۔ پہلے پوری گردان بغیر ضمائر اور پھر ضمائر (متصلہ اور منفصلہ) کے ساتھ صحیح اشاروں سے پڑھیں۔ نیز صفت مشبہ، اسم ظرف اور اسم آلہ سے بھی گردان بنائیں۔

مَنَعَ (روکنا) نَفَعَ (نفع دینا) بَعَثَ (بھیجنا) مَسَحَ (مسح کرنا) صَنَعَ (بنانا، پیدا کرنا) فَرَقَ (جدا کرنا)

جَو میں برکت

عَنْ جَابِرٍ رضی الله عنه أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ ﷺ يَسْتَطْعِمُهُ. فَأَطْعَمَهُ شَطْرَ وَسْقِ شَعِيْرٍ. فَمَا زَالَ الرَّجُلُ يَأْكُلُ مِنْهُ وَامْرَأَتُهُ وَضَيْفُهُمَا، حَتَّى كَالَهُ. فَأَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: لَوْ لَمْ تَكِلْهُ لَأَكَلْتُمْ مِنْهُ وَلَقَامَ لَكُمْ.

’’حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر کچھ کھانا طلب کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے نصفِ وسق (ایک سو بیس کلوگرام) جو دے دیئے۔ وہ شخص اس کی بیوی اور ان دونوں کے (ہاں آنے والے) مہمان بھی (ایک عرصہ تک) وہی جو کھاتے رہے یہاں تک کہ ایک دن اس نے وہ جو ناپ لئے۔ پھر وہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تم اس کو نہ ناپتے تو تم وہ جو کھاتے رہتے اور وہ یونہی (ہمیشہ) باقی رہتے۔‘‘ (الحدیث رقم 14: أخرجه مسلم فی الصحیح، کتاب: الفضائل، باب: فی معجزات النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، 4 / 1784، الرقم: 2281، وأحمد بن حنبل فی المسند، 3 / 337، 347، الرقم: 14661، 14783. منہاج السوی)

درس نمبر ۱۵

بعض ضروری قواعد اور یاد رکھنے کی چیزیں

(۱) عربی میں ''ہے، ہو، ہیں یا ہوں'' وغیرہ کے لیے کوئی لفظ نہیں۔ دو زبر، دو زیر یا دو پیش (ً ٍ ٌ) یہ معنیٰ پیدا کر دیتے ہیں۔

(۲) تمام حروف جار کے بعد آنے والے اسمأ کے آخری حرف کے نیچے ہمیشہ ایک زیر (ِ) یا دو زیر (ٍ) ہوں گے۔ جیسے عَنِ الرُّوْحِ

(۳) پہلا لفظ ''اَلْ'' والا ہو اور دوسرا بغیر ''اَلْ'' کا تو یہ جملہ اسمیہ مکمل جملہ ہوگا۔ جیسے اَلْقُرْاٰنُ کِتَابٌ

(۴) خاص نام پر کبھی بھی ''اَلْ'' داخل نہیں ہوتا۔

(۵) أیا ھَلْ شروع میں لکھنے سے جملہ سوالیہ بن جاتا ہے۔

(۶) عربی میں صرف دو زمانے ہیں۔ ایک ماضی دوسرا مضارع (مضارع میں حال اور مستقبل دونوں داخل ہیں)

(۷) مضارع کو مستقبل سے مخصوص کرنے کے لیے پہلے ''س یا سَوْفَ'' لکھ دیتے ہیں۔ جیسے سَیَعْلَمُوْنَ، سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔

(۸) تین حرفی کے فاعل ''الف'' سے بنتے ہیں۔ جیسے نَصَرَ سے نَاصِرٌ (مدد کرنے والا) اور تین سے زائد حروف والے افعال کے فاعل ''م'' سے بنتے ہیں۔ جیسے اِنْتَظَرَ سے مُنْتَظِرٌ (انتظار کرنے والا)۔

(۹) تین حرفی کے فاعل ماضی سے اور تین سے زائد حروف کے فاعل مضارع سے بنتے ہیں۔

(۱۰) فاعل کے ماقبل آخر (آخری حرف سے پہلے والے حرف) پر زبر (َ) سے مفعول بن جاتا ہے جیسے مُنْتَظَرٌ (جس کا انتظار کیا جائے)

(۱۱) تین حرفی کے مفعول، ماضی میں ''م'' اور ''و'' لگانے سے بنتے ہیں۔ جیسے نَصَرَ سے مَنْصُوْرٌ (مدد کیا گیا)

(۱۲) تین حرفی کے امر کے لیے مضارع میں تیسرا حرف پیش (ُ) والا ہو تو ''یَ'' نکال کر ''اُ'' لکھ کر آخری حرف پر جزم (ْ) کر دیا جائے۔ جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ سے ''یَ'' کی جگہ ''اُ'' لکھ کر آخری حرف پر جزم دے دی جائے تو ہوگا اُنْصُرْ۔

اور اگر تیسرا حرف پیش والا نہ ہو، تو چاہے زیر ہو یا زبر (ِ َ) کچھ بھی ہو ''یَ'' نکال کر ''اِ'' لکھ دینے سے امر بن جاتا ہے۔ جیسے فَتَحَ یَفْتَحُ سے تیسرا حرف تا (ت) زبر والا ہے۔ لہٰذا ''یَ'' کی جگہ ''اِ'' لکھ کر آخر میں جزم دینے سے امر (اِفْتَحْ) بن جائے گا۔ ایسے ہی ضَرَبَ یَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔

(۱۳) کسی بھی امر کو مؤنث بنانے کے لیے اس کے آخر میں ''یْ'' بڑھا دی جائے۔ جیسے اُنْصُرْ سے اُنْصُرِیْ۔

(۱۴) تین سے زائد حرفی الفاظ کے امر ماضی کے (2nd last) ماقبل آخر کے حرف کے نیچے زیر (ـِ) پھر جزم (ـْ) لکھنے سے بنتے ہیں۔ جیسے اَسلَمَ سے اَسلِمْ، اِنْقَلَبَ سے اِنْقَلِبْ، اِسْتَغْفَرَ سے اِسْتَغْفِرْ، تَفَكَّرَ سے تَفَكَّرْ، تَوَازَنَ سے تَوَازَنْ، جَاهَدَ سے جَاهِدْ۔

(۱۵) امر کے آخر میں "یْ" لکھنے سے مؤنث اور "نِیْ" لکھنے سے معنیٰ میرا، میری، میرے اور مجھے ہوجائیں گے۔

(۱۶) سَئَلَ + يَسْئَلُ سے امر ہوگا اِسْئَلْ۔ جب کہ سَالَ + يَسَالُ سے امر بنے گا سَلْ (اس کے دو امر ہیں)۔

(۱۷) ماضی میں ماقبل آخر یعنی آخر سے دوسرے حرف کے نیچے زیر (ـِ) اور آخری حرف پر جزم (ـْ) لکھنے سے امر بن جاتا ہے۔ (ہاں " تَفَكَّرَ " اور "تَوَازَنَ" کے افعال میں ان کے آخری حرف پر جزم (ـْ) سے امر بنتا ہے)۔

(۱۸) اگر عبارت کے دوران میں کہیں کسی بھی فعل کا مصدر استعمال ہوتو اس کے معنیٰ میں ماضی، حال یا مستقبل کسی بھی زمانے کی قید نہیں ہوتی، مضمون کی مطابقت سے ترجمہ کیا جائے گا۔ جیسے وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَاناً (والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو/ کرتے رہو/کرتے رہنا)۔

(۱۹) "مَنْ" عام بات یعنی جنس کے لیے آتا ہے۔ اور "مَا" اس جنس کے پیشہ (صفت) کے لیے آتا ہے۔ جیسے مَنْ اَنْتَ؟ آپ کون ہیں؟ مَا اَنْتَ؟ آپ کیا (کام کرتے) ہیں؟

(۲۰) "اِنَّ مَا" کا مطلب ہے بے شک نہیں۔ جب کہ اِنَّمَا کے معنی بے شک، تحقیق کے ہیں۔

(۲۱) تثنیہ اور جمع سالم کے آخری نون کو نونِ اعرابی کہتے ہیں۔ تثنیہ اور جمع سالم اگر کسی کے مضاف ہوں تو آخری نون گرجاتا ہے۔ جیسے وَالِدَيْنِ سے وَالِدَيَّ (میرے والدین)۔

(۲۲) مضارع میں سے "یَ، یُ" نکال کر "مُ" لکھنے سے فاعل بن جاتا ہے۔

(۲۳) جب کہیں دو ایک سے حروف ساتھ آجائیں تو دونوں کو تشدید دے کر ملا دیا جاتا ہے جیسے حَاجِج سے حَاجّ۔

(۲۴) مزید فیہ کے ماضی میں اگر چار حروف ہوجائیں اس کا مضارع یا پیش یُو (یُ) سے ہوگا۔ جیسے اَسْلَمَ سے يُسْلِمُ، قَوّٰى سے يُقَوِّيْ وغیرہ۔ جبکہ باقی تمام مزید فیہ کے مضارع یا زبر یا (یَ) سے ہوں گے۔

☆ استیصال کی یا اگر الف میں تبدیل ہوجائے (ی=ا) تو مادہ "اصل" بنے گا۔ معنی ہوں گے جڑ کاٹنا۔

اور اگر استیصال کی یا واؤ میں تبدیل ہوجائے (ی=و) تو مادہ وصل بنے گا۔ معنی ہوں گے ملنا۔

(۲۵) ثلاثی مجرد کے ایک مادّے سے کئی مصادر بنتے ہیں، جن کا کوئی خاص طریقہ نہیں ہے۔ مثلاً (ھ د ی) سے هُدًى، هُدٰى، هَدْياً، هَدْيَةً، هِدَايَةً وغیرہ۔ یہاں صرف ایک طریقے کو ترجیح دی ہے کہ تین حرفی کے مادے کے آخری حرف پر دو زبر

لگا کر ایک الف بڑھا دیا جائے۔ (ـًا) تو مصدر بن جائے گا اسے اصطلاحِ گرامر میں مفعول مطلق بھی کہا جاتا ہے۔ قرآنِ پاک میں بہت سے مقامات پر ایسا ہی مصدر استعمال ہوا ہے۔ مثلاً ذَرْوٌ سے ذَرْوًا۔ (ض ب ح) ضَبْحٌ سے ضَبْحاً۔ (ق د ح) قَدْحٌ سے قَدْحاً وغیرہ۔

(۲۶) رباعی مجرد کے مصدر بنانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اس کے مادے کے آخری حرف کے بعد ''ۃً، ۃٌ'' بڑھا دیا جائے تو مصدر بن جائے گا۔ مثلاً (و س و س) وَسْوَسَ سے وَسْوَسَةً۔ (ب ع ث ر) بَعْثَرَ سے بَعْثَرَةً۔ (ت ر ج م) تَرْجَمَ سے تَرْجَمَةً مصدر بنتے ہیں۔

رباعی مجرد کا ماضی بنانا بھی بہت آسان ہے۔ مادّے کے دوسرے حرف پر جزم (ـْ) دے دی جائے اور باقی سب پر زبر لگانے سے ماضی بن جائے گا۔ مثلاً (و س و س) یہ مادّہ ہے، اس کے دوسرے حرف پر جزم لگا کر باقی پر جب زبر لگائیں گے تو ہوگا وَسْوَسَ یہی ماضی ہے۔

(۲۷) اگر کسی لفظ یا مادّے کے آخر میں ''ی'' آ جائے تو اس سے ملنے والے حرف پر کھڑا زبر (ـٰ) آئے گا۔ مثلاً: عِیْسٰی، مُوْسٰی، مرتضٰی، وغیرہ۔

(۲۸) اگر کسی مادّے میں آخری حرف واؤ (و) ہو تو ماضی میں ''ی'' میں تبدیل ہو جائے گا۔ مثلاً ر ض و سے ماضی ہوگا رَضِیَ۔

(۲۹) اگر مادّے کا آخری حرف ''ی'' سے ملنے والا حرف زیر (ـِ) والا ہو تو پھر آخری ''ی'' پر جزم (ـْ) یا زبر (ـَ) بھی آ سکتا ہے۔ مثلاً نَسِیَ، یَھْدِیْ۔

(۳۰) هَلْ یا اِنْ کے بعد آگے کہیں پر اِلَّا آ جائے تو ان دونوں (هَلْ، اِنْ) کا ترجمہ ''نہیں'' کرنا چاہیے۔ مثلاً قرآنِ پاک میں ہے اِنْ هُوَ اِلَّا ذِکْرٌ ''نہیں ہے وہ مگر ذکر'' اسی طرح دوسری جگہ ہے هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ (الانبیاء ۲۱/ ۳) ''نہیں ہے یہ مگر تمہاری طرح بشر۔''

(۳۱) اسم تفضیل اَفْضَلُ (اَفْعَلُ) کے وزن پر آتا ہے۔

(۳۲) لفظ اَفْعَلُ کے وزن پر ہو اور اس کے بعد ''مِنْ'' نہ ہو تو یہ تفضیل کل Superlative Degree ہے۔ مثلاً اَلرَّسُوْلُ اَفْضَلُ الْبَشَرِ ''رسول تمام انسانوں سے افضل (افضل ترین) ہیں'' اور اگر اس کے بعد ''مِنْ'' ہو تو یہ تفضیل بعض (Comparative Degree) ہے مثلاً اَلْعُلَمَاءُ اَفْضَلُ مِنَ النَّاسِ ''علما لوگوں سے زیادہ فضیلت والے ہیں۔'' قرآن پاک میں ہے۔ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ...

(۳۳) رنگ وعیب کے الفاظ سے پہلے اَشَدُّ، اَقَلُّ، اَکْثَرُ لا کر اسم تفضیل بناتے ہیں۔ خیر اور شر بھی اسم تفضیل میں استعمال ہوتے

ہیں۔ مثلاً هُمۡ خَيۡرُ الۡبَرِيَّةِ 'وہ مخلوق میں بہترین لوگ ہیں'' هُمۡ شَرُّ الۡبَرِيَّةِ 'وہ مخلوق میں بدترین لوگ ہیں۔''

تین حروف سے زائد کے ماضی، مضارع

(۳۴) تین سے زیادہ حروف والے افعال کے ماضی، مضارع بنانے کے لیے''ت'' سے شروع ہونے والے تین الفاظ''ا'' (الف) سے شروع ہونے والے چار الفاظ اور''ج'' سے شروع ہونے والا ایک لفظ۔ اس طرح یہ آٹھ الفاظ بنتے ہیں جس کو یاد رکھنے کے لیے لفظ''**تاج**'' کو ذہن نشین کرنا ضروری ہے۔

''ت'' کے تین الفاظ (۱) تَعۡلِيۡم (۲) تَفَكُّر (۳) تَوَازُن

''ا'' کے چار الفاظ (۱) اِسۡلَام (۲) اِنۡقِلَاب (۳) اِحۡتِسَاب (۴) اِسۡتِغۡفَارُ

''ج'' کا ایک لفظ جِهَادٌ اس میں''ج'' کی جگہ الف سے لے کر''ی'' تک کا کوئی حرف بھی آ سکتا ہے۔ یا مُجَاهَدَةٌ (اس میں سے مر اور ۃ کو نکال دیا جائے تو ماضی بن جاتا ہے) یہ آٹھ الفاظ آٹھ خزانوں کی کنجیاں ہیں۔

تعلیم، اسلام اور جہاد کے مضارع یُ لکھنے سے اور باقی پانچ الفاظ کے مضارع یَ لکھنے سے بنتے ہیں۔

مصدر سے ماضی بنانے کے لیے عموماً آخر سے دوسرے حرف یعنی الف ماقبل آخر کو گرا دیا جاتا ہے جیسے اِنۡقِلَاب سے اِنۡقَلَبَ

خیال رہے کہ اِسۡلَام جو کہ مصدر ہے اس کا پہلا حرف الف زیر (اِ) ماضی میں الف زبر (اَ) ہو جاتا ہے۔ جب کہ تَفَكُّر اور تَوَازُن میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی، ان کا صرف پیش (ــُـ)، زبر (ــَـ) میں بدل جاتا ہے۔ جیسے تَفَكُّر سے ماضی ہوگا تَفَكَّرَ اور تَوَازُن سے تَوَازَنَ۔

الف کے باقی تین الفاظ یعنی اِحۡتِسَاب، اِنۡقِلَاب، اِسۡتِغۡفَارُ کے ماضی میں الف زیر (اِ) ہی رہتا ہے۔ جب کہ مضارع میں (تَفَكُّر اور تَوَازُن کے مضارع کے علاوہ) آخر سے دوسرے حرف یعنی ماقبلِ آخر کے نیچے زیر (ــِـ) آ جاتا ہے۔ اسے بہتر طریقے سے سمجھنے کے لیے۔

مرشد کی اہمیت پہچانو

اے لختِ جگر! یہ بات ذہن نشین کرلے کہ سالک (اللہ تعالیٰ کی راہ پر چلنے والے مرید) کو شیخ کی ضرورت ہے۔ جو اس کی رہنمائی اور تربیّت کرنے والا ہو، تاکہ اس کے بُرے اَخلاق کو نکال کر اسے اچھے اَخلاق سے مزیّن کردے۔

تربیت کی مثال بالکل اس طرح ہے، کہ جس طرح ایک کسان کھیتی باڑی کے دوران اپنی فصل سے غیر ضروری گھاس، جڑی بوٹیاں نکال دیتا ہے تاکہ فصل کی ہریالی اور نشوونما میں کمی نہ آئے۔ اسی طرح سالکِ راہِ حق (مرید) کے لیے شیخ (مرشدِ کامل) کا ہونا نہایت ہی ضروری ہے۔ جو اس کی اَحسن طریقے سے تربیت کرے اور اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کیلئے اس کی رہنمائی کرے۔

(بیٹے کو نصیحت، ترجمہ: ایھا الولد، حجۃ الاسلام ابو حامد امام محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، ص 34، مکتبۃ المدینہ کراچی)

درج ذیل نقشے کو غور سے پڑھا اور دیکھا جائے۔

نمبر شمار	مصدر	کمپیوٹر	ماضی	مضارع	فاعل	مفعول	امر ماضی سے
۱	اِسلَام (افعال)	اَس لَ x مَ	اَسلَمَ	یُسلِمُ	مُسلِمٌ	مُسلَمٌ	اَسلِمْ
۲	اِحتساب (اِفتِعَال)	اِ حْ تَ سَ x بَ	اِحتَسَبَ	یَحتَسِبُ	مُحتَسِبٌ	مُحتَسَبٌ	اِحتَسِبْ
۳	اِنقِلَاب (اِنفِعَال)	اِ نْ قَ لَ x بَ	اِنقَلَبَ	یَنقَلِبُ	مُنقَلِبٌ	مُنقَلَبٌ	اِنقَلِبْ
۴	اِستِغفارُ (اِستِفعَال)	اِ سْ تَ غْ فَ x رَ	اِستَغفَرَ	یَستَغفِرُ	مُستَغفِرٌ	مُستَغفَرٌ	اِستَغفِرْ
۵	تَعلِیمُ (تَفعِیلٌ)	تَ عَ لَّ ی مَ	عَلَّمَ	یُعَلِّمُ	مُعَلِّمٌ	مُعَلَّمٌ	عَلِّمْ
۶	تَفَکُّرَ (تَفَعُّل)	تَ فَ کَّ رَ	تَفَکَّرَ	یَتَفَکَّرُ	مُتَفَکِّرٌ	مُتَفَکَّرٌ	تَفَکَّرْ
۷	تَوازُنْ (تَفَاعُل)	تَ وَا زَ نَ	تَوَازَنَ	یَتَوَازَنُ	مُتَوَازِنٌ	مُتَوَازَنٌ	تَوَازَنْ
۸	جِهَادٌ (فِعَالٌ)	ج ہ ا د جَ ا ہَ دَ	جَاهَدَ	یُجَاهِدُ	مُجَاهِدٌ	مُجَاهَدٌ	جَاهِدْ
	مُجَاهَدَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	مِ جَ ا ہَ دَ ۃ	جَاهَدَ	یُجَاهِدُ	مُجَاهِدٌ	مُجَاهَدٌ	جَاهِدْ

یہ دونوں ایک ہی لفظ ہیں صرف وزن بدل گیا ہے۔ ''جہاد'' کا ماضی بنانے کے لیے بیچ کے دو حروف کی جگہ ایک دوسرے سے بدل دی جاتی ہے اور پھر سب پر زبر (ـَ ـَ ـَ) دے دیا جاتا ہے۔ یعنی جہاد کے ماضی میں دوسرا حرف ہمیشہ الف آئے گا۔ مثلاً جہاد (ج ہ ا د) یا جہاد کے الف کو نکال کر جیم پر لکھ دیا جائے جیسے (ج ہ ا د) جٰھَدَ۔

اسی لفظ کا دوسرا وزن مُجَاهَدَةٌ ہے۔ اس کا پہلا اور آخری حرف مٹا دیا جائے، باقی جو بچے وہ ماضی ہوگا۔ مثلاً مُجَاهَدَةٌ سے ''م'' کو شروع سے اور ''ۃ'' کو آخر سے ہٹا دیا جائے تو ''جَاهَدَ'' بچا، یہی اس کا ماضی ہے۔

تمرین

درج ذیل الفاظ سے ماضی، مضارع، فاعل، مفعول اور امر بنانے کی مشق کی جائے اِنعام، اِخراج، اَخبَارٌ، اِنکِسار، اِنحِراف، اِنتِظار، اِعتِراف، اِنتِشَارٌ، اِستِکبَارٌ، اِستِعمَالٌ، استفسار، تصویر، تسبیح، تنویر، تَقَبُّل، توکُّل، تَکَلُّف، تناسُب، تَقابُل، تَخاطُب، قِتال، لِزام، حِجاج۔

درس نمبر ۱۶

حروف علت (VOWELS / DEFECTIVE WORDS)

حروف علت ماضی، مضارع، امر وغیرہ میں ہمیشہ ایک دوسرے سے ادلتے بدلتے رہتے ہیں۔ مثلاً

هُدًى (ض) هَدَيَ يَهْدِيُ سے تبدیل ہوکر ماضی اور مضارع میں هَدٰى يَهْدِيْ ہوجاتا ہے۔

قَوْلٌ (ن) قَوَلَ يَقْوُلُ سے تبدیل ہوکر ماضی و مضارع میں قَالَ يَقُوْلُ بن جاتا ہے۔

رُؤْيَةٌ (ف) رَوَيَ يَرْوَيُ سے تبدیل ہوکر رَاٰى يَرٰى بن جاتا ہے۔

اسی طرح تین حروف سے زائد کے افعال میں بھی یہ تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں مثلاً تَعْلِيْمٌ کے وزن پر تَقْوِيَةٌ (قوت دینا) ہے۔ تَقْوِيَةٌ میں ''ی'' کھڑا زبر یعنی الف میں تبدیل ہوکر واؤ پر (وٰ) آتی ہے (ی = ا) جیسے قَوّٰى يُقَوِّيْ۔

اسلام کے وزن پر ایمان (ماننا) کی یا (ی) الف (ی = ا) میں تبدیل ہوکر کھڑا زبر کی شکل میں الف پر لگ جاتی ہے۔ جیسے اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔

اسلام ہی کے وزن پر اِيْحَاءٌ کی یا (ی) واؤ (و) (ی=و) میں اور ہمزہ یا (ء = ی) میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ جیسے اَوْحٰى يُوْحِيْ۔

اِسلام کے وزن پر اِحْيَاءٌ (زندہ کرنا) کا ہمزہ (ء) یا (ی) میں تبدیل ہوجاتا ہے (ء = ی) جیسے اَحْيٰى يُحْيِيْ۔

استغفار کے وزن پر استعانت (مدد مانگنا) کا بیچ والا الف مضارع میں یا (ا=ی) میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ جیسے اِسْتَعَانَ سے يَسْتَعِيْنُ۔

استغفار ہی کے وزن پر استیقاد (آگ روشن کرنا) کا یا واؤ (ی = و) میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ جیسے اِسْتَوْقَدَ يَسْتَوْقِدُ۔

(حروف علت جب کسی لفظ یا فعل میں ہوتے ہیں اور اس سے امر (حکم) کا صیغہ بنایا جاتا ہے تو حروف علت ہٹا دیے جاتے ہیں۔ مثلاً وَقٰى کے معنٰی ہیں ''بچایا اس ایک مردنے'' مگر اس کا امر صرف قِ رہ جاتا ہے۔ یعنی تو بچا، و اور ی امر میں نہیں ہیں۔)

اخلاص کی حقیقت جانو

اخلاص اسے کہتے ہیں کہ تیرا ہر عمل صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہو، نہ لوگوں کی تعریف وتوصیف کی تجھے خواہش ہو اور نہ ہی مذمّت وبرائی کی پرواہ ہو۔ یہ بات اچھی طرح سمجھ لو! کہ ریاکاری لوگوں کی (طرف سے اپنی) تعظیم وتوقیر (کی خواہش رکھنے کی وجہ) سے پیدا ہوتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ تُو تمام لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طاقت وقدرت کے سامنے مُسخّر خیال کرے اور یہ گمان کرلے کہ انھیں جمادات کی طرح نفع، نقصان پہنچانے میں (سوائے اللہ تعالیٰ کی مرضی کے) کوئی اختیار نہیں۔ اور جب تک تُو ایسا نہیں کریگا، تجھے ریاکاری جیسی خطرناک اور بُری بیماری سے نجات نہیں مل سکتی۔

(بیٹے کو نصیحت، ترجمہ: ایھا الولد، حجۃ الاسلام ابو حامد امام محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، ص38، مکتبۃ المدینہ کراچی)

حروف علت (ا ۔ و ۔ ی) والے چند افعال میں رد و بدل کا کمپیوٹرائز نقشہ پیش کیا جاتا ہے بغور پڑھا جائے۔

مصدر	کمپیوٹر	ماضی	مضارع	فاعل	مفعول	امر (ماضی سے بنتا ہے)
تعلیم کے وزن پر تقویت						
تقویت	(ت قَ وّ ی ۃ	قَوّٰی	یُقَوِّیْ	مُقَوِّیْ	مُقَوّٰی	قَوِّ (قوت دے)
تولیۃٌ	ت وَ لّ ی ۃ	وَلّٰی	یُوَلِّیْ	مُوَلِّیْ	مُوَلّٰی	وَلِّ (رخ کر، منہ موڑ)
تنجیۃٌ	ت نَ جّ ی ۃ	نَجّٰی	یُنَجِّیْ	مُنَجِّیْ	مُنَجّٰی	نَجِّ (نجات دے)
تسمیۃٌ	ت سَ مّ ی ۃ	سَمّٰی	یُسَمِّیْ	مُسَمِّیْ	مُسَمّٰی	سَمِّ (نام رکھ)
اِیمان	اٰ ی مَ ا نَ	اٰمَنَ	یُؤْمِنُ	مُؤْمِنُ	مُؤْمَنَ	اٰمِنْ (ایمان لے آ)
اِقامۃ	اَ قَ ا مَ ۃ	اَقَامَ	یُقِیْمُ	مُقِیْمُ	مُقَامَ	اَقِمْ (قائم کر)
اِیحاء	اَ ی حَ ا ء	اَوْحٰی	یُوْحِیْ	مُوْحِیْ	مُوْحٰی	اَوْحِ (وحی کر)
اِحیاْ	اَ حْ یَ ء	اَحْیٰی	یُحْیِیْ	مُحْیِیْ	مُحْیٰی	اَحْیِیْ (زندہ کر)
استغفار کے وزن پر استیقاد						
استیقاد	اِ سْ تَ یْ قَ ا دَ	اِسْتَوْقَدَ	یَسْتَوْقِدُ	مُسْتَوْقِدٌ	مُسْتَوْقَدٌ	اِسْتَوْقِدْ (آگ روشن کر)
استعانت	اِ سْ تَ عَ ا نَ تَ	اِسْتَعَانَ	یَسْتَعِیْنُ	مُسْتَعِیْنٌ	مُسْتَعَانٌ	اِسْتَعِنْ (مدد مانگ)
استیصال	اِ سْ تَ ی صَ ا لَ	اِسْتَاْصَلَ	یَسْتَاْصِلُ	مُسْتَاْصِلُ	مُسْتَاْصَلُ	اِسْتَاْصِلْ (جڑ طلب کر/ کاٹ)
استیصال	اِ سْ تَ ی صَ x لَ	اِسْتَوْصَلَ	یَسْتَوْصِلُ	مُسْتَوْصِلُ	مُسْتَوْصَلُ	اِسْتَوْصِلْ (مل)

مزید حروفِ علت والے الفاظ تلاش کر کے ان کے ماضی مضارع وغیرہ بنائے جائیں۔ حروف علت (ا و ی) والے افعال کے فاعل دو طرح سے بنتے ہیں۔ مثلاً

هَدٰی سے فاعل هَادِیٌّ یا هَادٍ

دَعٰی سے فاعل دَاعِیٌّ یا دَاعٍ

قَضٰی سے فاعل قَاضِیٌّ یا قَاضٍ

حروف علت کے اعتبار سے فعل کی سات اقسام ہیں۔ جنہیں ہفت اقسام کہا جاتا ہے۔

درس نمبر ۱۷

ہفت اقسام (سہ حرفی افعال کی اقسام بلحاظ اشکال)

نمبر شمار	فعل کا نام	خاصیت	مادّہ	ماضی	مضارع
۱	صحیح (سالم) (Sound Verb)	ہمزہ، واؤ، یا اور دو حروف ایک جنس کے نہ ہوں	ن ص ر	نَصَرَ	يَنْصُرُ
۲	مضاعف (Doubled Verb)	جس میں دو حروف ایک جیسے ہوں	ص د د	صَدَّ	يَصُدُّ
۳	مہموز (Verb having a hamza)	کسی بھی جگہ ایک ہمزہ ہو	أ م ر	أَمَرَ	يَأْمُرُ
			س ء ل	سَئَلَ	يَسْئَلُ
			ق ر ء	قَرَءَ	يَقْرَءُ
۴	معتل الفا (مثال) (Modal Verb)	واوی۔ پہلے واؤ ہو	و ع د	وَعَدَ	يَعِدُ
		یائی۔ پہلے یا ہو	ی ق ن	يَقِنَ	يَيْقَنُ
۵	معتل العین (اَجوف) (Hollow Verb)	واوی۔ بیچ میں واؤ ہو	ق و ل	قَالَ	يَقُوْلُ
		یائی۔ بیچ میں یا ہو	ب ی ع	بَاعَ	يَبِيْعُ
۶	معتل اللام (ناقص) (Deficient Verb)	واوی۔ آخر میں واؤ ہو	ل ھ و	لَهٰى	يَلْهُوْ
		یائی۔ آخر میں یا ہو	ھ د ی	هَدٰى	يَهْدِيْ
۷	لفیف (Mixed Defective Verb)	مقرون۔ واؤ اور یا ایک ساتھ	ھ و ی	هَوٰى	يَهْوِيْ
		مفروق۔ واؤ اور یا الگ الگ	و ق ی	وَقٰى	يَقِيْ

کلمہ کی ان ہفت اقسام کو اس شعر کے ذریعے اچھی طرح یاد کرلیں:

صحیح است ومثال است ومضاعف — لفیف وناقص ومہموز واجوف۔

بعض صرفیین ان اقسام کو دس شمار کرتے ہیں:

صحیح — مہموز الفاء — مہموز العین — مہموز اللام — مثال

اجوف — ناقص — لفیف مقرون — لفیف مفروق — مضاعف

ان دس اقسام کو دہ اقسام کہتے ہیں۔ اور بعض ان اقسام میں مضاعف کو دو شمار کرتے ہیں: مضاعف ثلاثی، اور مضاعف رباعی۔ اس طرح یہ کل گیارہ قسمیں بن جاتی ہیں جنہیں یازدہ اقسام کہتے ہیں۔ اور بعض حضرات ان اقسام میں سے صرف چار قسمیں شمار کرتے ہیں: صحیح، مہموز، معتل، اور مضاعف۔ انہی چار اقسام کو چہار اقسام کہا جاتا ہے۔

ہفت اقسام کی گردانیں

مثال ماضی مطلق معروف ومجہول کی گردانیں

مثال	مثال واوی ماضی		مثال واوی مضارع		مثال یائی ماضی		مثال یائی مضارع	
صیغے	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول
مذکر	وَعَدَ	وُعِدَ	يَعِدُ	يُوْعَدُ	يَسَرَ	يُسِرَ	يَيْسِرُ	يُوْسَرُ
غائب	وَعَدَا	وُعِدَا	يَعِدَانِ	يُوْعَدَانِ	يَسَرَا	يُسِرَا	يَيْسِرَانِ	يُوْسَرَانِ
	وَعَدُوْا	وُعِدُوْا	يَعِدُوْنَ	يُوْعَدُوْنَ	يَسَرُوْا	يُسِرُوْا	يَيْسِرُوْنَ	يُوْسَرُوْنَ
مذکر	وَعَدْتَّ	وُعِدْتَّ	تَعِدُ	تُوْعَدُ	يَسَرْتَ	يُسِرْتَ	تَيْسِرُ	تُوْسَرُ
حاضر	وَعَدْتُّمَا	وُعِدْتُّمَا	تَعِدَانِ	تُوْعَدَانِ	يَسَرْتُمَا	يُسِرْتُمَا	تَيْسِرَانِ	تُوْسَرَانِ
	وَعَدْتُّمْ	وُعِدْتُّمْ	تَعِدُوْنَ	تُوْعَدُوْنَ	يَسَرْتُمْ	يُسِرْتُمْ	تَيْسِرُوْنَ	تُوْسَرُوْنَ
مؤنث	وَعَدَتْ	وُعِدَتْ	تَعِدُ	تُوْعَدُ	يَسَرَتْ	يُسِرَتْ	تَيْسِرُ	تُوْسَرُ
غائب	وَعَدَتَا	وُعِدَتَا	تَعِدَانِ	تُوْعَدَانِ	يَسَرَتَا	يُسِرَتَا	تَيْسِرَانِ	تُوْسَرَانِ
	وَعَدْنَ	وُعِدْنَ	يَعِدْنَ	يُوْعَدْنَ	يَسَرْنَ	يُسِرْنَ	يَيْسِرْنَ	يُوْسَرْنَ
مؤنث	وَعَدْتِّ	وُعِدْتِّ	تَعِدِيْنَ	تُوْعَدِيْنَ	يَسَرْتِ	يُسِرْتِ	تَيْسِرِيْنَ	تُوْسَرِيْنَ
حاضر	وَعَدْتُّمَا	وُعِدْتُّمَا	تَعِدَانِ	تُوْعَدَانِ	يَسَرْتُمَا	يُسِرْتُمَا	تَيْسِرَانِ	تُوْسَرَانِ
	وَعَدْتُّنَّ	وُعِدْتُّنَّ	تَعِدْنَ	تُوْعَدْنَ	يَسَرْتُنَّ	يُسِرْتُنَّ	تَيْسِرْنَ	تُوْسَرْنَ
متکلم	وَعَدْتُّ	وُعِدْتُّ	اَعِدُ	اُوْعَدُ	يَسَرْتُ	يُسِرْتُ	اَيْسِرُ	اُوْسَرُ
	وَعَدْنَا	وُعِدْنَا	نَعِدُ	نُوْعَدُ	يَسَرْنَا	يُسِرْنَا	نَيْسِرُ	نُوْسَرُ

اَجْوَف ماضی کی گردانیں

	اجوف واوی		اجوف یائی		اجوف واوی مکسور العین	
صیغے	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول
مذکر غائب	قَالَ	قِيلَ	بَاعَ	بِيعَ	خَافَ	خِيفَ
	قَالَا	قِيلَا	بَاعَا	بِيعَا	خَافَا	خِيفَا
	قَالُوْا	قِيلُوْا	بَاعُوْا	بِيعُوْا	خَافُوْا	خِيفُوْا
مذکر حاضر	قُلْتَ	قُلْتَ	بِعْتَ	بِعْتَ	خِفْتَ	خِفْتَ
	قُلْتُمَا	قُلْتُمَا	بِعْتُمَا	بِعْتُمَا	خِفْتُمَا	خِفْتُمَا
	قُلْتُمْ	قُلْتُمْ	بِعْتُمْ	بِعْتُمْ	خِفْتُمْ	خِفْتُمْ
مؤنث غائب	قَالَتْ	قِيلَتْ	بَاعَتْ	بِيعَتْ	خَافَتْ	خِيفَتْ
	قَالَتَا	قِيلَتَا	بَاعَتَا	بِيعَتَا	خَافَتَا	خِيفَتَا
	قُلْنَ	قُلْنَا	بِعْنَ	بِعْنَ	خِفْنَ	خِفْنَ
مؤنث حاضر	قُلْتِ	قُلْتِ	بِعْتِ	بِعْتِ	خِفْتِ	خِفْتِ
	قُلْتُمَا	قُلْتُمَا	بِعْتُمَا	بِعْتُمَا	خِفْتُمَا	خِفْتُمَا
	قُلْتُنَّ	قُلْتُنَّ	بِعْتُنَّ	بِعْتُنَّ	خِفْتُنَّ	خِفْتُنَّ
متکلم	قُلْتُ	قُلْتُ	بِعْتُ	بِعْتُ	خِفْتُ	خِفْتُ
	قُلْنَا	قُلْنَا	بِعْنَا	بِعْنَا	خِفْنَا	خِفْنَا

اَجْوَف مُضارِع کی گردانیں

	اجوف واوی		اجوف یائی		اجوف مکسور العین	
صیغے	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول
مذکر غائب	يَقُوْلُ يَقُوْلَانِ يَقُوْلُوْنَ	يُقَالُ يُقَالَانِ يُقَالُوْنَ	يَبِيْعُ يَبِيْعَانِ يَبِيْعُوْنَ	يُبَاعُ يُبَاعَانِ يُبَاعُوْنَ	يَخَافُ يَخَافَانِ يَخَافُوْنَ	يُخَافُ يُخَافَانِ يُخَافُوْنَ
مذکر حاضر	تَقُوْلُ تَقُوْلَانِ تَقُوْلُوْنَ	تُقَالُ تُقَالَانِ تُقَالُوْنَ	تَبِيْعُ تَبِيْعَانِ تَبِيْعُوْنَ	تُبَاعُ تُبَاعَانِ تُبَاعُوْنَ	تَخَافُ تَخَافَانِ تَخَافُوْنَ	تُخَافُ تُخَافَانِ تُخَافُوْنَ
مؤنث غائب	تَقُوْلُ تَقُوْلَانِ يَقُلْنَ	تُقَالُ تُقَالَانِ يُقَلْنَ	تَبِيْعُ تَبِيْعَانِ يَبِعْنَ	تُبَاعُ تُبَاعَانِ يُبِعْنَ	تَخَافُ تَخَافَانِ يَخَفْنَ	تُخَافُ تُخَافَانِ يُخَفْنَ
مؤنث حاضر	تَقُوْلِيْنَ تَقُوْلَانِ تَقُلْنَ	تُقَالِيْنَ تُقَالَانِ تُقَلْنَ	تَبِيْعِيْنَ تَبِيْعَانِ تَبِعْنَ	تُبَاعِيْنَ تُبَاعَانِ تُبِعْنَ	تَخَافِيْنَ تَخَافَانِ تَخَفْنَ	تُخَافِيْنَ تُخَافَانِ تُخَفْنَ
متکلم	اَقُوْلُ نَقُوْلُ	اُقَالُ نُقَالُ	اَبِيْعُ نَبِيْعُ	اُبَاعُ نُبَاعُ	اَخَافُ نَخَافُ	اُخَافُ نُخَافُ

ناقص ماضی معروف ومجہول کی گردانیں

	ناقص واوی		ناقص واوی		ناقص یائی	
صیغے	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول
مذکر غائب	دَعَا	دُعِیَ	رَضِیَ	رُضِیَ	رَمٰی	رُمِیَ
	دَعَوَا	دُعِیَا	رَضِیَا	رُضِیَا	رَمَیَا	رُمِیَا
	دَعَوْا	دُعُوْا	رَضُوْا	رُضُوْا	رَمَوْا	رُمُوْا
مذکر حاضر	دَعَوْتَ	دُعِیْتَ	رَضِیْتَ	رُضِیْتَ	رَمَیْتَ	رُمِیْتَ
	دَعَوْتُمَا	دُعِیْتُمَا	رَضِیْتُمَا	رُضِیْتُمَا	رَمَیْتُمَا	رُمِیْتُمَا
	دَعَوْتُمْ	دُعِیْتُمْ	رَضِیْتُمْ	رُضِیْتُمْ	رَمَیْتُمْ	رُمِیْتُمْ
مؤنث غائب	دَعَتْ	دُعِیَتْ	رَضِیَتْ	رُضِیَتْ	رَمَتْ	رُمِیَتْ
	دَعَتَا	دُعِیَتَا	رَضِیَتَا	رُضِیَتَا	رَمَتَا	رُمِیَتَا
	دَعَوْنَ	دُعِیْنَ	رَضِیْنَ	رُضِیْنَ	رَمَیْنَ	رُمِیْنَ
مؤنث حاضر	دَعَوْتِ	دُعِیْتِ	رَضِیْتِ	رُضِیْتِ	رَمَیْتِ	رُمِیْتِ
	دَعَوْتُمَا	دُعِیْتُمَا	رَضِیْتُمَا	رُضِیْتُمَا	رَمَیْتُمَا	رُمِیْتُمَا
	دَعَوْتُنَّ	دُعِیْتُنَّ	رَضِیْتُنَّ	رُضِیْتُنَّ	رَمَیْتُنَّ	رُمِیْتُنَّ
متکلم	دَعَوْتُ	دُعِیْتُ	رَضِیْتُ	رُضِیْتُ	رَمَیْتُ	رُمِیْتُ
	دَعَوْنَا	دُعِیْنَا	رَضِیْنَا	رُضِیْنَا	رَمَیْنَا	رُمِیْنَا

ناقِص مضارع معروف ومجہول کی گردانیں

	ناقص واوی		ناقص واوی		ناقص یائی	
صیغے	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول
مذکر غائب	يَدْعُوْ يَدْعُوَانِ يَدْعُوْنَ	يُدْعَا يُدْعَيَانِ يُدْعَوْنَ	يَرْضٰى يَرْضَيَانِ يَرْضَوْنَ	يُرْضٰى يُرْضَيَانِ يُرْضَوْنَ	يَرْمِيْ يَرْمِيَانِ يَرْمُوْنَ	يُرْمٰى يُرْمَيَانِ يُرْمَوْنَ
مذکر حاضر	تَدْعُوْ تَدْعُوَانِ تَدْعُوْنَ	تُدْعَا تُدْعَيَانِ تُدْعَوْنَ	تَرْضٰى تَرْضَيَانِ تَرْضَوْنَ	تُرْضٰى تُرْضَيَانِ تُرْضَوْنَ	تَرْمِيْ تَرْمِيَانِ تَرْمُوْنَ	تُرْمٰى تُرْمَيَانِ تُرْمَوْنَ
مؤنث غائب	تَدْعُوا تَدْعُوَانِ يَدْعُوْنَ	تُدْعٰى تُدْعَيَانِ يُدْعَيْنَ	تَرْضٰى تَرْضَيَانِ يَرْضَيْنَ	تُرْضٰى تُرْضَيَانِ يُرْضَيْنَ	تَرْمِيْ تَرْمِيَانِ يَرْمِيْنَ	تُرْمٰى تُرْمَيَانِ يُرْمَيْنَ
مؤنث حاضر	تَدْعِيْنَ تَدْعُوَانِ تَدْعُوْنَ	تُدْعَيْنَ تُدْعَيَانِ تُدْعَيْنَ	تَرْضَيْنَ تَرْضَيَانِ تَرْضَيْنَ	تُرْضَيْنَ تُرْضَيَانِ تُرْضَيْنَ	تَرْمِيْنَ تَرْمِيَانِ تَرْمِيْنَ	تُرْمَيْنَ تُرْمَيَانِ تُرْمَيْنَ
متکلم	اَدْعُوْ نَدْعُوْ	اُدْعٰى نُدْعٰى	اَرْضٰى نَرْضٰى	اُرْضٰى نُرْضٰى	اَرْمِيْ نَرْمِيْ	اُرْمٰى نُرْمٰى

مُضَاعَف ماضی ومضارع کی گردانیں

	مضاعف ماضی		مضاعف مضارع	
صیغے	معروف	مجہول	معروف	مجہول
مذکر غائب	مَدَّ مَدَّا مَدُّوا	مُدَّ مُدَّا مُدُّوا	يَمُدُّ يَمُدَّانِ يَمُدُّونَ	يُمَدُّ يُمَدَّانِ يُمَدُّونَ
مذکر حاضر	مَدَدْتَ مَدَدْتُمَا مَدَدْتُمْ	مُدِدْتَ مُدِدْتُمَا مُدِدْتُمْ	تَمُدُّ تَمُدَّانِ تَمُدُّونَ	تُمَدُّ تُمَدَّانِ تُمَدُّونَ
مؤنث غائب	مَدَّتْ مَدَّتَا مَدَدْنَ	مُدَّتْ مُدَّتَا مُدِدْنَ	تَمُدُّ تَمُدَّانِ يَمْدُدْنَ	تُمَدُّ تُمَدَّانِ يُمْدَدْنَ
مؤنث حاضر	مَدَدْتِ مَدَدْتُمَا مَدَدْتُنَّ	مُدِدْتِ مُدِدْتُمَا مُدِدْتُنَّ	تَمُدِّينَ تَمُدَّانِ تَمْدُدْنَ	تُمَدِّينَ تُمَدَّانِ تُمْدَدْنَ
متکلم	مَدَدْتُ مَدَدْنَا	مُدِدْتُ مُدِدْنَا	اَمُدُّ نَمُدُّ	اُمَدُّ نُمَدُّ

لَفِیْفِ مَفْرُوْق ماضی مطلق کی گردانیں

صیغے	ضَرَبَ یَضْرِبُ		سَمِعَ یَسْمَعُ		حَسِبَ یَحْسِبُ	
	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول
مذکر غائب	وَقٰی	وُقِیَ	وَجِیَ	وُجِیَ بِہٖ	وَلِیَ	وُلِیَ
	وَقَیَا	وُقِیَا	وَجِیَا	وُجِیَ بِہِمَا	وَلِیَا	وُلِیَا
	وَقَوْا	وُقُوْا	وَجُوْا	وُجِیَ بِہِمْ	وَلَوْا	وُلُوْا
مذکر حاضر	وَقَیْتَ	وُقِیْتَ	وَجِیْتَ	وُجِیَ بِكَ	وَلِیْتَ	وُلِیْتَ
	وَقَیْتُمَا	وُقِیْتُمَا	وَجِیْتُمَا	وُجِیَ بِكُمَا	وَلِیْتُمَا	وُلِیْتُمَا
	وَقَیْتُمْ	وُقِیْتُمْ	وَجِیْتُمْ	وُجِیَ بِكُمْ	وَلِیْتُمْ	وُلِیْتُمْ
مؤنث غائب	وَقَتْ	وُقِیَتْ	وَجِیَتْ	وُجِیَ بِہَا	وَلِیَتْ	وُلِیَتْ
	وَقَتَا	وُقِیَتَا	وَجِیَتَا	وُجِیَ بِہِمَا	وَلِیَتَا	وُلِیَتَا
	وَقَیْنَ	وُقِیْنَ	وَجِیْنَ	وُجِیَ بِہِنَّ	وَلِیْنَ	وُلِیْنَ
مؤنث حاضر	وَقَیْتِ	وُقِیْتِ	وَجِیْتِ	وُجِیَ بِكِ	وَلِیْتِ	وُلِیْتِ
	وَقَیْتُمَا	وُقِیْتُمَا	وَجِیْتُمَا	وُجِیَ بِكُمَا	وَلِیْتُمَا	وُلِیْتُمَا
	وَقَیْتُنَّ	وُقِیْتُنَّ	وَجِیْتُنَّ	وُجِیَ بِكُنَّ	وَلِیْتُنَّ	وُلِیْتُنَّ
متکلم	وَقَیْتُ	وُقِیْتُ	وَجِیْتُ	وُجِیَ بِیْ	وَلِیْتُ	وُلِیْتُ
	وَقَیْنَا	وُقِیْنَا	وَجِیْنَا	وُجِیَ بِنَا	وَلِیْنَا	وُلِیْنَا

لَفِیْفِ مَفْرُوْق مضارع کی گردانیں

صیغے	ضَرَبَ یَضْرِبُ		سَمِعَ یَسْمَعُ		حَسِبَ یَحْسِبُ	
	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول
مذکر غائب	یَقِیْ یَقِیَانِ یَقُوْلُوْنَ	یُوْقٰی یُوْقَیَانِ یُوْقَوْنَ	یَوْجٰی یَوْجَیَانِ یَوْجَوْنَ	یُوْجٰی بِہٖ یُوْجٰی بِہِمَا یُوْجٰی بِہِمْ	یَلِیْ یَلِیَانِ یَلُوْنَ	یُوْلٰی یُوْلَیَانِ یُوْلَوْنَ
مذکر حاضر	تَقِیْ تَقِیَانِ تَقُوْنَ	تُوْقٰی تُوْقَیَانِ تُوْقَوْنَ	تَوْجٰی تَوْجَیَانِ تَوْجَوْنَ	یُوْجٰی بِكَ یُوْجٰی بِکُمَا یُوْجٰی بِکُمْ	تَلِیْ تَلِیَانِ تَلُوْنَ	تُوْلٰی تُوْلَیَانِ تُوْلَوْنَ
مؤنث غائب	تَقِیْ تَقِیَانِ یَقِیْنَ	تُوْقٰی تُوْقَیَانِ یُوْقَیْنَ	تَوْجٰی تَوْجَیَانِ یَوْجَیْنَ	یُوْجٰی بِہَا یُوْجٰی بِہِمَا یُوْجٰی بِہِنَّ	تَلِیْ تَلِیَانِ یَلِیْنَ	تُوْلٰی تُوْلَیَانِ یُوْلَیْنَ
مؤنث حاضر	تَقِیْنَ تَقِیَانِ تَقِیْنَ	تُوْقَیْنَ تُوْقَیَانِ تُوْقَیْنَ	تَوْجَیْنَ تَوْجَیَانِ تَوْجَیْنَ	یُوْجٰی بِكِ یُوْجٰی بِکُمَا یُوْجٰی بِکُنَّ	تَلِیْنَ تَلِیَانِ تَلِیْنَ	تُوْلَیْنَ تُوْلَیَانِ تُوْلَیْنَ
متکلم	اَقِیْ نَقِیْ	اُوْقٰی نُوْقٰی	اَوْجٰی نَوْجٰی	یُوْجٰی بِیْ یُوْجٰی بِنَا	اَلِیْ نَلِیْ	اُوْلٰی نُوْلٰی

لَفِیْفِ مَقْرُوْن ماضی مطلق اور مضارع کی گردانیں

	ضَرَبَ یَضْرِبُ سے ماضی		ضَرَبَ یَضْرِبُ سے مضارع		سَمِعَ یَسْمَعُ سے ماضی		سَمِعَ یَسْمَعُ سے مضارع	
	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول	معروف	مجہول
مذکر غائب	طَوٰی	طُوِیَ	یَطْوِیْ	یُطْوٰی	قَوِیَ	قُوِیَ	یَقْوٰی	یُقْوٰی
	طَوَیَا	طُوِیَا	یَطْوِیَانِ	یُطْوَیَانِ	قَوِیَا	قُوِیَا	یَقْوَیَانِ	یُقْوَیَانِ
	طَوَوْا	طُوُوْا	یَطْوُوْنَ	یُطْوَوْنَ	قَوُوْا	قُوُوْا	یَقْوَوْنَ	یُقْوَوْنَ
مذکر حاضر	طَوَیْتَ	طُوِیْتَ	تَطْوِیْ	تُطْوٰی	قَوِیْتَ	قُوِیْتَ	تَقْوٰی	تُقْوٰی
	طَوَیْتُمَا	طُوِیْتُمَا	تَطْوِیَانِ	تُطْوَیَانِ	قَوِیْتُمَا	قُوِیْتُمَا	تَقْوَیَانِ	تُقْوَیَانِ
	طَوَیْتُمْ	طُوِیْتُمْ	تَطْوُوْنَ	تُطْوَوْنَ	قَوِیْتُمْ	قُوِیْتُمْ	تَقْوَوْنَ	تُقْوَوْنَ
مؤنث غائب	طَوَتْ	طُوِیَتْ	تَطْوِیْ	تُطْوٰی	قَوِیَتْ	قُوِیَتْ	تَقْوٰی	تُقْوٰی
	طَوَتَا	طُوِیَتَا	تَطْوِیَانِ	تُطْوَیَانِ	قَوِیَتَا	قُوِیَتَا	تَقْوَیَانِ	تُقْوَیَانِ
	طَوَیْنَ	طُوِیْنَ	یَطْوِیْنَ	یُطْوَیْنَ	قَوِیْنَ	قُوِیْنَ	یَقْوِیْنَ	یُقْوَیْنَ
مؤنث حاضر	طَوَیْتِ	طُوِیْتِ	تَطْوِیْنَ	تُطْوَیْنَ	قَوِیْتِ	قُوِیْتِ	تَقْوِیْنَ	تُقْوَیْنَ
	طَوَیْتُمَا	طُوِیْتُمَا	تَطْوِیَانِ	تُطْوَیَانِ	قَوِیْتُمَا	قُوِیْتُمَا	تَقْوِیَانِ	تُقْوَیَانِ
	طَوَیْتُنَّ	طُوِیْتُنَّ	تَطْوِیْنَ	تُطْوَیْنَ	قَوِیْتُنَّ	قُوِیْتُنَّ	تَقْوَیْنَ	تُقْوَیْنَ
متکلم	طَوَیْتُ	طُوِیْتُ	اَطْوِیْ	اُطْوٰی	قَوِیْتُ	قُوِیْتُ	اَقْوٰی	اُقْوٰی
	طَوَیْنَا	طُوِیْنَا	نَطْوِیْ	نُطْوٰی	قَوِیْنَا	قُوِیْنَا	نَقْوٰی	نُقْوٰی

قرآن مجید اور عربی زبان کے تمام مصادر کا جامع چارٹ

نوٹ: نمبر کے حساب سے ماڈے کے حروف لکھ دیجئے۔ مصدر تیار۔ مثلاً: (اِ س ل ا م) ١ ٢ ٣ = اسلام

نمبر شمار	ہفت اقسام افعال	علامات سہ حرفی	١ اِفعال یا اِسلام	٢ اِنفعال یا اِنقلاب	٣ اِفتعال یا اِحتساب	٤ اِستفعال یا اِستغفار	٥ فِعال یا جِهاد	٦ تفعُّل یا تفکُّر	٧ تفاعُل یا توازُن	٨ تِفعیل یا تعلیم	٩ تفعلةً یا تقویَت	١٠ اِقامت	١١ اِستعانت	١٢ مجاهدت
١۔	صحیح	ا ٢ ٣	ِ ٢ ٣	ِنْ ٢ ٣	ِ ا ٢ ٣	ِست ا ٢ ٣	ا ٢ ا ٣	تَ ا ٢ّ ٣ / اِ ا ٢ّ ٣	تَ ا ٢ ٣ / اِ ا ٢ ٣	تَ ا ٢ ی ٣	x	x	x	مُ ا ٢ ٣ ت
٢۔	ضاعف	* *	َ ٢ ٣	ِنْ ٢ ٣	ِ ا ٢ ٣	ِست ٢	٢ ٣	َ ّ ٣	َ ا ُ ٣	َ ٢ ٣	َ ٢ ی ت	x	x	ُ ا ٣ ت
٣۔	مهموز العین	ـ ء ـ	َ ٢ ٣	ِنْ ٢ ٣	ِ ا ٢ ٣	ِست ٢	٢ ٣	َ ّ ٣	َ ا ُ ٣	َ ٢ ٣	x	َ ا ٢ ت	x	ُ ا ٣ ت
٤۔	مهموز اللّام	ـ ـ ء	َ ٢ ٣	ِنْ ٢ ٣	ِ ا ٢ ٣	ِست ٢	٢ ٣	َ ّ ٣	َ ا ُ ٣	x	َ ٣ ت	x	x	ُ ا ٣ ت
٥۔	مهموز الفاء	ء ـ ـ	َ ٢ ٣	ِنْ ٢ ٣	ِ ا ٢ ٣	اِست ٢	٢ ٣	َ ّ ٣	َ ا ُ ٣	َ ٢ ٣	x	x	x	ُ ا ٣ ت
٦۔	مِثال یائی	ی ـ ـ	ِی ٢ ٣	ِنْ ٢ ٣	ِ ا ٢ ٣	اِست ٢	٢ ٣	َ ّ ٣	َ ا ُ ٣	َ ٢ ٣	x	x	x	ُ ا ٣ ت
٧۔	مثال واوی	ا	ِی ٢ ٣	ِنْ ٢ ٣	اِ ّ ٣	اِستی ٢	٢ ٣	َ ّ ٣	َ ا ُ ٣	َ ٢ ٣	x	x	x	ُ ا ٣ ت
٨۔	اَجوف واوی	و	x	ِنْ ا ٣	ِ ا ت ی ٣		٢ ٣	َ ّ ٣	َ ا ُ ٣	َ ٢ ٣	x	َ ا ت	ِست ا ٣ ت	ُ ا ٣ ت
٩۔	اَجوف یائی	ی	x	ِنْ ٢ ٣	ِ ا ٣		٢ ٣	َ ّ ٣	َ ا ُ ٣	َ ٢ ٣	x	َ ا ت	ِست ا ٣ ت	ُ ا ٣ ت
١٠۔	قص واوی	و	ِ ٢ اءٌ	ِنْ ٢ اءٌ	ِ ا ٢ اءٌ	ِست ٢ اءً	٢ اءٌ	َ ٢ّ یٌ	َ ا ٢ یٌ	x	َ ٢ ی ت	x	x	ُ ا ٢ ات
١١۔	قص یائی	ی	ِ ٢ اءٌ	ِنْ ٢ اءٌ	ِ ا ٢ اءٌ	ِست ٢ اءً	٢ اءٌ	َ ّ ٣	َ ا ٣	x	َ ٣ ت	َ ا ت	x	ُ ا ٢ ات
١٢۔	فیف مفروق	و ی	اِ ٢ اءٌ	ِنْ ٢ اءٌ	اِ ّ ٢ اءٌ	اِستی ٢ اءً	٢ اءٌ	َ ّ ٣	َ ا ٣	x	َ ٣ ت	x	x	ُ ا ٢ ات
١٣۔	فیف مقرون	و ی	ِ ٢ اءٌ	ِنْ ٢ اءٌ	ِ ا ٢ اءٌ	ِست ٢ اءً	٢ اءٌ	َ ّ ٣	َ ا ٣	x	َ ٣ ت	x	x	ُ ا ٢ ات
١٤۔	،،	ی ئ / ء ی	ِ ٢ اءٌ	ِنْ ٢ اءٌ	ِ ا ٢ اءٌ	ِست ا ی اءً	٢ اءٌ	َ ّ ٣	َ ا ٣	x	َ ٣ ت	َ ا ت	x	ُ ا ٢ ات
١٥۔	فیف مفروق	او ءو / ی ی	اِ ٢ اءٌ	ِنْ ٢ اءٌ	ِ ا ٢ اءٌ	ِست ٢ اءً	٢ اءٌ	َ ٢ّ یٌ	َ ا ٢ ی	x	َ ٣ ت	x	x	ُ ا ٢ ات

ثلاثی مجرد (٣)، رنگوں کے اور رباعی مجرد و مزید فیه (٤) کے مصادر

نمبر شمار	اقسام	علامات (دائیں سے بائیں نمبر)	١٣	١٤	١٥	١٦	١٧	١٨
		مادّہ	اِفْعِلَالٌ	اِفْعِيلَالٌ	فَعْلَلَةٌ	اِفْعَلْ۔لَالٌ	تَفَعْلُلٌ	اِفْعِنْلَالٌ
١٦۔	ثلاثی مجرّد	٣)	ِ ٣ ٣	ِ ٢ ٣ ٣	x	x	x	x
١٧۔	باعی مجرّد	٤	x		٤ ةٌ	ِ ا ٤	َ	ِ ٢ ٣ ٤

نوٹ

١٧ اور ١٨ نمبر کے باب تَفَعْلُلٌ اور اِفْعِنْلَالٌ قرآن مجید میں نہیں آئے۔

مصادر بنانے کی ترکیب:

(i) خالی جگہوں میں، ماڈے کے حروف، بالترتیب لکھتے چلے جایئے، مطلوب مصدر بن جائے گا۔

(ii) لیکن (١٦۔ ١٣) اور (١٦۔ ١٤) میں نمبر ٣ کا حرف، پھر سے آخری خالی جگہ میں لکھ دیجئے گا۔

(iii) اور (١٧۔١٦) میں نمبر ٤ کا حرف، پھر سے آخری خالی جگہ میں بھی لکھ دیجئے گا۔

(iv) ١٦، ١٧، ١٨ یہ تینوں باب لازم کے ہیں۔ ان میں صرف فاعل ہوتا ہے۔ مفعول نہیں ہوتے۔

(v) اِفْعِنْلَالٌ کا باب، اِنفعال جیسا ہے۔ فرق یہ ہے کہ رباعی مجرد میں "ن" ماڈے کے پہلے دو حروف کے بعد آتا ہے۔

تمرین: جامع چارٹ کے نمبروں سے مصدر بنایئے:

مادّہ	جامع چارٹ کے نمبر	مصدر	معنی	ماضی	مضارع
(ب ی ض)	(١٦۔ ١٣)		سفید ہونا	اِبْيَضَّ	يَبْيَضُّ
(د ھ م)	(١٦۔ ١٤)		سیاہی مائل سبز ہونا۔ گہرا سبز	اِدْهَامَّ	يَدْهَامُّ
(و س و س)	(١٧۔ ١٥)		وسوسہ ڈالنا	وَسْوَسَ	يُوَسْوِسُ
(ط م ء ن)	(١٧۔ ١٦)		اطمینان ہونا	اِطْمَأَنَّ	يَطْمَئِنُّ
(د ح ر ج)	(١٧۔ ١٧)		لڑھکنا	تَدَحْرَجَ	يَتَدَحْرَجُ
(ح ر ج م)	(١٧۔ ١٨)		جمع ہونا، اکٹھا ہونا	اِحْرَنْجَمَ	يَحْرَنْجِمُ

مادہ	جامع چارٹ	مصدر	معنی	ماضی۔ مضارع
(س و د)	(١٦۔ ١٣)		سیاہ ہونا	
(ح م ر)	(١٦۔ ١٣)		سُرخ ہونا	
(ص ف ر)	(١٦۔ ١٣)		زرد ہونا	
(خ ض ر)	(١٦۔ ١٣)		سبز ہونا	
(ق ش ع ر)	(١٧۔١٦)		رونگٹے کھڑے ہونا	
(ش م ء ز)	(١٧۔١٦)		دل گرفتہ ہونا	
(ز ح ز ح)	(١٧۔ ١٥)		چھڑانا، بچانا	

معلوماتِ قرآن

ان لوگوں سے بچو! قرآنِ کریم جن کے حلق سے نیچے نہیں اترتا

عَنْ شَرِيكِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ كُنْتُ أَتَمَنَّى أَنْ أَلْقَى رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ أَسْأَلُهُ عَنِ الْخَوَارِجِ فَلَقِيتُ أَبَا بَرْزَةَ فِي يَوْمِ عِيدٍ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقُلْتُ لَهُ هَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَذْكُرُ الْخَوَارِجَ فَقَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ بِأُذُنَيَّ وَرَأَيْتُهُ بِعَيْنَيَّ أُتِيَ رَسُولُ اللهِ ﷺ بِمَالٍ فَقَسَمَهُ فَأَعْطَى مَنْ عَنْ يَمِينِهِ وَمَنْ عَنْ شِمَالِهِ وَلَمْ يُعْطِ مَنْ وَرَاءَهُ شَيْئًا فَقَامَ رَجُلٌ - (غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ، نَاتِئُ الْجَبِينِ كَثُّ اللِّحْيَةِ، مَحْلُوقٌ - بخاری، احادیث الانبیا، باب قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ، ج ۱۲ ص ۹، حدیث ۳۳۴۴، شاملہ) مِنْ وَرَائِهِ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا عَدَلْتَ فِي الْقِسْمَةِ. رَجُلٌ أَسْوَدُ مَطْمُومُ الشَّعْرِ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَبْيَضَانِ فَغَضِبَ رَسُولُ اللهِ ﷺ غَضَبًا شَدِيدًا وَقَالَ وَاللهِ لَا تَجِدُونَ بَعْدِي رَجُلًا هُوَ أَعْدَلُ مِنِّي ثُمَّ قَالَ يَخْرُجُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ كَأَنَّ هَذَا مِنْهُمْ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ (يَتَعَبَّدُونَ يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ صَلَاتَهُ مَعَ صَلَاتِهِمْ وَصَوْمَهُ مَعَ صَوْمِهِمْ - ابن ماجہ، باب فی ذکر الخوارج، ج ۱ ص ۲۰۹، مکتبہ شاملہ - وَفِي رِوَايَةِ بُخَارِيْ يَقْتُلُونَ أَهْلَ الْإِسْلَامِ، وَيَدَعُونَ أَهْلَ الْأَوْثَانِ، لَئِنْ أَنَا أَدْرَكْتُهُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ، بخاری، احادیث الانبیا، باب قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ)، ج ۱۲ ص ۹، حدیث ۳۳۴۴، شاملہ) يَمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ سِيمَاهُمُ التَّحْلِيقُ لَا يَزَالُونَ يَخْرُجُونَ حَتَّى يَخْرُجَ آخِرُهُمْ مَعَ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ فَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فَاقْتُلُوهُمْ هُمْ شَرُّهُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيقَةِ۔

(سنن النسائی، تحریم الدم، باب مَنْ شَهَرَ سَيْفَهُ ثُمَّ وَضَعَهُ فِي النَّاسِ، ۳ ص ۶۳ مکتبہ شاملہ حدیث ۴۱۲۰ ۔ بخاری، استتابۃ المرتدین ۔ ۔ قتل الخوارج والملحدین ۔ مسلم، الزکوہ، التحریض علی قتل الخوارج)

''حضرت شریک بن شہاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے اس بات کی شدید خواہش تھی کہ میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی صحابی سے ملوں اور ان سے خوارج کے بارے میں پوچھوں، اتفاقاً عید کے دن حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کو ان کے کئی دوستوں کے ساتھ دیکھا تو میں نے ان سے پوچھا: کیا آپ نے خارجیوں کے بارے میں حضور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ سنا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں میں نے اپنے کانوں سے سنا اور آنکھوں سے دیکھا کہ حضور نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کچھ مال پیش کیا گیا، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس مال کو ان لوگوں میں تقسیم فرما دیا جو دائیں اور بائیں طرف بیٹھے ہوئے تھے، اور جو لوگ پیچھے بیٹھے ہوئے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں کچھ عنایت نہ فرمایا۔ چنانچہ ان میں سے ایک شخص (جس کی آنکھیں اندر گھسی ہوئی، گال پھولے ہوئے، پیشانی بلند، گھنی داڑھی اور سر منڈا ہوا تھا) کھڑا ہوا، اور اس نے کہا، اے محمد! آپ نے تقسیم میں انصاف نہیں کیا۔ وہ شخص سیاہ رنگ، سر منڈا اور سفید کپڑے پہنے ہوئے تھا۔ حضور نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شدید ناراض ہوئے اور فرمایا: اللہ کی قسم! تم میرے بعد مجھ سے بڑھ کر کسی شخص کو انصاف کرنے والا نہ پاؤ گے، پھر فرمایا: آخری زمانے میں کچھ لوگ پیدا ہونگے، یہ شخص بھی انہیں لوگوں میں سے ہے۔ وہ قرآن مجید کی تلاوت کریں گے، مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، (خوب عبادت کریں گے، تم اپنی نمازوں اور روزوں کو ان کی نمازوں اور روزوں کے مقابلے میں کمتر سمجھو گے، اور بخاری شریف کی ایک روایت میں ہے کہ وہ بت پرستوں کو چھوڑ کر مسلمانوں کو قتل کریں گے۔ اگر میں انہیں پاؤں تو قوم عاد کی طرح ضرور بالضرور قتل کر دوں گا۔) وہ اسلام سے اسطرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ ان کی نشانی یہ ہے کہ وہ سر منڈے ہونگے، وہ ہمیشہ نکلتے ہی رہیں گے، یہاں تک کہ ان کا آخری گروہ دجال کے ساتھ نکلے گا۔ جب تمہارا (جنگ میں) ان سے سامنا ہو تو انہیں قتل کر دو۔ وہ تمام مخلوق سے بدترین ہیں۔''

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

معلومات قرآن

قرآنِ حکیم کا نزول

علماء اصول فقہ کے نزدیک قرآن اللہ تعالیٰ کا وہ معجز کلام ہے جو ہمارے نبی سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر عربی زبان میں اتارا گیا۔ یہ مصاحف (کتابوں) میں لکھا ہوا ہے اور ہم تک تواتر سے پہنچا ہے۔ اس کی ابتدا سورۂ فاتحہ سے اور اختتام سورۃ الناس پر ہے۔

سوال (۱) وحی کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: اشارہ کرنا، لکھنا، پیغام دینا، خفیہ طریقے سے بات کرنا۔

سوال (۲) اصطلاح شریعت میں وحی سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ خاص بات جو فرشتے کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کسی نبی تک پہنچاتا ہے۔ اس میں کسی کے غوروفکر اور تجربہ و استدلال کو قطعاً کوئی دخل نہیں۔ (ضوٗ القرآن ص ۳۲)

سوال (۳) نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے وحی کا ذکر کس سے کیا؟

جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے۔

سوال (۴) وحی کی دو کون سی اقسام ہیں؟

جواب: وحی متلو (تلاوت والی) (۲) وحی غیر متلو (جس کی تلاوت نہ ہو)۔

سوال (۵) کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی کا آغاز کس چیز سے ہوا؟

جواب: رویائے صادقہ یعنی سچے خوابوں سے۔

سوال (۶) وحی کون سا فرشتہ لے کر آتا تھا؟

جواب: حضرت جبرائیل امین علیہ السلام۔

سوال (۷) پہلی وحی کس قمری مہینہ میں نازل ہوئی ؟

جواب: رمضان المبارک میں۔

سوال (۸) پہلی وحی کے نزول کے وقت حضور اکرم ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی ؟

جواب: چالیس سال چھ ماہ۔

سوال (۹) پہلی وحی میں کل کتنی اور کون سی آیات تھیں؟

جواب: سورۂ علق کی ابتدائی پانچ آیات تھیں۔

سوال (۱۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کے مطابق نبی اکرم ﷺ پر آخری وحی وصال سے کتنے دن قبل نازل ہوئی ؟

جواب: سات یا نو دن پہلے۔

سوال (۱۱) قرآن مجید کے نزول کے کون سے اور کتنے مرحلے ہیں؟

جواب: نزول قرآن کے دو مرحلے ہیں، پہلے مرحلے میں پورا قرآن پاک یکبارگی آسمانِ دنیا پر نازل ہوا اور دوسرے مرحلے میں تھوڑا تھوڑا کرکے جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے نبی اکرم ﷺ پر نازل کیا گیا۔

سوال (۱۲) قرآن کے نزول کے دو دور کون سے ہیں؟

جواب: مکی (ہجرت سے پہلے کا) دور اور مدنی (ہجرت کے بعد کا) دور۔

سوال (۱۳) پورا قرآن مجید کل کتنی مدت میں نازل ہوا؟

جواب: بائیس سال چار ماہ اور اکیس دن۔ بعض روایات کے مطابق ۲۲ سال ۵ ماہ اور ۱۴ دن۔

سوال (۱۴) بتائیے پاکستان سمیت تمام عالمِ اسلام نے چودہ سو سالہ جشنِ نزولِ قرآن کس سن میں منایا؟

جواب: ۱۹۶۷ء میں۔

جمع و تدوینِ قرآنِ حکیم

سوال (۱) قرآنِ مجید کی کتابت کا آغاز کس قمری مہینہ سے ہوا اور کون سا دن تھا؟

جواب: ربیع الاول جمعرات کے دن۔

سوال (۲) سب سے پہلے کتابتِ وحی کا شرف کن صحابی کو حاصل ہوا اور انھوں نے کیا لکھا؟

جواب: حضرت خالد بن سعید بن ابی العاص رضی اللہ عنہ نے بسم اللہ لکھی۔

سوال (۳) کل کتنے صحابہ رضی اللہ عنہم وحی لکھنے پر مامور تھے؟

جواب:	تقریباً چالیس۔

سوال (۴)	کون سے کاتب کو یہ حکم تھا کہ ہر وقت وحی کی کتابت کے لیے تیار اور موجود رہیں؟

جواب:	حضرت حنظلہ بن ربیع رضی اللہ عنہ۔

سوال (۵)	عہد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں قرآن مجید جمع کرنے والے چار صحابہ کے نام کیا ہیں اور وہ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب:	قبیلۂ انصار سے تعلق رکھنے والے حضرت ابی بن کعب، معاذ بن جبل، زید بن ثابت اور ابوزید رضی اللہ عنہم اجمعین۔

سوال (۶)	قرآن مجید کی موجودہ ترتیب ''ترتیب توقیفی'' کہلاتی ہے۔ بتائیے ''توقیف'' سے کیا مراد ہے؟

جواب:	تعلیم دینا یا واقف کرنا، قرآن مجید کی موجودہ ترتیب سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے آگاہ فرمایا تھا اس لیے یہ ترتیب، ترتیب توقیفی کہلاتی ہے۔

سوال (۷)	جنگِ یمامہ کس کے خلاف لڑی گئی اور اس میں کتنے حفاظ کرام شہید ہوئے؟

جواب:	مسیلمہ بن کذاب کے خلاف لڑی گئی اور ستر حفاظِ کرام شہید ہوئے تھے۔ ایک قول کے مطابق سات سو حفاظ شہید ہوئے۔

سوال (۸)	کن صحابی نے خلیفۂ وقت حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو قرآن مجید کتاب کی شکل میں یکجا کرنے کا مشورہ دیا تھا؟

جواب:	حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

سوال (۹)	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جن صحابی کے ذمہ قرآن پاک جمع کرنے کا کام لگایا ان کا نام کیا تھا اور وہ کتنے حفّاظ کی شہادت لیتے کہ یہ نوشتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے براہِ راست سنا اور لکھا گیا ہے؟

جواب:	ان صحابی کا نام حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ہے اور وہ کم از کم دو حفّاظ کی گواہی لیتے تھے۔

سوال (۱۰)	نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس لب ولہجہ میں قرآن مجید پڑھا کرتے تھے؟

جواب:	قریشی لب ولہجہ میں۔

سوال (۱۱)	قرأتِ قرآن کے اختلاف کو دور کرنے کے لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کن صحابی رضی اللہ عنہ کے توجہ دلانے پر ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے مصحفِ ابوبکر رضی اللہ عنہ منگوا کر اس کی نقلیں تیار کروائیں؟

جواب:	حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ۔

سوال (۱۲)	مصحف ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نقول تیار کرنے کے لیے جو بورڈ قائم کیا گیا تھا اس کے سربراہ کون تھے؟

جواب: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ۔

سوال (۱۳) ان صحابہ کے نام بتایئے جنہوں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ساتھ قرآن پاک کی نقول تیار کرنے کا کام کیا؟

جواب: (۱) حضرت عبداللہ بن زبیر (۲) حضرت سعید بن العاص اور (۳) حضرت عبدالرحمٰن بن الحارث رضی اللہ عنہم اور بعد میں بعض دوسرے صحابہ بھی شامل ہو گئے تھے۔

سوال (۱۴) قرآن مجید کو ایک قرأت پر لانے کا کام کس سن ہجری تک مکمل ہو چکا تھا؟

جواب: سن ۳۰ ہجری تک۔

سوال (۱۵) طباعتِ قرآن کا آغاز اسلامی ممالک سے ہوا یا یورپی ممالک سے؟

جواب: یورپی ممالک سے۔

سوال (۱۶) ۱۹۱۶ (انیس سو سولہ) میں جس شہر میں قرآنِ مجید کی طباعت کا کام ہوا بتایئے اس شہر اور ملک کا نام کیا ہے؟

جواب: اٹلی کا شہر بندقیہ۔

سوال (۱۷) خطِ عربی میں سب سے پہلا قرآن ہمبرگ (المانیا) میں طبع ہوا بتائیں کس سن میں؟

جواب: ۱۷۰۱ء میں۔

سوال (۱۸) برصغیر پاک و ہند میں آفسٹ (چھپائی کا ایک طریقہ جس میں پتھر کی جگہ ربڑ کا تختہ استعمال کیا جاتا ہے) طریقِ طباعت پر قرآن مجید سب سے پہلے کب اور کس انجمن نے شائع کیا؟

جواب: ۱۹۳۶ء میں انجمن حمایتِ اسلام نے شائع کیا۔

سوال (۱۹) برصغیر پاک و ہند کے اس مشہور ہندو پبلیشر کا نام بتائیں جو قرآن مجید کی طباعت اس اہتمام سے کرتا کہ کاتب اور پریس مین دورانِ اشاعت باوضو رہتے؟

جواب: منشی نَوَل کِشوُر (لکھنو)۔

سوال (۲۰) قرآن مجید کا نام قرآن کس نے رکھا اور اس لفظ کے معنی کیا ہیں؟

جواب: قرآن اللہ تعالیٰ کا رکھا ہوا نام ہے جس کے معنی بار بار پڑھی جانے والی کتاب کے ہیں۔

سوال (۲۱) کن خلیفۂ راشد کے زمانے میں قرآنِ مجید کو تیس پاروں میں تقسیم کیا گیا؟

جواب: حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے زمانے میں۔

قرآن اور قرآنی سورتیں

سوال(۱) قرآن مجید کے کون سے پارے کی تمام سورتیں مدنی ہیں؟

جواب: اٹھائیسویں (۲۸) پارے کی۔

سوال (۲) قرآن مجید کے کون سے پارے کی تمام سورتیں مکی ہیں؟

جواب: انتیسویں (۲۹) پارے کی۔

سوال (۳) قرآن مجید کے کون سے پارے میں سب سے بڑی آیت آتی ہے؟

جواب: تیسرے پارے میں، آیۃُ المداینۃ (البقرۃ ۲/ ۲۸۲)

سوال (۴) قرآن مجید میں کل کتنے رکوع ہیں اور کس سورہ میں رکوعات کی تعداد دیگر تمام سورتوں سے زیادہ ہے؟

جواب: کل رکوع ۵۵۸ ہیں اور زیادہ رکوع سورۂ بقرہ میں ہیں۔

سوال (۵) قرآن مجید کی ایسی کتنی سورتیں ہیں جن میں صرف ایک ایک رکوع آتا ہے؟

جواب: ۳۶۔

سوال (۶) حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے دور میں آیت کے آخر میں نقطے لگانے کا رواج ہوا۔ بتائیں آیت کی نشانی گول دائرہ (ο) کس نے مقرر کیا؟

جواب: ابوالاسود الدولی نے۔

سوال (۷) قرآن مجید کی کل آیات کتنی ہیں؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول کے مطابق (۶,۶۶۶) چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ آیات ہیں۔

(قرآن اور حاملین قرآن ص ۲۸۲)

سوال (۸) آیات کی دس اقسام کون کون سی ہیں؟

جواب: آیات وعدہ، آیات وعید، آیات امر، آیات نہی، آیات مثال اور آیات قصص، ان آیات کی تعداد ایک ایک ہزار ہے، آیات تحریم اور آیات تحلیل کی تعداد ڈھائی سو (۲۵۰)، آیات تسبیح کی تعداد ایک سو (۱۰۰) اور آیات متفرقہ چھیاسٹھ (۶۶) ہیں۔

سوال (۹) مطلوب ومقصود کے اعتبار سے قرآنِ حکیم کی آیات دو اقسام کی ہیں۔ بتایئے کون کون سی؟

جواب: (i) محکمات یعنی وہ آیات جن کے مطالب واضح ہیں اور ان کی تعداد زیادہ ہے (ii) اور متشابہات یعنی جن کے معنی واضح نہیں۔

سوال (۱۰) قرآن پاک کی کس آیت کو سردار الآیات کہتے ہیں؟

جواب: آیت الکرسی کو۔

سوال (۱۱) قرآن مجید کے کل الفاظ کی تعداد کیا ہے؟

جواب: اس میں اختلاف ہے۔ مجاہد کے نزدیک ۷۶,۲۵۰، حمید اعرج کے مطابق ۷۶,۴۳۰ اور فضل بن شاذاں الفاظِ قرآنی کی کل تعداد ۷۷,۴۳۹ بتاتے ہیں۔

سوال (۱۲) حروفِ قرآنی کی کل تعداد کیا ہے؟

جواب: مجاہد کے نزدیک ۳,۲۱,۱۸۰ اور ابن عباس کے مطابق ۳,۲۳,۶۷۱ ہے۔

سوال (۱۳) قرآن مجید پر نقطے کس دور میں کون سے ماہرفن نے لگائے؟

جواب: ۸۶ھ میں والیٔ بصرہ زیاد کے حکم سے ابوالاسود کو نقطے لگانے پر مامور کیا گیا، جنہوں نے قبیلۂ عبدالقیس کے ایک کاتب کو نقطے لگانے کے لیے منتخب کیا۔

سوال (۱۴) کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ابوالاسود نے منتخب کردہ کاتب سے قرآنِ مجید پر کس طرح نقاط ڈلوائے؟

جواب: ابوالاسود نے کاتب کو ہدایت کی کہ جب تم دیکھو کہ میں نے کسی حرف کو ادا کرتے وقت منہ کھولا ہے تو اس کے اوپر ایک نقطہ ڈال دو اور اگر اس کو کسرے کی صورت پڑھوں تو اس کے نیچے نقطہ ڈال دو۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید کے نقطے، نقاط ابوالاسود کہلاتے ہیں۔

سوال (۱۵) قرآنِ مجید کے اعراب کس سن میں کس حکمران نے لگوائے؟

جواب: سن ۷۳ھ میں حجاج بن یوسف نے نصر بن عاصم اور یحییٰ یعمر سے لگوائے۔

سوال (۱۶) قرآنِ مجید میں تشدید و جزم کس نے لگائے؟

جواب: خلیل بن احمد بصری نے۔

سوال (۱۷) قرآن مجید کی پہلی سات سورتیں کیا کہلاتی ہیں؟

جواب: الطّوال۔

سوال (۱۸) آلٓمٓ مُؤْمِن کے نام سے موسوم سورتوں کی تعداد کیا ہے اور ہر سورت میں تقریباً کتنی آیات ہیں؟

جواب: چھبیس سورتیں ہیں ہر سورت میں تقریباً ایک سو آیات ہیں۔

سوال (۱۹) سورۂ یٰسین سے سورۂ ق تک کی سورتیں المثانی کیوں کہلاتی ہیں؟

جواب: ان میں فرائض و حدود اور قصص و امثال کو بار بار دہرایا گیا ہے اور اس لیے بھی کہ یہ الطّوال اور المِئون کے بعد آتی ہیں۔

سوال (۲۰) اَلْمُفَصَّلُ سے مراد قرآن مجید کی کون سی سورتیں ہیں اور یہ کن تین اقسام پر منقسم ہیں؟

جواب: اَلْمُفَصَّلُ سے مراد سورہ ق سے آخر قرآن تک کی سورتیں ہیں اور ان کی تین قسمیں ہیں طُول، اوساط اور قصار۔

سوال (۲۱) قاری اور مُقری میں کیا فرق ہے؟

جواب: قاری اسے کہتے ہیں جس نے قواعدِ تجوید کے مطابق قرآن پڑھا ہو اور مقری سے مراد وہ شخص ہے جسے فنِ قرأت، تفسیر اور علمِ ناسخ و منسوخ پر کمال حاصل ہو۔

سوال (۲۲) حروفِ مقطعات سے کیا مراد ہے اور کتنی سورتیں حروفِ مقطعات سے شروع ہوتی ہیں؟

جواب: حروفِ مقطعات سے مراد ایسے حروف ہیں جن کے معنی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی جانتے ہیں۔ ایسی انتیس (۲۹) سورتیں ہیں جو حروفِ مقطعات سے شروع ہوتی ہیں۔

سوال (۲۳) قرآن مجید میں وقفِ مطلق، وقفِ جائز اور وقفِ مجوّز کے لیے کون کون سی علامات استعمال ہوتی ہیں؟

جواب: بالترتیب ط، ج اور ز۔

سوال (۲۴) ''سورۃ'' کے لغوی معنی کیا ہیں اور یہ لفظ کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

جواب: لغوی معنی شہرِ پناہ اور رفعت و بلندی کے ہیں۔ جب کہ یہ لفظ سات دفعہ قرآن میں استعمال ہوا ہے۔

سوال (۲۵) قرآنِ مجید میں کل سورتوں کی تعداد کیا ہے؟

جواب: ایک سو چودہ۔

سوال (۲۶) سب سے پہلے مکمل نازل ہونے والی سورت کا نام کیا ہے؟ یاد رہے کہ یہ پوری سورت دعا پر مشتمل ہے؟

جواب: سورۂ فاتحہ۔

سوال (۲۷) قرآنِ مجید کی کس سورۂ مبارکہ میں سب سے زیادہ احکام بیان ہوئے ہیں؟

جواب: سورۂ بقرہ۔

سوال (۲۸) سورۂ آل عمران میں کس مشہور غزوے کا ذکر آیا ہے؟

جواب: غزوۂ احد۔

سوال (۲۹) سورۂ انفال کا بیشتر حصہ ایک مشہور غزوے سے تعلق رکھتا ہے۔کیا آپ اس غزوے کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: غزوۂ بدر۔

سوال (۳۰) کس سورہ میں غزوۂ تبوک میں شرکت نہ کرنے والوں کو وعید سنائی گئی ہے نیز اس سورت کے نزول سے صلح حدیبیہ کا معاہدہ منسوخ ہوا ہے؟

جواب: سورۂ توبہ اسے سورۂ برأت بھی کہتے ہیں۔

سوال (۳۱) وہ کون سی سورت ہے جس کے آغاز میں بسم اللہ نہیں ہے؟

جواب: سورۂ توبہ۔

سوال (۳۲) قرآنِ حکیم کی کس سورت میں حضرت سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کو ''ثانی اثنین'' کا لقب دیا گیا ہے؟

جواب: سورۂ توبہ میں۔

سوال (۳۳) حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جس پہاڑ پر ٹھہری اس کا نام کیا تھا؟

جواب: سورۂ ھود میں اس پہاڑ کا نام ''کوہِ جودی'' بتایا گیا ہے۔

سوال (۳۴) قرآنِ مجید کی کس سورت میں خواتین کو اللہ تعالیٰ نے زیب و زینت چھپانے کی تاکید کی ہے اور اس کا نزول کس مشہور غزوے کے بعد ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی برأت میں ہوا؟

جواب: سورۂ نور میں، اس کا نزول غزوۂ احزاب کے بعد ہوا۔

سوال (۳۵) کس سورت میں اللہ کے نیک بندوں کو ''عِبادُ الرَّحمٰن'' سے موسوم کیا گیا ہے؟

جواب: سورۂ فرقان میں۔

سوال (۳۶) قرآن مجید کی کس سورت کا نام یورپ کے ایک مشہور شہر کے نام پر ہے جو کہ اس وقت اٹلی کا دارالحکومت ہے؟

جواب: سورۂ روم۔

سوال (۳۷) کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ غلبۂ روم کی قرآنی پیش گوئی سورۂ روم کے نزول کے کتنے سال بعد پوری ہوئی؟

جواب: سات سال بعد۔

سوال (۳۸) کس سورۂ مبارکہ کے نزول سے پردے کا آغاز ہوا؟

جواب: سورۂ احزاب۔

سوال (۳۹) کس سورۂ مبارکہ کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اپنے مرنے والوں پر یہ سورۂ مبارکہ پڑھا کرو؟

جواب: سورۂ یٰسین، اسے قرآن کا دل بھی کہتے ہیں۔

سوال (۴۰) قرآنِ مجید کی ایک سورت کو دلہن اور زینت القرآن کہتے ہیں کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: سورۂ رحمٰن۔

سوال (۴۱) سورۂ رحمٰن میں ''فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ'' کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: اکتیس مرتبہ۔

سوال (۴۲) قرآنِ مجید کی اس سورت کا نام بتایئے جس میں غزوۂ خیبر کے واقع ہونے کی اطلاع دی گئی اور صلح حدیبیہ کو ''فتح مبین'' قرار دیا گیا؟

جواب: سورۂ فتح۔

سوال (۴۳) معجزہ شق القمر کی گواہی قرآنِ پاک کی کس سورۂ مبارکہ کی ابتدائی آیات میں ہے؟

جواب: سورۂ قمر۔

سوال (۴۴) سورۂ طلاق کا دوسرا نام کیا ہے اور کیوں؟

جواب: سورۃ النساء الصغیرہ کیوں کہ اس میں بھی سورۂ نساء کی طرح خواتین کے بارے میں احکام ہیں۔

سوال (۴۵) کس سورۂ مبارکہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک احمد آیا ہے اور وہ سورت کون سے پارے میں ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم مبارکہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہے؟

جواب: سورۂ صف میں نام مبارک احمد آیا ہے۔ جبکہ سورۂ محمد چھبیسویں پارے میں ہے۔

سوال (۴۶) کس سورۂ مبارکہ کو سورۃ الغِنیٰ کہتے ہیں؟

جواب: سورۂ واقعہ۔

سوال (۴۷) سورۂ جن کی کون سی بات سورۂ اخلاص، کافرون، فلق اور ناس میں مشترک ہے؟

جواب: یہ بھی لفظ ''قل'' سے شروع ہوتی ہے۔

سوال (۴۸) وہ کون سی سورت ہے جس کے کل دو رکوعات میں سے ایک مکہ میں اور دوسرا دس سال بعد مدینہ منورہ میں نازل ہوا؟

جواب: سورۂ مزمل۔

سوال (۴۹) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ظاہری حیات مبارکہ کی آخری نماز، مغرب کے وقت پڑھائی تھی، بتائیں اس میں کون سی

سورۂ مبارکہ تلاوت فرمائی تھی؟

جواب: سورۂ مرسلات۔

سوال (۵۰) کن سورتوں کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص قیامت کو اس طرح دیکھنا چاہے جیسے آنکھوں سے دیکھا جاتا ہے تو یہ سورتیں پڑھ لے؟

جواب: سورۂ تکویر، انفطار اور انشقاق۔

سوال (۵۱) قرآنِ مجید کی اس واحد سورت کا نام بتائیں جس کا آخری لفظ اس سورت کا نام قرار پایا؟

جواب: سورۂ ماعون۔

سوال (۵۲) قرآنِ مجید کی کس سورۂ مبارکہ کا نام جنت کی ایک نہر کے نام پر ہے؟

جواب: سورۃ الکوثر۔

سوال (۵۳) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جادو کا اثر دور کرنے کے لیے جو سورتیں نازل ہوئیں انہیں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: مُعَوِّذَتَیْن (سورۂ فلق اور سورۂ ناس)۔

سوال (۵۴) حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسمِ گرامی ''محمد'' (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) قرآن حکیم میں کتنی جگہ آیا ہے؟

جواب: چار جگہ (۱) وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ (الِ عمران ۳/۱۴۴)

(۲) مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ (الاحزاب ۳۳/۴۰)

(۳) وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ (محمد ۴۷/۲)

(۴) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ (فتح ۴۸/۲۹)

استاد کا ادب واحترام کرو

شیخ سدید الدین شیرازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے مشائخ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا بیٹا عالم بنے اسے چاہیے کہ تنگ دست فقہاء کی دیکھ بھال کرے، ان کی عزت وتکریم کرے، ان کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کچھ نہ کچھ انہیں دیتا رہے۔ پس اگر اس کا بیٹا عالم نہ ہوا تو اس کا پوتا ضرور عالم ہوگا۔ استاد کی عزت وتکریم میں یہ باتیں بھی شامل ہیں کہ طالب علم کو چاہیے کہ کبھی استاد کے آگے نہ چلے، نہ استاد کی جگہ پر بیٹھے، بغیر اجازت گفتگو میں ابتداء نہ کرے اور نہ ہی بغیر اجازت استاد کے سامنے زیادہ گفتگو کرے، جب وہ پریشان ہوں تو کوئی سوال نہ کرے بلکہ وقت کا لحاظ رکھے اور نہ ہی استاد کے دروازے کو کھٹکھٹائے بلکہ طالب علم کو چاہیے کہ وہ صبر سے کام لے اور استاد کے باہر آنے کا انتظار کرے۔ الغرض طالب علم کو چاہیے کہ ہر وقت استاد کی رضا کو پیش نظر رکھے اور اسکی ناراضگی سے بچے اور اللہ رب العزت کی نافرمانی والے کاموں کے علاوہ ہر معاملہ میں استاد کے حکم کی تعمیل کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں مخلوق کی فرمانبرداری جائز نہیں۔

(راہِ علم ترجمہ تَعْلِیْمُ الْمُتَعَلِّمِ طَرِیْقَ التَّعَلُّمِ ص ۳۶۔۳۷، مکتبۃ المدینہ کراچی)

قرآنِ حکیم میں انبیاء علیہم السلام اور متفرق اشیاء کا تذکرہ

سوال (۱) تخلیقِ آدم علیہ السلام کا ذکر کتنی سورتوں میں ہے اور اسم گرامی (ادم) کل کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

جواب: آٹھ سورتوں میں حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کا ذکر ہے اور کل ۲۵ مرتبہ اسم گرامی ''ادم'' آیا ہے۔

سوال (۲) قرآنِ مجید میں کل کتنے انبیاء علیہم السلام کا تذکرہ ہے؟

جواب: چھبیس (۲۶)

سوال (۳) قرآنِ مجید فرعون کی لاش کے علاوہ کس چیز کے بطورِ عبرت محفوظ رکھنے کی اطلاع دیتا ہے؟

جواب: کشتیٔ نوح علیہ السلام۔

سوال (۴) قرآنِ مجید میں کتنی مسجدوں کا ذکر نام کی تخصیص کے ساتھ آیا ہے؟

جواب: چار مساجد کا (۱) مسجد حرام (۲) مسجد اقصیٰ (۳) مسجد قبا اور (۴) مسجد ضرار۔

سوال (۵) قرآن مجید میں کن کن شہروں اور ملکوں کے نام آئے ہیں؟

جواب: مصر، یثرب، روم، مدائن اور مکہ۔

سوال (۶) قرآن مجید میں کن کیڑوں مکوڑوں کا ذکر نام کے ساتھ آیا ہے؟

جواب: چیونٹی، شہد کی مکھی، مکڑی اور مچھر۔

سوال (۷) قرآن مجید کا موضوع کیا ہے؟

جواب: انسان۔

سوال (۸) قرآن مجید میں کتنے فرشتوں کا ذکر نام کے ساتھ آیا ہے؟

جواب: چار (حضرت جبرائیل، حضرت میکائیل، حضرت ہاروت، حضرت ماروت)

سوال (۹) سورۂ نجم میں قریش کے کن تین بتوں کا ذکر ہے؟

جواب: لات، منات اور عُزّیٰ

سوال (۱۰) کن دو پہاڑوں کو شعائر اللہ کہا گیا ہے؟

جواب: صفا و مروہ۔

سوال (۱۱) قرآنِ مجید میں کون کون سے اجرامِ فلکی کا ذکر آیا ہے؟

جواب: چاند، سورج اور ستارے۔

قرآن پاک کے تراجم وتفاسیر

سوال (۱) کن صحابی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اجازت سے اپنے ہم وطن نومسلموں کے لیے قرآن مجید کی ایک سورۂ مبارکہ کا ترجمہ کیا تھا؟

جواب: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ۔

سوال (۲) کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کس سورۃ کا ترجمہ کیا اور کس زبان میں کیا؟

جواب: آپ نے سورۂ فاتحہ کا ترجمہ فارسی زبان میں کیا تھا۔

سوال (۳) قرآن مجید کا باقاعدہ مکمل ترجمہ سب سے پہلے کس زبان میں کس کی کوششوں سے شروع ہوا اور کن دو لوگوں نے کس سن میں مکمل کیا؟

جواب: لاطینی زبان میں راہبوں کے سربراہ پطرس نرابلس کی کوششوں سے شروع ہوا اور سن ۱۱۴۳ء میں رابرٹس آور ٹینیا اور ہرمنادر نے مکمل کیا۔

سوال (۴) قرآن مجید کا پہلا ترجمہ تقریباً کتنے برس مخطوطوں کی شکل میں ایک خانقاہ میں رہا اور پھر کون سی جگہ سے کس سن میں شائع ہوا؟

جواب: چار سو سال (۴۰۰) تک مخطوطوں کی شکل میں رہا پھر پہلی مرتبہ سوئٹزرلینڈ سے ۱۵۴۳ء میں شائع ہوا۔

سوال (۵) قرآن مجید کے پہلے ترجمے کی اشاعت کا کام کس شخصیت نے انجام دیا تھا؟

جواب: تھیوڈور بیلی اینڈر نے۔

سوال (۶) سرزمینِ پاکستان پر قرآن مجید کا پہلا ترجمہ ۸۸۳ء میں ہوا بتائیے کس زبان میں؟ کس صوبے میں؟ کس راجہ کی درخواست پر ہوا تھا؟

جواب: سندھ میں سنسکرت زبان یا مقامی سندھی زبان میں راجہ مہروق بن رائق کی فرمائش پر سورۂ یٰسین تک ترجمہ ہوا تھا۔

سوال (۷) اردو زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: مولانا رفیع الدین (م ۱۲۳۳ھ/ ۱۸۱۷ء نے اردو زبان کا پہلا مکمل لفظی ترجمۂ قرآن ۱۲۰۰ھ میں کیا) اور بعض کے مطابق شاہ عبدالقادر نے۔

سوال (۸) مولانا رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر رحمہا اللہ کے تراجم کس صدی ہجری کے آغاز میں شائع ہوئے؟

جواب: تیرہویں صدی ہجری کے آغاز پر شاہ عبدالقادر (م ۱۲۳۰ھ/ ۱۸۱۴ء) کا ترجمہ ۱۷۹۰ء میں ہوا۔

قرآن پاک کے تراجم وتفاسیر

سوال (۱) کن صحابی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اجازت سے اپنے ہم وطن نومسلموں کے لیے قرآن مجید کی ایک سورۂ مبارکہ کا ترجمہ کیا تھا؟

جواب: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ۔

سوال (۲) کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کس سورۃ کا ترجمہ کیا اور کس زبان میں کیا؟

جواب: آپ نے سورۂ فاتحہ کا ترجمہ فارسی زبان میں کیا تھا۔

سوال (۳) قرآن مجید کا باقاعدہ مکمل ترجمہ سب سے پہلے کس زبان میں کس کی کوششوں سے شروع ہوا اور کن دو لوگوں نے کس سن میں مکمل کیا؟

جواب: لاطینی زبان میں راہبوں کے سربراہ پطرس نرابلس کی کوششوں سے شروع ہوا اور سن ۱۱۴۳ء میں رابرٹس آور ٹینیا اور ہرمنادر نے مکمل کیا۔

سوال (۴) قرآن مجید کا پہلا ترجمہ تقریباً کتنے برس مخطوطوں کی شکل میں ایک خانقاہ میں رہا اور پھر کون سی جگہ سے کس سن میں شائع ہوا؟

جواب: چار سو سال (۴۰۰) تک مخطوطوں کی شکل میں رہا پھر پہلی مرتبہ سوئٹزرلینڈ سے ۱۵۴۳ء میں شائع ہوا۔

سوال (۵) قرآن مجید کے پہلے ترجمے کی اشاعت کا کام کس شخصیت نے انجام دیا تھا؟

جواب: تھیوڈور بیلی اینڈر نے۔

سوال (۶) سرزمینِ پاکستان پر قرآن مجید کا پہلا ترجمہ ۸۸۳ء میں ہوا بتایئے کس زبان میں؟ کس صوبے میں؟ کس راجہ کی درخواست پر ہوا تھا؟

جواب: سندھ میں سنسکرت زبان یا مقامی سندھی زبان میں راجہ مہروق بن رائق کی فرمائش پر سورۂ یٰسین تک ترجمہ ہوا تھا۔

سوال (۷) اردو زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: مولانا رفیع الدین (م ۱۲۳۳ھ/ ۱۸۱۷ء نے اردو زبان کا پہلا مکمل لفظی ترجمۂ قرآن ۱۲۰۰ھ میں کیا) اور بعض کے مطابق شاہ عبدالقادر نے۔

سوال (۸) مولانا رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر رحمہا اللہ کے تراجم کس صدی ہجری کے آغاز میں شائع ہوئے؟

جواب: تیرہویں صدی ہجری کے آغاز پر شاہ عبدالقادر (م ۱۲۳۰ھ/ ۱۸۱۴ء) کا ترجمہ ۱۷۹۰ء میں ہوا۔

سوال (۹) قرآن پاک کے پہلے مسلمان انگریزی مترجم نے کس سن میں ترجمہ کیا تھا اور ان کا نام کیا تھا؟

جواب: ۱۹۰۵ء میں ڈاکٹر عبدالحکیم نے کیا تھا۔

سوال (۱۰) شیخ سعدی رحمہ اللہ نے کس زبان میں ترجمہ قرآن کیا؟

جواب: فارسی میں پہلا ترجمہ آپ نے ہی کیا ہے۔

سوال (۱۱) قرآن مجید کے پہلے مفسر کون ہیں؟

جواب: حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

سوال (۱۲) کن صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں پتہ چلتا ہے کہ ان کی تفاسیر تحریری طور پر بھی قلم بند کی گئی تھیں؟

جواب: تفسیر ابنِ عباس اور تفسیر ابنِ کعب۔

سوال (۱۳) ترجمۂ کنزالایمان کن مشہور عالمِ دین نے کیا ہے؟

جواب: اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں قادری رحمۃ اللہ علیہ۔

سوال (۱۴) ترجمۂ کنزالایمان پر تفسیری حواشی کن دو علماء نے لکھے اور ان تفاسیر کے نام کیا ہیں؟

جواب: علامہ نعیم الدین مراد آبادی رحمہ اللہ نے خزائن العرفان کے نام سے اور مولانا مفتی احمد یار خاں رحمہ اللہ نے نور العرفان کے نام سے تفسیری حواشی لکھے ہیں۔

سوال (۱۵) کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمہ اللہ نے جو تفسیر لکھی ہے اس کا نام کیا ہے؟

جواب: تفسیر ضیاء القرآن۔

سوال (۱۶) تفسیر نعیمی کے مؤلف کون ہیں؟

جواب: اس کی ابتدائی جلدیں مولانا مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمہ اللہ نے لکھی ہیں بعد کی جلدیں ان کے دو صاحبزادوں نے اسی طرز پر تحریر کی ہیں، ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے۔

سوال (۱۷) دورِ جدید کے فقہی مسائل پر سیر حاصل بحث، کس تفسیر میں کی گئی ہے جو کہ مستند بھی ہے؟

جواب: تفسیر تبیان القرآن مؤلفہ علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی۔

سوال (۱۸) ترجمہ عرفان القرآن کے مترجم کون ہیں اور ان کی تفسیر کا کیا نام ہے؟

جواب: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری۔ ان کی تفسیر منہاج القرآن کے نام سے لکھی گئی ہے۔

سوال (۱۹) ''التبیان'' کے نام سے لکھی گئی تفسیر کس مشہور و معروف عالم دین کی ہے؟

جواب: علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمہ اللہ۔

سوال (۲۰) ترجمۂ قرآن میں آسانی کے لیے قواعد و مسائلِ قرآنی پر مشتمل علامہ مفتی احمد یار خان صاحب رحمہ اللہ کی کتاب کا نام کیا ہے؟

جواب: علم القرآن۔

سوال (۲۱) ترجمۂ قرآن کی صلاحیت وشعور بیدار کرنے کے لیے علامہ ارشد القادری رحمہ اللہ نے کون سی کتاب تحریر فرمائی ہے؟

جواب: مصباح القرآن۔

سوال (۲۲) ترجمۂ کنزالایمان اور تفسیر خزائن العرفان پر تنقید کا لاجواب و مستند جواب کس عالم دین نے اپنی کس کتاب میں دیا؟

جواب: علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی نے اپنی کتاب ''توضیح البیان'' میں۔

سوال (۲۳) ترجمۂ کنزالایمان کا انگریزی زبان میں سب سے پہلے کس نے ترجمہ کیا؟

جواب: پروفیسر شاہ فرید الحق نے۔

سوال (۲۴) کنزالعرفان کے نام سے ترجمہ کس خاتون نے کیا ہے؟

جواب: سیدہ رقیہ بی بی۔ ان کی تحریر کردہ تفسیر کا نام تفسیرِ رقیہ ہے۔

سوال (۲۵) کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ''خلاصۃ التفاسیر'' کے نام سے کس عالم دین نے تفسیر لکھی ہے؟

جواب: مفتی خلیل خاں قادری برکاتی رحمہ اللہ۔

سوال (۲۶) علامہ عبدالمصطفیٰ اعظمی رحمہ اللہ نے قرآن سے متعلق کوئی کتاب لکھی ہے تو اس کا نام بتائیں؟

جواب: مسائل القرآن۔ اور عجائب القرآن مع غرائب القرآن۔

متفرق معلوماتِ قرآن

سوال (۱) قرآنِ مجید جس خط میں آج کل لکھا ہوا ہے وہ کیا کہلاتا ہے؟

جواب: خطِ نسخ۔

سوال (۲) قرآنِ پاک میں کن چار گمراہ فرقوں سے مباحثات ہوئے ہیں؟

جواب: یہود، نصاریٰ، مشرکین اور منافقین۔

سوال (۳) امریکہ کے اس خلائی جہاز کا نام کیا تھا جس کے ذریعے قرآن مجید کا ایک نسخہ چاند پر اتارا گیا تھا؟

جواب: اپالو ۱۵۔

سوال (۴) مکی آیات کی ابتداء عموماً کن الفاظ سے ہوتی ہے؟

جواب: یَا بَنِیْٓ اٰدَمَ اور یَا اَیُّهَا النَّاسُ سے۔

سوال (۵) برصغیر پاک و ہند میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے۔

سوال (۶) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن مجید کا سب سے بڑا قاری کس صحابی کو قرار دیا تھا؟

جواب: حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ۔

سوال (۷) پاکستان کی تاریخ میں ۱۱ مئی ۱۹۸۱ء کی تاریخ کس اہمیت کی حامل ہے؟

جواب: پاکستان میں سب سے پہلی مرتبہ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے صدر مملکت جنرل ضیاء الحق نے سورۂ فیل کی تلاوت کر کے اس کا ترجمہ سنایا۔

سوال (۸) اس بادشاہ کا نام کیا ہے جو ہر سال دو قرآن پاک اپنے ہاتھ سے لکھ کر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ بھیجا کرتا تھا؟

جواب: سلطان ابراہیم غزنوی۔

سوال (۹) کیا آپ اس مسلمان بادشاہ کا نام بتا سکتے ہیں جو اپنی گزر اوقات کے لیے قرآن مجید اپنے ہاتھ سے لکھ کر ہدیہ کیا کرتا تھا؟

جواب: سلطان ناصر الدین محمود۔

سوال (۱۰) خلاء میں قرآن پاک کی مکمل تلاوت کس سعودی شہزادے نے کون سے قمری مہینے میں کی تھی؟

جواب: شہزادہ سلیمان السعود نے رمضان المبارک میں کی۔

سوال (۱۱) اس خلائی شٹل کا نام کیا ہے جس میں قرآنِ مجید کی مکمل تلاوت ہوئی اور کس ملک نے خلاء میں بھیجا تھا؟

جواب: ڈسکوری (Discovery) امریکہ نے بھیجا تھا۔

سوال (۱۲) سکھ مذہب کی کس کتاب میں بار بار قرآن حکیم کا ذکر آیا ہے؟

جواب: گرنتھ صاحب۔

سوال (۱۳) قرآنِ حکیم کی کتنی اور کون سی سورتوں کے نام بغیر نقطے کے ہیں؟

جواب: گیارہ سورتیں ہیں (۱) ھود (۲) رعد (۳) طٰہٰ (۴) روم (۵) صٓ (۶) محمد (۷) طور (۸) ملک (۹) دھر (۱۰) اعلیٰ (۱۱) عصر۔

سوال (۱۴) قرآنِ حکیم میں نماز کا حکم تقریباً کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: سات سو مرتبہ۔

سوال (۱۵) وضو کرنے کا حکم کس سورت میں کہاں اور کس سن میں نازل ہوا؟

جواب: سن ۵ھ کو مدینہ منورہ میں سورۂ مائدہ میں۔

سوال (۱۶) کتنے مقامات پر قرآن مجید میں نماز اور زکوٰۃ کا حکم اکٹھا آیا ہے؟

جواب: بیس مقامات پر۔

سوال (۱۷) Quranic Foundation کے مؤلف کون ہیں؟

جواب: ڈاکٹر مولانا فضل الرحمٰن انصاری رحمہ اللہ۔

سوال (۱۸) ''علوم قرآن'' نامی کتاب کن عالم دین نے لکھی ہے؟

جواب: مولینا عبدالواجد قادری صاحب نے لکھی ہے (جسے شبیر برادرز لاہور نے شائع کیا ہے)

سوال (۱۹) قرآن حکیم کی تدوین (جمع کرنے) پر مبنی مدلّل کتاب ''آخری پیغام'' کے مصنف کون ہیں؟

جواب: مسعودِ ملّت پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد نور اللہ مرقدہ۔

سوال (۲۰) ''یٰٓاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا'' والی آیات پر مشتمل مقالہ جات کی کتاب کس نے تحریر کی ہے؟

جواب: علامہ سیّد سعادت علی قادری مدظلہ العالی نے۔

سوال (۲۱) الفاظِ قرآنی کی شرح پر مشتمل کوئی کتاب بتادیں۔

جواب: کنز العرفان فی شرح مفردات القرآن۔ علامہ محمد دین چشتی (مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد)

سوال (۲۲) چند مفید تفاسیر کے نام بتادیں؟

جواب: (۱) تفسیر امداد الدیان فی تفسیر القرآن۔ مولانا مفتی حشمت علی قادری (م ۱۹۶۱ء)

(۲) احسن البیان لتفسیر القرآن۔ علامہ عبدالمصطفیٰ الازہری (م ۱۹۸۹ء)

(۳) تفسیر حسنات۔ مولانا مفتی سید محمد احمد قادری (م ۱۹۸۰ء)

(۴) تفسیر نبوی۔ مولانا محمد نبی بخش حلوائی (م ۱۹۴۴ء)

(۵) فیوض الرحمان ۔علامہ فیض احمد اویسی رحمہ اللہ۔

(٦) نجوم الفرقان من تفسیر آیات القرآن ۔مولانا مفتی عبدالرزاق بتھرالوی مدظلہ۔

(۷) تفسیر انوارالقرآن ۔ پیر طریقت مولانا منظور احمد مدظلہ۔

(۸) انوار تبیان القرآن ۔علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ۔

(۹) تفسیر نیّر العرفان ۔ علامہ اللہ بخش نیّر مدظلہ۔

سوال (۲۳) قرآن مجید سمجھنے کے لئے آسان ترین کتاب کون سی ہے؟

جواب: روح القرآن مؤلّفہ محمد اشفاق رحمانی۔

(جس میں قرآنی الفاظ کے معانی، معلومات قرآن اور مختصر عربی گرامر کو جمع کردیا گیا ہے۔)

سند کی اہمیت

حضرت عبداللہ ابن مبارک رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ:

مَثَلُ الَّذِیْ یَطْلُبُ أَمْرَ دِیْنِہٖ بِلَا اِسْنَادٍ کَمَثَلِ الَّذِیْ یَرْتَقِیْ السَّطْحَ بِلَا سُلَّمٍ۔

''اس شخص کی مثال جو اپنے کسی امر دینی کو بلا اسناد طلب کرتا ہے اس کی طرح ہے جو سیڑھی کے بغیر چھت پر چڑھنے میں لگا ہو۔''

آپ کا ایک اور ارشاد ہے کہ:۔۔۔ بَیْنَنَا وَبَیْنَ الْقَوْمِ الْقَوَائِمُ: یَعْنِی الْاِسْنَادَ۔

''ہمارے اور دیگر لوگوں کے درمیان قابل اعتماد چیز اسناد ہے۔'' (فتح المغیث ومقدمۃ مسلم)

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ:۔۔۔مَثَلُ الَّذِیْ یَطْلُبُ الْحَدِیْثَ بِلَا اِسْنَادٍ کَمَثَلِ حَاطِبِ لَیْلٍ۔

''اس شخص کی مثال جو بلا سند حدیث کو طلب کرتا ہے اس کی مانند ہے جو اندھیری رات میں لکڑیاں تلاش کرتا ہے۔''

(مطلب یہ ہے کہ جو شخص اندھیری رات میں لکڑیاں تلاش کرتا ہے تو پھر ان لکڑیوں کے علاوہ دیگر چیزیں بھی اٹھالیتا ہے یعنی اندھیرے کی وجہ سے وہ امتیاز نہیں کرپاتا کہ میں لکڑیاں اٹھا رہا ہوں یا کوئی اور چیز۔ یہی مثال اس شخص کی ہے جو حدیث میں کلام کو خلط ملط کرکے پیش کرتا ہے)

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ:۔۔۔

اَلْاِسْنَادُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ فَاِذَا لَمْ یَکُنْ مَعَہٗ سِلَاحٌ فَبِاَیِّ شَیْئٍ یُقَاتِلُ۔

''اسناد مؤمن کا ہتھیار ہیں اگر اس کے پاس ہتھیار ہی نہیں ہوگا تو وہ کس چیز کی مدد سے لڑے گا۔'' (فتح المغیث)

حضرت حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔۔۔

مَا أَجْوَدَھَا لَوْ کَانَ لَھَا أَجْنِحَۃٌ یَعْنِی الْاَسَانِیْدَ۔

''کیا ہی اچھا ہوتا کہ ان احادیث کے پروباز و بھی ہوتے یعنی اسانید کے ساتھ ذکر کی جاتیں۔''

(فتح المغیث، المدینہ لائبریری، سی ڈی)

قرآن اور عقائد

سوال (۱) کیا ذاتی علمِ غیب اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو بھی حاصل ہے؟

جواب: جی نہیں۔

سوال (۲) کیا اللہ کے سوا کسی اور کے نام پر ذبح کرنے سے حلال جانور بھی حرام ہو جاتا ہے؟

جواب: جی ہاں!

سوال (۳) تعظیم و توقیرِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق قرآنِ پاک کی کوئی ایک آیت بتا دیں؟

جواب: لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۹ (الفتح ۴۸/۹)

''تاکہ تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر ایمان لاؤ اور ان کی مدد کرو اور ان کی تعظیم کرو اور اللہ کی پاکی صبح و شام بیان کرتے رہو۔''

سوال (۴) بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے آداب کس سورۂ مقدسہ کی ابتدا میں بیان کیے گئے ہیں؟

جواب: سورۃ الحجرات۔

سوال (۵) محبتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اصلِ ایمان بلکہ روحِ ایمان و اسلام ہے۔ کیا قرآن سے اس پر کوئی دلیل پیش کی جا سکتی ہے؟

جواب: قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ (التوبۃ ۹/ ۲۴)

''(اے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) آپ فرما دیں! اگر تمہارے باپ (دادا) اور تمہارے بیٹے (بیٹیاں) اور تمہارے بھائی (بہنیں) اور تمہاری بیویاں اور تمہارے (دیگر) رشتہ دار اور تمہارے اموال جو تم نے (محنت سے) کمائے اور تجارت و کاروبار جس کے نقصان سے تم ڈرتے رہتے ہو اور وہ مکانات جنہیں تم پسند کرتے ہو، تمہارے نزدیک اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) اور اس کی راہ میں جہاد سے زیادہ محبوب ہیں، تو پھر انتظار کرو، یہاں تک کہ اللہ اپنا

حکم (عذاب) لے آئے۔''

سوال (۶) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے ''حاضر و ناظر'' کے الفاظ استعمال کرنا کیسا ہے؟

جواب: حاضر کے معنی موجود ہونا اور جاننا ہے جبکہ ناظر کے معنی دیکھنے اور ادراک کرنے کے ہیں۔ قرآن و سنت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ''شاہد و شہید'' وغیرہ کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ جس سے مراد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے جسم بشری اور معروف تشخص کے ساتھ اپنی قبرِ انور میں جلوہ فرما ہیں۔ جبکہ اپنی نورانیت و روحانیت اور علمیت کے اعتبار سے ہر جگہ جلوہ گر ہیں۔ لہٰذا یہ الفاظ استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

چنانچہ قرآن پاک میں ہے۔

فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍۭ بِشَهِيدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيدًا ﴿۴۱﴾ (النساء ۴/۴۱)

''پھر اس دن کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں گے اور (اے حبیب!) ہم آپ کو ان سب پر گواہ لائیں گے۔''

يٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّآ أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا ﴿۴۵﴾ (الاحزاب ۳۳/۴۵)

''اے نبیٔ (مکرم!) بیشک ہم نے آپ کو (حق اور خَلق کا) مشاہدہ کرنے والا اور (حسنِ آخرت کی) خوشخبری دینے والا اور (عذابِ آخرت کا) ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے۔''

سوال (۷) کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کھڑے ہوکر درود و سلام پڑھا جاسکتا ہے؟

جواب: جی ہاں! قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے درود و سلام پڑھنے کا حکم دیا ہے إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿۵۶﴾ (الاحزاب ۳۳/۵۶)

''بیشک اللہ اور اس کے (سب) فرشتے نبیٔ (مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود بھیجتے رہتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم (بھی) اُن پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو۔''

اس میں کھڑے ہونے یا بیٹھنے وغیرہ کی کوئی پابندی نہیں لگائی۔ لہٰذا کھڑے، بیٹھے ہر طرح پڑھ سکتے ہیں۔

سوال (۸) کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ولادتِ مبارکہ سے پہلے بھی جانے پہچانے تھے اور لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے فتح و کامیابی کی دعائیں مانگا کرتے تھے؟

جواب: جی ہاں! قرآن پاک میں ہے کہ وہ (یہود و نصاریٰ) اس سے پہلے اس نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے۔ وَكَانُوا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ (البقرہ ۲/۸۹) ''حالانکہ اس سے پہلے وہ خود

(حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے) کافروں پر فتح یابی (کی دعا) مانگتے تھے۔'' دوسری جگہ ہے کہ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ (البقرہ ۲/ ۱۴۶) ''وہ اس رسول (محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اسی طرح پہچانتے ہیں جیسا کہ بلاشبہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔''

سوال (۹) کیا اللہ تعالیٰ انبیا علیہم السلام کو غیب کا علم عطا فرماتا ہے؟

جواب: جی ہاں! قرآن میں ہے: وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ (الِ عمران ۳/ ۱۷۹)

''اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ (اے عام لوگو!) تمہیں غیب پر مطلع فرما دے لیکن اللہ اپنے رسولوں سے جسے چاہے (غیب کے علم کے لیے) چن لیتا ہے۔''

دوسری جگہ ہے: عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖۤ اَحَدًا ۝۲۶ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ (الجن ۷۲/ ۲۶، ۲۷)

''(وہ) غیب کا جاننے والا ہے، پس وہ اپنے غیب پر کسی (عام شخص) کو مطلع نہیں فرماتا، سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔''

نیز ارشاد ہے: وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۝۲۴ (التکویر ۸۱/ ۲۴)

''اور وہ (یعنی نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) غیب (کے بتانے) پر بالکل بخیل نہیں ہیں۔''

سوال (۱۰) کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عام لوگوں کی طرح نام لے کر پکارنا جائز ہے؟

جواب: جی نہیں، اللہ تعالیٰ نے ایسا کرنے سے منع فرمایا ہے۔ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ (النور ۲۴/ ۶۳) ''(اے مسلمانو!) تم رسول کے بلانے کو آپس میں ایک دوسرے کو بلانے کی مثل قرار نہ دو۔'' اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝۴ (الحجرات ۴۹/ ۴) ''بیشک جو لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں سے اکثر (آپ کے بلند مقام اور تعظیم کی) سمجھ نہیں رکھتے۔''

سوال (۱۱) کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو باپ یا بھائی کہا جاسکتا ہے؟

جواب: جی نہیں۔ اللہ نے باپ کہنے سے منع فرمایا ہے تو بھائی کہنا خود منع ہوگا۔ قرآن میں ہے:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ (الاحزاب ۳۳/ ۴۰)

’’محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں۔ ہاں اللہ کے رسول ہیں۔‘‘

سوال (۱۲) کیا نبی اکرم ﷺ کے بعد کوئی نیا نبی آ سکتا ہے؟

جواب: جی نہیں، ایسا عقیدہ رکھنا کفر ہے۔ قرآن میں ہے۔ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ (الاحزاب ۳۳/۴۰) ’’محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں۔ ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سلسلۂ نبوت کو ختم کرنے والے ہیں۔‘‘

سوال (۱۳) کیا رسول اللہ ﷺ کی شانِ مبارکہ میں کسی قسم کی گستاخی کفر ہے؟

جواب: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ کی محبت و اطاعت شرطِ ایمان ہے لہٰذا ذرا سی گستاخی بھی انسان کو ایمان سے محروم کر دیتی ہے۔ قرآن میں آپ ﷺ کے لیے ذو معنی (دو متضاد معنی رکھنے والا) لفظ استعمال کرنا بھی منع قرار دیا گیا ہے۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا (البقرہ ۲/ ۱۰۴) ’’اے ایمان والو! (نبیٔ اکرم ﷺ کو) رَاعِنَا مت کہا کرو۔‘‘ آپ ﷺ کو تکلیف پہنچانے والوں کو عذاب کی وعید ہے۔ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۱﴾ (التوبۃ ۹/ ۶۱) ’’اور جو لوگ رسول اللہ (ﷺ) کو اذیت پہنچاتے ہیں، ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔‘‘ اونچی آواز سے بات تک آپ ﷺ کے سامنے منع قرار دے دی۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ (الحجرات ۴۹/ ۲) ’’اے ایمان والو! تم اپنی آوازوں کو نبیٔ مکرم (ﷺ) کی آواز سے بلند مت کیا کرو۔‘‘

سوال (۱۴) کیا اگر کسی چیز کو نبی اکرم ﷺ حرام قرار دے دیں تو وہ حرام ہوگئی؟

جواب: جی ہاں۔ قرآن مجید میں حکم ہے: وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (الحشر ۵۹/ ۷) ’’اور جو کچھ رسول تمہیں عطا فرمائیں سو اُسے لے لیا کرو، اور جس سے تمہیں منع فرمائیں سو (اُس سے) رک جایا کرو۔‘‘ اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں سے لڑنے کا حکم دیا ہے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی حرام کردہ شے کو حرام نہ مانیں۔ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ (التوبۃ ۹/ ۲۹) ’’(اے مسلمانو!) ان لوگوں کے ساتھ جنگ کرو جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں نہ یومِ آخرت پر اور نہ ان چیزوں کو حرام جانتے ہیں جنہیں اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) نے حرام قرار دیا ہے۔‘‘

چند اہم معلومات

سوال (۱) کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی نعمتیں عطا فرماتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔ اللہ کی عطا سے دیتے ہیں وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْهِ احزاب ۳۳/ ۳۷) ''اور (اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم!) یاد کیجیے جب آپ نے اس شخص سے فرمایا جس پر اللہ نے انعام فرمایا تھا اور اس پر آپ نے (بھی) انعام فرمایا تھا۔''

سوال (۲) کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ازواج مطہرات اہلِ بیت میں شامل ہیں؟

جواب: جی ہاں! اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے۔ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا ﴿۳۳﴾ (الاحزاب ۳۳/ ۳۳) ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے) اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل دور کردے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کردے۔''

سوال (۳) کیا اللہ کے نیک بندوں کی پیدائش یا وصال کا دن خاص اہمیت رکھتا ہے؟

جواب: جی ہاں! اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے ذکر میں ان دنوں کا خصوصاً تذکرہ فرمایا ہے۔ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ﴿۳۳﴾ (مریم ۱۹/ ۳۳) ''اور مجھ پر سلام ہو میرے میلاد کے دن، اور میری وفات کے دن، اور جس دن میں زندہ اٹھایا جاؤں گا۔''

سوال (۴) کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت مبارکہ پر خوشی منانا جائز ہے؟

جواب: جی ہاں! شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے ولادت کی خوشی منانا جائز ہے۔

قرآن میں نعمتوں کا چرچا کرنے اور اللہ کے احسان کو یاد رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے: وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾ (الضحیٰ ۹۳/ ۱۱) ''اور اپنے رب کی نعمتوں کا (خوب) تذکرہ کریں۔'' نیز ارشاد ہے: وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ (المائدہ ۵/ ۷) ''اور اللہ کی نعمت کو یاد کرو جو تم پر (کی گئی) ہے۔'' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے بڑی نعمت اور آپ کی تشریف آوری سے بڑا احسان کیا ہوسکتا ہے۔

سوال (۵) کیا اللہ نے کسی کو یہ قدرت عطا کی ہے کہ وہ مُردوں کو زندہ اور نابینا کو بینا کردے؟

جواب: جی ہاں! حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے حکم سے مُردوں کو زندہ اور نابینا کو بینا کرتے تھے۔ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِیْ بُیُوْتِكُمْ ۭ (الِ عمران ۳/ ۴۹) ''اور میں مادر زاد اندھے اور سفید داغ والے کو شفایاب کرتا ہوں اور میں اللہ کے حکم سے

مُردے کو زندہ کر دیتا ہوں، اور جو کچھ تم کھا کر آئے ہو اور جو کچھ تم اپنے گھروں میں جمع کرتے ہو میں تمہیں (وہ سب کچھ) بتا دیتا ہوں۔''

سوال (۶) کیا اللہ کے نیک بندے اللہ کے حکم سے دور اور نزدیک کی چیزیں ایک طرح سے دیکھ اور سن سکتے ہیں اور پکارنے والوں کی مدد کر سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔ برگزیدہ بندوں کی شان تو بہت بلند ہے۔ عام چرند پرند کے حواس بھی ہمارے حواس سے زیادہ قوی ہیں۔ چیل دور سے دیکھ لیتی ہے، جھینگر دور سے سن لیتا ہے۔ چیونٹی دور سے سونگھ لیتی ہے۔ قرآن میں تختِ بلقیس کا ذکر ہے کہ کتاب کا علم رکھنے والے ایک بندے نے پلک جھپکنے سے پہلے دربار میں پیش کر دیا۔ قَالَ الَّذِیْ عِنْدَہٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتٰبِ اَنَا اٰتِیْکَ بِہٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْکَ طَرْفُکَ ؕ (النمل ۲۷/ ۴۰) ''ایک ایسے شخص نے عرض کیا جس کے پاس (آسمانی) کتاب کا کچھ علم تھا کہ میں اسے آپ کے پاس لا سکتا ہوں اس سے پہلے کہ آپ کی نگاہ آپ کی طرف پلٹے (یعنی پلک جھپکنے سے پہلے)'' چیونٹی کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ کئی میل دور سے سلیمان علیہ السلام نے اس کی بات سنی اور اس پر مسکرائے۔ قَالَتْ نَمْلَۃٌ یّٰۤاَیُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰکِنَکُمْ ۚ لَا یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُہٗ ۙ وَهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِکًا مِّنْ قَوْلِهَا (النمل ۲۷/ ۱۹) ''ایک چیونٹی کہنے لگی: اے چیونٹیو! اپنی رہائش گاہوں (بلوں) میں داخل ہو جاؤ کہیں سلیمان (علیہ السلام) اور ان کے لشکر تمہیں کچل نہ دیں، اس حال میں کہ انہیں خبر بھی نہ ہو۔ تو وہ (سلیمان علیہ السلام) اس (چیونٹی) کی بات سے ہنسی کے ساتھ مسکرائے۔''

سوال (۷) تبرک کی بھی کوئی حقیقت ہے یا نہیں؟

جواب: اللہ کے برگزیدہ بندوں سے مس ہونے والی چیزیں بابرکت ہو جاتی ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام جس پتھر پر کھڑے ہو کر بیت اللہ کی تعمیر کرتے تھے اُسے جائے نماز بنانے کا اللہ نے حکم دیا۔ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّی ؕ (البقرہ ۲/ ۱۲۵) ''اور (حکم ہوا کہ) ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو مقامِ نماز بنا لو۔'' حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کے پیرہن، عصا، نعلین شریف والے صندوق کو فرشتے اٹھاتے تھے۔ وَقَالَ لَهُمْ نَبِیُّهُمْ اِنَّ اٰیَۃَ مُلْکِهٖۤ اَنْ یَّاْتِیَکُمُ التَّابُوْتُ فِیْهِ سَکِیْنَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَبَقِیَّۃٌ مِّمَّا تَرَکَ اٰلُ مُوْسٰی وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِکَۃُ ؕ (البقرہ ۲/ ۲۴۸) ''اور ان کے نبی نے ان سے فرمایا اس کی سلطنت کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس صندوق آئے گا اس میں تمہارے رب کی طرف سے سکونِ قلب کا سامان ہوگا اور کچھ آلِ

موسیٰ اور آلِ ہارون کے چھوڑے ہوئے تبرکات ہوں گے، اسے فرشتوں نے اٹھایا ہوا ہوگا۔''

سوال (۸) کیا قرآن کے ساتھ احادیثِ نبوی ﷺ کی پیروی ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! قرآن کی پہچان ہی احادیث سے ہوئی ہے اور احادیث، رسولِ پاک ﷺ کے قول، فعل اور تقریر کو کہتے ہیں، جن کے بارے میں قرآن نے تاکید کی ہے کہ آپ ﷺ کی پیروی کی جائے۔ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۝۶۵ (النساء ۴/ ۶۵) ''پس (اے حبیب ﷺ!) آپ کے رب کی قسم! یہ لوگ مسلمان نہیں ہوسکتے یہاں تک کہ وہ اپنے درمیان واقع ہونے والے ہر اختلاف میں آپ کو حاکم بنالیں، پھر اس فیصلہ سے جو آپ صادر فرمادیں اپنے دلوں میں کوئی تنگی نہ پائیں اور (آپ کے حکم کو) بخوشی پوری فرمانبرداری کے ساتھ قبول کرلیں۔'' وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۤ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ (الحشر ۵۹/ ۷) ''اور جو کچھ رسول تمہیں عطا فرمائیں سو اُسے لے لیا کرو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں سو اس سے رک جایا کرو۔''

سوال (۹) اگر کسی مسئلے کا حل قرآن وحدیث میں نہ ملے تو کیا اللہ تعالیٰ نے علما دین سے پوچھنے کا حکم دیا ہے؟

جواب: جی ہاں۔ جب مسئلہ واضح نہ ہو تو متقی علما سے رجوع کرنا چاہیے اس کا حکم ہے۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ (النساء ۴/ ۵۹) ''اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (ﷺ) کی اطاعت کرو اور اپنے میں سے (اہلِ حق) صاحبانِ امر (اہلِ علم) کی۔'' فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۝۴۳ۙ (النحل ۱۶/ ۴۳) ''سو تم اہلِ ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تمہیں خود (کچھ) معلوم نہ ہو۔''

سوال (۱۰) کیا آئمہ اربعہ میں سے کسی امام کی تقلید ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! زندگی کے کسی گوشہ میں تقلید کے بغیر چارہ نہیں۔ قرآن پاک میں ہے يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ۚ (بنی اسرائیل ۱۷/ ۷۱) ''وہ دن (یاد کریں) جب ہم لوگوں کے ہر طبقہ کو ان کے پیشوا کے ساتھ بلائیں گے۔'' سچوں کا ساتھ اختیار کرنے کی تعلیم دی ہے۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ۝۱۱۹ (التوبہ ۹/ ۱۱۹) ''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور سچوں کے ساتھ ہوجاؤ۔''

سوال (۱۱) کیا ایسی چیزیں جن کو شریعت نے حرام قرار نہیں دیا وہ بغیر دلیل کے حلال ہیں؟

جواب: جی ہاں، دلیل یہی ہے کہ وہ حرام نہیں بلکہ مباح ہیں۔ ایسی چیزوں کو حرام کہنا اپنی شریعت گھڑنے کے مترادف ہے۔ پاک وستھری چیزیں کھانے کی اجازت ہے۔ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۠ (النحل ۱۶/ ۱۱۴)

’’پس جو حلال اور پاکیزہ رزق تمہیں اللہ نے بخشا ہے، تم اس میں سے کھایا کرو۔‘‘ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ (البقرہ ۲ /۱۷۲) ’’اے ایمان والو! ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں عطا کی ہیں۔‘‘

سوال (۱۲) گیارہویں، عرس اور ایصال ثواب وغیرہ کے لیے جو حلال جانور ذبح کیا جائے اسے کھا سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں! جو حلال ذبیحہ اللہ کا نام لے کر ذبح کیا گیا اس کا کھانا جائز ہے۔ اسی طرح کھانے پینے کی وہ چیزیں جن پر اللہ کا نام لیا گیا، قرآن پڑھا گیا، ان کا بہت ثواب ہے۔ گیارہویں، بارہویں یا عرس وغیرہ میں سب کچھ اللہ کی رضا کے لیے کیا جاتا ہے۔ ہاں اس نیک عمل کا ثواب ہدیۃً بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کرتے ہیں، یا وہ ثواب حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ یا کسی بھی مسلمان کی روح کو بخش دیا جاتا ہے۔ جو جائز عمل ہے۔ ایسے کھانے کو حرام و شرک کہنا خود قرآن کے خلاف ہے۔ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَیْكُمْ (الانعام ۶ / ۱۱۹) ’’اور تمہیں کیا ہے کہ تم اس (حلال ذبیحہ) سے نہیں کھاتے جس پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیا گیا ہے۔ حالانکہ اس نے تمہارے لیے ان (تمام) چیزوں کو تفصیلاً بیان کر دیا ہے جو اس نے تم پر حرام کی ہیں۔‘‘

سوال (۱۳) کیا اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو غیر محرم مردوں سے پردہ کرنے کا حکم دیا ہے؟

جواب: جی ہاں۔ کیونکہ اس میں مرد کی حفاظت بھی ہے اور عورت کی بھی۔ پھر معاشرے کی بھی حفاظت ہے۔ اللہ نے قرآن میں پردے کی سخت تاکید فرمائی ہے۔ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَیَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْیَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُیُوْبِهِنَّ .... الخ (النور ۲۴ /۳۱) ’’اور آپ مومن عورتوں سے فرما دیں کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں، اور اپنی آرائش و زیبائش کو ظاہر نہ کریں۔ سوائے (اسی حصہ) کے جو اس میں سے خود ظاہر ہوتا ہے، اور وہ اپنے سروں پر اوڑھے ہوئے دوپٹے (اور چادریں) اپنے گریبانوں اور سینوں پر (بھی) ڈالے رہا کریں۔‘‘ نیز ارشاد ہے: یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ (الاحزاب ۳۳ /۵۹) ’’اے نبی! اپنی بیویوں اور اپنی صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دیں کہ اپنی چادریں اپنے اوپر اوڑھ لیا کریں۔‘‘

سوال (۱۴) کیا کفار و مشرکین کو اپنا ہمدرد جان کر ان سے دوستی رکھنا جائز ہے؟

جواب: جی نہیں۔ سچی دوستی فکر ونظر سے تعلق رکھتی ہے۔ اللہ نے ایسی دوستی سے منع فرمایا ہے۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّکُمْ اَوْلِیَآءَ (الممتحنہ ۶۰/۱)

''اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ۔''

سوال (۱۵) کیا اللہ تعالیٰ نے والدین کی فرمانبرداری اور ان کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا ہے؟

جواب: جی ہاں! بڑھاپے میں انہیں اُف تک کہنا بھی جرم قرار دیا ہے۔ وَقَضٰی رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِیَّاہُ وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا یَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُھُمَآ اَوْ كِلٰھُمَا فَلَا تَقُلْ لَّھُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْھَرْھُمَا وَقُلْ لَّھُمَا قَوْلًا كَرِیْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَھُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْھُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ﴿۲۴﴾

(بنی اسرائیل ۱۷/ ۲۳، ۲۴)

''اور آپ کے رب نے حکم فرما دیا ہے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو اور والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کیا کرو، اگر تمہارے سامنے دونوں میں سے کوئی ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں ''اُف'' بھی نہ کہو اور انہیں جھڑکنا بھی نہیں، اور ان دونوں کے ساتھ بڑے ادب سے بات کیا کرو اور ان دونوں کے لیے نرم دلی سے عجز و انکساری کے بازو جھکائے رکھو اور (اللہ سے) عرض کرتے رہو اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما جیسا کہ انہوں نے بچپن میں مجھے (شفقت) سے پالا تھا۔''

رزق میں کمی کے اسباب سے بچو

ننگے سونا، بے حیائی سے پیشاب کرنا، پہلو کے بل ٹیک لگا کر کھانا، دسترخوان پر گرے ہوئے روٹی کے ٹکڑے وغیرہ اٹھانے میں سستی کرنا، پیاز اور لہسن کے چھلکے جلانا، گھر میں رومال سے جھاڑو دینا، رات کو جھاڑو دینا، کوڑا گھر ہی میں چھوڑ دینا، مشائخ کے آگے چلنا، ماں باپ کو انکے نام سے پکارنا، کسی بھی گری پڑی چیز سے دانتوں کا خلال کرنا، ہاتھوں کو گارے یا مٹی سے دھونا، چوکھٹ پر بیٹھنا، دروازے کے ایک حصے سے ٹیک لگا کر کھڑے ہونا، بیت الخلا میں وضو کرنا، بدن ہی پر کپڑے وغیرہ سی لینا، چہرے کو لباس ہی سے خشک کر لینا، گھر میں مکڑی کے جالوں کو لگا رہنے دینا، نماز میں سستی کرنا، نماز فجر کے بعد مسجد سے نکلنے میں جلدی کرنا، صبح سویرے بازار جانا، دیر گئے بازار سے آنا، فقیروں کی مانگی ہوئی روٹیاں خریدنا، اپنی اولاد کے لیے بددعا کرنا، کھانے کے برتن کو صاف نہ کرنا، چراغ کو پھونک مار کر بجھا دینا، یہ تمام چیزیں فقر ومحتاجی پیدا کرتی ہیں، نیز یہ ساری باتیں مختلف احادیث سے ماخوذ ہیں۔ اسی طرح چند امور اور بھی ہیں جو فقر ومحتاجی کا سبب بنتے ہیں، جیسے ٹوٹے ہوئے قلم کو پھر دوبارہ باندھ کر لکھنا، ٹوٹے ہوئے کنگھے کا استعمال کرنا، والدین کے لیے دعائے خیر کو چھوڑ دینا، عمامہ بیٹھ کر باندھنا، شلوار کو کھڑے ہو کر پہننا، بخل کرنا، کنجوسی کرنا، سستی وکاہلی کرنا، نیک اعمال میں ٹال مٹول کرنا۔ (راہِ علم ترجمہ تَعْلِیْمُ الْمُتَعَلِّمِ طَرِیْقَ التَّعَلُّمِ ص ۱۰۳۔ ۱۰۴، مکتبۃ المدینہ کراچی)